لارڈ ڈفرن صاحب کی قبل از وقت روانگی سے جو افسوس ہوا ہے جو اسیقدر صحیح ہے جسقدر ملک مین پھیلا ہوا ہے اور جب ہم یہ کہتے ہین کہ حضور ممدوح اور جناب لیڈی ڈفرن صاحبہ ہندوستان کی لکھوکھا رعایا کی عمدہ خواہشین اور دلی شکر گزاری اپنے ہمراہ لیے جاتے ہین تو ہم صرف عوام کے خیال کا اظہار کر رہے ہین۔

سوانح عمری لارڈ ڈفرن صاحب بہادر بالقابہ

دی رائٹ آنریبل سر فریڈرک ٹیمپل ہملٹن ٹیمپل بلیک ووڈ۔ کے پی۔ جی سی بی۔ جی سی ایم جی۔ جی ایم ایس آئی۔ جی ایم آئی ای۔ پی سی۔ مارکوئیس آف ڈفرن اینڈ ارل آف اوا وغیرہ وغیرہ سابق گورنر جنرل کناڈا گورنر جنرل اور ویسرائے حال کشور ہند ۲۱ جون ۱۸۲۶ء مین بمقام فلورنس پیدا ہوئے حضور ممدوح پرائس چہارم بیرن ڈفرن کے اکیلے صاحبزادے تھے انکی والدہ ماجدہ ہیلن سیلینا جو بعد ازان کونٹس گفورڈ کے لقب سے ملقب ہوئین ٹامس شیریڈن کی سب سے بڑی صاحبزادی تھین اور اپنی علمی قابلیت کے سبب اور نیز بطور مصنفہ راگ کے مشہور تھین۔ اِنکے تصنیف کیے ہوئے خاص راگ یہ ہین وہ "دی آئرش امی گرانٹ"۔ "کیٹیز لیٹر" — "ٹیرنس فیر ول ٹو کیتھلین"۔ اور "چارمنگ وومن"۔

لارڈ ڈفرن صاحب نے اکسفورڈ کے مدرسۂ ایٹن اور کرائسٹ چرچ کالج مین تعلیم پائی اور بحالتِ نابالغی جولائی ۱۸۴۱ء مین اپنے والد بزرگوار کے خطاب کے جانشین ہوئے۔ لارڈ جان رسل کے اوّل عہد حکومت کے زمانہ مین جناب ملکہ معظمہ کے عرض بیگی تھے اور بعد ازان ۱۸۵۴ء-۱۸۵۸ء تک حضور ممدوح نے آئرش قحط سالی مین جنوبی آئرلینڈ کا معائنہ کیا اور ایک کتاب موسومہ "آئرش قحط سالی مین اکسفورڈ سے اسکبرن تک سفر کا حال" شائع کی۔ ۱۸۵۶ء مین

انگریزی بیرن مقرر کیے گئے اور بطور موروثی پیر ہوس آف لارڈ مین نشست کرنے لگے۔ موروثی خطاب لارڈ کلین ڈی بائے تھا۔

لارڈ ڈفرن نے مسئلہ اراضی کے پیچیدہ مسائل ۔ زمیندار اور اسامی کے تعلقات و مسئلہ آئرش ترک وطن پر اوائل عمر سے ہی غور کرنا شروع کیا اور بعد ازان پبلک اور پارلیمنٹ کی اسپیچون اور ریم فلٹون اور خطوط سے جو ٹائمس مین شائع ہوئے عوام حضور ممدوح کو ان مضامین کے لیے اہل الرائے تصور کرنے لگے حضور ہز اکسلنسی کے تصانیف وہ "آئرش ترک وطنی اور مسئلہ اراضی آئرلینڈ" "مسٹر مل کی تجویز آئرلینڈ کی مصالحت مین" "آئرلینڈ کی حالت کی تحقیقات" ان مضامین کے علم ادب کے لیے جب وہ زیر بحث تھے ایک قیمتی اعانت خیال کی گئی تھی

سنہ ۱۸۵۵ء مین لارڈ جان رسل نے لارڈ ڈفرن کو اتاچی سفیر کے عہدے قبول کرنے کو کہا جبکہ اس سال ویانا کو انکی مشہور سفارت روانہ ہونے والی تھی۔ سنہ ۱۸۵۶ء مین ایک کشتی مین آئس لینڈ کی جانب بحری سفر کیا اور اسکی وجہ سے ایک دلچسپ کتاب موسومہ "لٹرس فرام ہائی لیٹیٹیوڈ" شائع کی جو اسوقت نہایت مشہور ہے

سنہ ۱۸۶۰ء مین لارڈ پامرسٹن نے جو اسوقت وزیر اعظم تھے انکو اس کمیشن کا برٹش قائم مقام مقرر کیا جبکو یوروپ کے دول عظام نے شام کے عیسائیون کے قتل کے معاملہ مین تحقیقات کرنے کے لیے مقرر کیا تھا اس کام کو اسقدر دوراندیشی اور استقلال کے ساتھ انجام دیا کہ واپس آنے پر انکو کے سی بی کا خطاب ملا۔

سنہ ۱۸۶۱ء مین جناب ملکہ معظمہ کے شوہر عالی تبار کی وفات سے جو نقصان سلطنت برطانیہ کو پہونچا اسکا نعم البدل دشوار ہے اسوقت تخت شاہی کی جانب سے ہر مجسٹی نے جو اسپیچ دی اسکے جواب مین جو ایڈریس ہوس آف لارڈ کی

جانب سے دی گئی اُسکی تحریک کا کام لارڈ ڈفرن کے سپرد ہوا جسکو لارڈ ممدوح نے نہایت قابل تعریف طریقہ سے انجام دیا۔

مرحوم آرچی بالڈ۔ آر ہملٹن رئیس کلی لیتھ کاسل واقع کونٹی ڈاؤن کی سب سے بڑی بیٹی ہیریٹ سے ۱۸۶۲ء مین لارڈ ڈفرن صاحب نے شادی کی ۱۸۶۳ء مین نائٹ آف سینٹ پیٹرپیٹرک کا خطاب ملا اور ۱۸۶۴ء مین کونٹی ڈاؤن کے لارڈ لفٹننٹ مقرر ہوئے نومبر ۱۸۶۴ء سے فروری ۱۸۶۶ء تک انڈر سکرٹری اسٹیٹ ہند کے عہدہ کا کام انجام دیا اور اُس تاریخ سے جون آئندہ تک انڈر سکرٹری جنگ کا۔ ۱۸۶۸ء مین جب مسٹر گلیڈ اسٹون وزیر اعظم ہوئے تو لارڈ ڈفرن ڈچی آف لنکاسٹر کے چینسلر اور پے ماسٹر جنرل مقرر ہوئے اور پریوی کونسل کے ممبر بھی کیے گیے۔ ۱۸۷۱ء مین سلطنت متحدہ کے ارل مقرر ہوے۔

۱۸۷۲ء مین جب مسٹر گلیڈ اسٹون وزیر اعظم تھے تو گورنمنٹ نے انکو کناڈا کا گورنر جنرل مقرر کیا اور اِس عہدے مین حضور ممدوح کو اپنے عمدہ صفات کے ظاہر کرنے کا پورا موقع حاصل ہوا۔

آئرلینڈ کے باشندے برسون سے حضور ممدوح سے واقف ہین اور قدردانی کرتے ہین بلکہ آئرش شریف کا ایک پورا نمونہ خیال کرتے ہین اِس بات کا اکثر افسوس ظاہر کیا گیا ہے کہ ہز اکسلنسی آئرلینڈ کے لارڈ لفٹننٹ مقرر نہوے کیونکہ حضور ممدوح کو بطور آئرش لارڈ کے باشندگان آئرلینڈ عزیز ہی نہین رکھتے ہین بلکہ یہ بھی جانتے ہین کہ حضور لارڈ ڈفرن آئرش معاملات سے بھی بخوبی واقف ہین۔ لارڈ ڈفرن کناڈا کے گورنر جنرل اُسوقت مقرر ہوے جبکہ اُن تکلیف دہ اور مشکل مسائل کی وجہ سے

جنکا انگلستان اور اُس ملک کی حالت پر بہت بڑا اثر پڑ رہا تھا یہ ضرورت ہوئی
کہ اِس نو آبادی کے انتظام کے واسطے ایک ایسا مدبر بھیجا جاوے جسکی
حکمت عملی عاقبت اندیش ہو لیکن ہمارا روانہ ہو شائستہ ہو مگر مستحکم کنا ڈا
روانہ ہونے کے قبل لارڈ اور لیڈی ڈفرن کی مقام بیلفاسٹ مین دعوت کی گئی
جس سے ظاہر ہوا کہ آپ کی کسقدر قدر و منزلت تھی۔ اِس دعوت مین تمام فریق
اور مذاہب کی خواتین و شرفا شریک تھے۔ جو اسپیچ لارڈ ڈفرن نے
اُس موقع پر دی تھی اُس سے ظاہر ہوتا ہے کہ حضور ممدوح کو کناڈا اور
اُسکے ذرائع سے کسقدر آگاہی تھی اور جو صرف اُسی شخص کو ہو سکتی ہے جسنے
اِس مسئلہ پر خاصکر غور کیا ہو۔ یہ امر کہ لارڈ ڈفرن کو تمام اشخاص محبت اور
عزت سے دیکھتے تھے اُن ایڈریسون کے پُرجوش کلمات سے ظاہر ہو سکتا ہے
جو مختلف جغراتی اور دیگر علمی انسٹیٹیوشنون نے پیش کیے۔ لارڈ ڈفرن نے
جو خدمت عظیم آئرلینڈ کی سرسبزی کے واسطے جبکہ ۱۸۶۸ء مین مسٹر گلیڈسٹون
وزیر اعظم مقرر ہوے اور چرچ اور اراضی کی اصلاحات جنکے ساتھ اُنکا
نام ملحق ہے ملک مین کی۔ اِس سے ظاہر ہو سکتا ہے کہ یہ پورے وطن دوست تھے
دیرہ اکسلنسیز کو جو دعوت دی گئی اُسمین ڈیری اور گرد و نواح کے شرفا
شریک ہوے اور اہل شہر کی جانب سے میرا اور کارپوریشن نے ایڈریس پیش کیے
اِس مقام سے ایلین دُخانی جہاز موسومہ ”پرشیا“ پر ۱۳۔ جون کو روانہ ہوے
اور ۲۵۔ جون ۱۸۷۲ء کی صبح کو بمقام کوبیک وارد ہوے۔

کوبیک کے مقام پر وزیر اعظم اور دیگر اعلیٰ حکام نے حضور ممدوحین کا استقبال
کیا اور اُس روز کناڈا کی گورنر جنرلی کا حلف لیا گیا جسکو چیف جسٹس نے
دلایا۔ کوبیک کے شہریون اور کارپوریشن کی جانب سے اور نیز جلسہ

تجارت وغیرہ کی جانب سے خیر مقدم کی ایڈریسین پیش ہوئین -

اخبارات نے اِس ضرورت پر زور دیا کہ سلطنت کناڈا کے ہر ایک حصہ کا معائنہ کرین اور عوام کے پبلک جشن و جلسہ مین شریک ہون اور پبلک کی تفریحات مین دلچسپی ظاہر کرین اور صرف ایک اعلیٰ افسر کے طور پر آمدورفت پر ہی قانع نہون اور سلطنت کے بڑی خفیہ طاقت اور دولت کی ترقی دینے کے کامون کی کچھ پروانہ کرین - لارڈ ڈفرن نے صرف اِن مشورون ہی پر عمل نہین کیا بلکہ اِس سے زیادہ کام کیے سلطنت کے تقریباً تمام بڑے بڑے مقامات اور شہرون کا معائنہ کیا - تمام پبلک اور مفید تحریکون مین دلچسپی ظاہر کی - ہر مقام پر والنٹیر فوج کا معائنہ کیا اور ہر قوم کے آدمیون سے نہایت آزادی کے ساتھ ملے اور اِس طریقہ سے کناڈا اور اُسکے باشندون سے ایک بہت بڑی واقفیت پیدا کی - ویر اکسلنسی نے قیام کوبیک کے زمانہ مین بہت سے لیوی - دربار - دعوت - ناچ وغیرہ بڑی دھوم دھام سے کیے اور پبلک انسٹیٹیوشن - تعلیمی - مذہبی اور خیراتی کالجون کو معائنہ کیا جس سے اِس مشہور شہر قدیم کے زمانۂ گذشتہ کی شان وشوکت مین از سر نو جان پڑگئی ویر اکسلنسی کو اُن مختلف اطلاعون کے حاصل ہونے کے مواقع حاصل ہوے جو ہر ایک حکمران ملک کے واسطے نہایت ہی ضروری ہین جسکو لکھو کھا آدمیون کی تقدیر سپرد کیجاتی ہے -

مذہبی معاملات مین رومن کیتھولک اور پروٹسٹنٹ انسٹیٹیوشنون کے معائنہ کرنے اور اُنکے حقوق کی حفاظت اور تعظیم وتکریم اور اُنکے ساتھ علی التساوی اعزاز سے ملنے اور یکسان برتاؤ اور توقیر کرنے سے لارڈ ڈفرن کی بے تعصبی اور انصاف پسندی ظاہر ہوتی ہے -

جون ۱۸۷۸ء مین ہز اکسلنسی نے ہارورڈ یونیورسٹی کا معائنہ کیا اور اُسوقت آپ کو ڈاکٹر آف لاز کی انریری ڈگری عطا کی گئی۔

کناڈا سے روانہ ہونے کے قبل لارڈ اور لیڈی ڈفرن صاحبہ کو ایڈریسین پیش کی گئین جسمین بیشمار فوائد جو ملک کو حضور ممدوحین کے قیام سے حاصل ہوئے تھے بیان کیے گئے تھے۔

۱۹- اکتوبر ۱۸۷۸ء کو لارڈ ڈفرن صاحب کناڈا سے روانہ ہوے اور اُنکے بجاے عہدۂ وایسرائی پر مارکوئیس آف لورن مقرر ہوے۔

مئی ۱۸۷۸ء مین جیاگریفکل سوسائٹی کے پریسیڈنٹ منتخب ہوے اور آیندہ ماہ مین ہارورڈ یونیورسٹی کے جلسۂ یادگار مین تشریف لائے اور اُسوقت ایل ایل ڈی کی انریری ڈگری عطا ہوئی اور جنوری ۱۸۷۹ء مین اسی قسم کی ڈگری یونیورسٹی ڈبلن نے عطا کی اور آیندہ جون مین یونیورسٹی اکسفورڈ نے ڈی سی ایل کی ڈگری عطا کی فروری ۱۸۷۹ء مین لارڈ اگسٹس لافٹس کی جگہ جناب ملکہ معظمہ کے سفیر سینٹ پیٹرسبرگ مقرر ہوے۔ مئی ۱۸۸۱ء مین سلطنت عثمانیہ کے واسطے بمقام قسطنطنیہ سفیر مقرر ہوے ۱۸۸۲ء کی مصری مہم کی بابت جو فوجی عہدنامہ ٹرکی سے ہوا اُسکی خط کتابت مین نہایت ہی سفارتی قابلیت ظاہر کی۔ انگریزی افواج کو تل الکبیر پر فتح یابی حاصل ہونے کی وجہ سے یہ کام ختم ہو گیا اور مجوزہ عہدنامہ پر دستخط نہین ہوے اکتوبر ۱۸۸۲ء مین لارڈ ڈفرن کو جناب ملکہ معظمہ کی گورنمنٹ نے یہ ہدایت کی کہ وہ قاہرہ تشریف لیجادین اور وہان مصر کے ساتھ انگریزی تعلقات اور نیز اُن تعلقات کے جو عربی پاشا کی بغاوت سے پیدا ہو گئے ہین غور کرین۔ اپریل ۱۸۸۳ء مین مصر سے روانہ ہوے اور اِس سال جی سی بی کا خطاب ملا۔

۱۸۸۴ء مین لارڈ ڈفرن ہندوستان کے وایسرائے اور گورنر جنرل
مقرر ہوئے اور ۸۔ دسمبر کو دخانی جہاز تسمانیہ پر مع کونٹس آف ڈفرن۔
لیڈی ہلین بلیک وڈ۔ مس ٹاین۔ سر ڈی ایم ولیس۔ کے سی
ای آئی میجر کوپر اور دیگر ممبران اسٹاف کے بمقام بمبئی وارد ہوئے اور
اسی مہینہ کی ۱۳۔ تاریخ کو کلکتہ مین تشریف لائے اور اسی روز عنان سلطنت
اپنے ہاتھ مین لی۔

نمبر ۱

جواب ایڈریس میونسپل کارپوریشن بمبئی

۸ - دسمبر ۱۸۸۴ء

صاحب صدر نشین و دیگر صاحبان - آپ نے اِس متمول اور مشہور شہر کے باشندون کی طرف سے اپنے ایڈریس مین جن خیر مقدم اور عنایت کے الفاظ مین مجھے یاد کیا ہے اُس سے بڑھکر سلطنت کا کوئی خدمت گزار ہندوستان مین وارد ہوتے وقت آرزو نہین رکھ سکتا اور آپ نے جو دلکش تصویر اُس اعلیٰ عہدہ کے موثرون فرائض اور ذمہ داریون کی کھینچی ہے جسکو مین عنقریب اختیار کرنے والا ہون وہ مجھے کافی اور عمدہ طرح پر غور کرنے کا بخوبی سامان دیگی آپ میرے بعض متقدمین کے ساتھ جبکہ وہ اِس ملک مین اپنی حکومت کے آستانہ پر آکر کھڑے ہوے جیسا کہ آج مین کھڑا ہون بلا خبر اِس بات کے کہ مقدر مین اُنکے لیے برائی ہے یا نیکی اِسی خلق و مروت کے ساتھ پیش آئے یہ نامور اشخاص اپنے خیالات - اپنی طبیعتون اپنی لیاقتون اور اپنی ذہنی خصوصیتون مین ایک دوسرے سے بالکل مختلف تھے - لیکن ایک خوبی اِنمین عام تھی اور وہ یہ تھی کہ وہ فرض کی خوش آیند اور روح کو حرکت دینے والی آواز پر اپنے آرام صحت اور فرصت بلکہ جیسا کہ بعضون نے کیا ہے اپنی زندگی کو قربان کر دینے کا مستقل اور مصمم ارادہ رکھتے تھے (سنو سنو اور نعرۂ خوشی) یہی خوبی تھی جسنے گورنمنٹ ہند کے دل پر اُسکے آغاز کے زمانہ سے آج کے دن تک مقصد اور ارادہ کی بلندی اور اُسکے عمل مین

لانے کی جرأت اور حوصلہ کو نقش کردیا اور جسکی میرے خیال مین دنیا کی تاریخ
مین کوئی مثال نہین (نعرۂ خوشی) اگرچہ مین اُن منتظمون سے جو مجھسے پہلے تھے
اپنا مقابلہ نہین کرتا لیکن کم ازکم مین اسقدر بھروسہ کرتا ہون کہ اِس اخیر بات مین
مین اپنے تئین اُنکے مساوی ہی ثابت کرونگا۔ اور جان نثاری اور اطاعت کے
اُس عمدہ دستور العمل کو جو بہادرانہ مثالون نے اور سب سے بڑھکر آپ کے موجود
اور ممتاز ویسیرائے نے قائم کیا ہے بے کم وکاست قائم رکھونگا (زور سے
نعرۂ خوشی) میرے آئندہ انتظام حکومت پر مناسب طور سے کچھ ہی نکتہ چینی
کیجائے مگر اِس بات کا دعویٰ کرنے کی کسی کو طاقت نہ ہوگی کہ خوف یا رعایت یا
کسی ذاتی خیال کے سبب سے مین نے اپنا رخ اُس راستہ سے پھیر لیا جو اُن کرورون
لوگون کی جنکو میری حفاظت مین رکھا گیا ہے (نعرۂ خوشی) آسایش اور اُس
زبردست سلطنت کے جسمین یہ بڑی مملکت شامل ہے (پھر نعرۂ خوشی) رتبہ۔
عزت اور سلامتی کے لیے سب سے زیادہ فائدہ بخش راستہ تھا (پھر نعرۂ خوشی)
اگرچہ مین اسوقت اِس ملک کی بیشمار اقوام کی دیسی رسم ورواج اور اُنکی قدیم
تہذیب سے قدرے قلیل واقف ہون مگر مین امید کرتا ہون کہ مین آپ کے
ہر ایک صوبہ کے مرکز مین ایسے یورپین اور دیسی مشیرون اور صلاح کارون سے
ملونگا جنکا تجربہ مجھے اِس قابل کریگا کہ مین اِس کام کو جو مین نے اپنے ذمہ
لیا ہے کامیابی کے ساتھ انجام دے سکون اور ایسی واقفیت کے لیے جسکی
مجھکو ضرورت ہے اِن لوگون کی جماعت سے بڑھکر کسی دوسری جماعت سے زیادہ
فائدہ کے ساتھ مخاطب نہین ہوسکتا جو فی الحال جماعت بمبئی کے قائم مقام ہین جنکی
محنت اور اولوالعزمی اور عقلمندی نے ایک ایسا شہر قائم کیا ہے جو اپنی سرسبزی و تمدن مین
کسی اُس دارالخلافت سے کم نہین جسکو خلفائے عباسیہ یا مغلیہ شہنشاہون نے آباد کیا تھا اگرمیری

گورنمنٹ کو آپ کی ترقی بہبود - ترغیب تجارت - زیادتی امن و امان توسیع ذریعۂ میونسپل جیتی و چالاکی کا موزون موقع ملا تو آپ یقین رکھین کہ میری خاص خواہش یہی ہوگی کہ مین اُنپر کامل التفات کرون (نعرۂ خوشی) بہرحال مین ہمیشہ ممنونی اور شکوری کے ساتھ یاد رکھونگا کہ آپ نے میرے داخلۂ ہند پر کیسے موزون کلمات سے ثابت کیا کہ مین ایک ایسے مقام پر آیا ہون جو نہایت تعلیم یافتہ اور دلکش اسوجہ سے ہے کہ یہان میرے ساتھ بہت سے کام کرنے والے خیرخواہ اور دوست ہین (زور سے دیر تک نعرۂ خوشی)

نمبر ۲

جواب اڈریس احمدآباد ایسوسی ایشن

۹ - دسمبر ۱۸۸۴ء

جنٹلمین - آپ کے اڈریس خیرمقدم کا مین نہایت شکرگزار ہون مجھے کمال شکوری ہے کہ ہند کے ایک نہایت ہی قدیم شہر کے باشندون نے میرے داخلہ کے وقت مہربانی اور محبت کے کلمات بیان کیے آپ نے جناب ملکۂ قیصرہ کے عمیق خیال بہبود رعایاے ہند کا جو ذکر کیا وہ بالکل صحیح ہے اُس ملک مین کوئی ایسی بات نہین ہے جسکو ہماری مہربان ملکہ غور کے ساتھ نہین دیکھتین ہندوستان آنے سے پہلے مین جب جناب ممدوحہ کی حضوری مین طلب ہوا تو مجھے حکم ملا کہ حتی المقدور کوشش کر کے ہماری مشرقی سلطنت کی تمام قومون اور فرقون کی خوشی و خرمی مین ترقی دون مین یہ دیکھکر کمال خوش ہوا کہ اہل ہند نے ویسرائے حال کی نسبت کیسے خیرخواہانہ اور مودبانہ کلمات بیان کیے جنکے فائدہ رسان انتظام کو یہ ممنون اشخاص مدت تک یاد رکھینگے اور میرا یہ نہایت دلچسپ کام ہوگا کہ ہز اکسلنسی نے آپ لوگون مین جو میونسپل صیغہ کی کارروائیان قائم کی ہین اُنکو مین دیکھتا رہون اور ہمیشہ

آپ کی زراعتی اور تجارتی سرسبزی پر خیال رکھون آخر مین آپ کا شکریہ
اِن عمدہ کلمات کا جنسے آپ کا اڈریس مشتمل ہے اور اُس خیرخواہانہ ارادہ کا جو
اِس ملک کے آیندہ قائم مقام تاج کے حق مین ظاہر کیا ہے شکریہ ادا کرتا ہون -

نمبر ۳

جواب اڈریس جلسۂ تجارت بمبئی

۹ - دسمبر ۱۸۷۵ء

مسٹر پریسیڈنٹ اور جنٹلمین - مین اُن مہربانی کے کلمات خیرمقدم اور اطمینان کا جنکو مین نے ابھی سُنا ہے اور اُن مشورون کا جو آپ نے ترقی تجارت اور صنعت و حرفت کے بارہ مین بیان کیے ہین جنسے آپ کے عظیم الشان شہر کو بہت کچھ تعلق ہے شکریہ ادا کرتا ہون مجکو اِس امر کے کہنے کی کوئی ضرورت نہین کہ مین آپ کی تمام خواہشون سے ہمدردی کرتا ہون جو ملک کے قدرتی ذرایع کے لیے زیادہ تر ترقی دینے کے بارہ مین تھا مین میری ہمیشہ یہی کوشش ہوگی کہ حتی المقدور تمام عمدہ اور کارآمد تجویزون مین جو آپ چاہتے ہین مدد دون انگلستان سے روانہ ہونے کے پہلے مجھے لائق اشخاص کے خیالات ہندوستان مین توسیع ریلوے کی نسبت معلوم ہونے سے بہت فائدہ حاصل ہوا اُسوقت سے میرے نقش دل ہو گیا ہے کہ آمدورفت کے ذریعون کو حسب حاجات صنعت و تجارت کے ترقی دون بیشک یہ اصول نہایت عمدہ ہے مگر جب تک اِس معاملہ پر بخوبی غور نہ کر لون مین کوئی خاص راے نہین دے سکتا ہون بس اسوقت یہی کہہ سکتا ہون کہ مین آپ کی تجاویز پر اُس غور اور توجہ کے ساتھ خیال کرونگا جو مجکو اُس فرقہ کے واسطے ظاہر کرنا واجب ہے جسکو اِس معاملہ مین نہایت دلچسپی حاصل ہے اور جو راے زنی کی قابلیت رکھتا ہے آخر مین اسے صاحبو مین خود آپ کا اور آپ کے فرقۂ تجار کا جسکے آپ قائم مقام ہین اُس

مہربانی کے استقبال کے لیے جو بمبئی مین کیا گیا ہے شکریہ ادا کرتا ہون ۔

نمبر ۸

جواب اڈریس اسلامیہ بمبئی

۹ - دسمبر ۱۸۸۸ء

جنٹلمین ۔ ہندوستان مین پہونچکر اس سے زیادہ مسرت بخش بہت کم خبرین ہوسکتی ہین جو حضور ملکہ معظمہ کی مسلمان رعایا کے خیر مقدم کہنے سے مجھے حاصل ہوئی ہے ۔ میری پبلک لائف (زندگانی) کا ایک بہت بڑا حصہ اسی کوشش مین صرف ہوا ہے کہ مین دنیا کے مختلف حصون مین مسلمانی گروہ کو کچھ نہ کچھ فائدہ پہونچا سکون ۔ مین مسلمانون کی تواریخ ۔ لٹریچر ۔ انشا پردازی اور اُسکے خیالات اور فیلنگ کے رنگ ڈھنگ سے خوب واقف ہون سلطان ٹرکی کی خاص ذاتی نوازشون کا اعزاز مجھکو حاصل ہے جو اپنے لطف و مروت اور دلفریب اخلاق کے اعتبار سے اِس زمانہ کے تمام سلاطین پر ترجیح رکھتے ہین ۔ اُنکی توجہ نہایت دلکش انداز سے اُن لوگون پر مبذول ہوتی ہے جنکو سلطان کے حضور مین آنے کا اعزاز حاصل ہوتا ہے ۔ اُنکی یہ عنایات ہی میرے دل مین دائمی اثر پیدا کرنے کو کافی تھی ۔

جب مین اُنسے رخصت ہوا تو مین نے حضور ممدوح کو یہ یقین دلایا کہ مین اُنکے ہم مذہبون کے حقوق اور فوائد پر بزرگانہ نگاہ رکھونگا ۔

مسلمانون کو اپنی موجودہ حالت کی نسبت جو توہمات ہین اُنکا اظہار آپ صاحبون نے کیا ہے اور مجھکو اُنکے دریافت کرنے سے نہایت تاسف ہوا ۔

ہماری شہنشاہی گورنمنٹ کا یہ منشا ہے اور اُسکو اِس پالسی پر ناز بھی ہے

کہ وہ حضور ملکہ معظمہ قیصرہ ہند دام اقبالہا کی رعایا رہند کے ہر ایک فرقہ کو نہایت منصفانہ طور پر علمی اور اخلاقی ترقی کا یکسان موقع عطا کرتی ہے۔

اگر ملکی گروہ کا کوئی ممبر اپنے ساتھیون سے بچھڑ جاے تو تمام ملک کے ادبار کا باعث ہوتا ہے۔

مین اس ملک مین ابھی بالکل تازہ وارد ہوا ہون اور اس وجہ سے مین کافی طور پر اُن خاص اسباب تنزل کے وجوہ دریافت کرنے کے قابل نہین ہون جسکا ذکر آپ صاحبون نے کیا ہے۔

تاہم اس امر کے دریافت کرنے سے مجھکو نہایت خوشی ہوتی ہے کہ تھوڑے دنون سے آپ لوگون نے طریقہ تعلیم کی اصلاح مین کوشش کی ہے۔

جب مین اس بات کا خیال کرتا ہون کہ یوروپ کی تمام تر ترقی مسلمانون ہی کے علوم و فنون اور انشاپردازی کی زیر بار احسان ہے اور جو ابر جہالت تیرھوین اور چودھوین صدی کے زمانہ مین یوروپ پر چھایا ہوا تھا اُسکے دور ہونے سے جو روشنی اسوقت پھیلی ہوئی ہے وہ اُنھین کی شمع ہدایت کی بدولت ہے تو مجھے اس امر کے باور کرنے مین سخت دقت ہوتی ہے کہ آپ مسلمانان کو اپنے دوسرے ملکی بھائیون کا مقابلہ کرنا اور رشیدان ترقی مین اُنکے دوش بدوش چلنا کار اہم معلوم ہو۔

اگر مسلمان کسی مخصوص مجبوری کی وجہ سے دقت مین پڑ گئے ہین جو اُنکی ترقی کی مانع ہو رہی ہے تو میری کوشش اُسکے رفع کرنے مین نہایت خوشی کے ساتھ صرف ہوگی۔

مجھے کامل یقین ہے کہ موجودہ ذی شان نامور ویسراے جو آپ لوگون کے نہایت خیر خواہ رہے ہین اس مضمون کے متعلق اپنے خیالات اور رائین

مجھے ضرور ظاہر کرینگے ۔

بہرحال آپ لوگ مجھکو اس امر کے یقین دلانے کی اجازت دینگے کہ مجھپر آپ لوگون کی اس ذاتی نیک دلی کا بہت اثر پڑا ہے جس اندازپر اس خیرمقدم کی اڈریس مجھکو دی گئی ہے ۔

نمبر ۵

جواب اڈریس یورپئین و انگلو انڈین ایسوسی ایشن مغربی ہند

۹ - دسمبر ۱۸۸۴ء

مسٹر پریسیڈنٹ و جنٹلمین - مین آپ کا جو یورپئین و انگلو انڈین ایسوسی ایشن مغربی ہند کے قائم مقام ہین اُن خیرمقدم کے الفاظ کے لیے جنکو مین نے ابھی سنا ہے اور اُن جا بجا اشارات کے لیے جو آپ نے میری گذشتہ خدمات اور کوششون کی نسبت جو رفاہ عام کے واسطے مین نے کی ہین شکریہ ادا کرتا ہون افسوس ہے کہ مجکو اب تک اچھی طرح آپ کی ایسوسی ایشن کی کارروائی کے دریافت کرنے کا موقع نہین ملا لیکن مجھے امید ہے کہ مین بعدازین اُسکے حالات سے بخوبی واقف ہونگا تاہم آپ کو یقین دلاتا ہون کہ مین اُسکے فیضرسان اور مفید مقاصد کے ساتھ تہ دل سے ہمدردی رکھتا ہون ۔

نمبر ۶

جواب اڈریس ذمہ داران قومی نمائشگاہ بمبئی

۹ - دسمبر ۱۸۸۴ء

مسٹر پریسیڈنٹ و جنٹلمین - آپ نے میرے داخلہ ہند پر جو خیرمقدم کیا مین اُسکا شکر کرتا ہون جسکو مین ہمیشہ ممنونی سے یاد رکھونگا - مین بالخصوص اُن جنٹلمینون سے ملاقات کرکے جو ذمہ داران نمائش ہین اور جسکو آپ ۱۸۸۶ء مین منعقد کیا چاہتے ہین

خوش ہوا آپ باتون ہی سے نہین بلکہ کارروائی سے بھی فائدہ رسان طبیعت
کا اظہار کرتے ہین جو اس ملک کی صنعت وحرفت کی ترقی کے واسطے ضروری ہے
ہندوستان ایسے ملک مین گورنمنٹ حسب مشورہ تعلیم یافتہ اشخاص زیادتی
ترقی مین کوشش کریگی لیکن برٹش اولوالعزمی کی گذشتہ تاریخ تمام روے زمین
مین ظاہر کرتی ہے کہ خاص ترقی صنعت وتجارت اُسوقت ممکن ہے جبکہ لوگ خود
متفق ہو کر علٰحدہ علٰحدہ اور نیز بحالت مجموعی کوشش کرین آپ نے جو تقرر تاریخ
نمایش کا ذکر کیا ہے اُسکو تو آپ ہی کی راے پر منحصر رکھنا بہتر ہے مجھے یقین کامل
ہے کہ آپ ایسی تاریخ مقرر کرینگے جس سے عام کو فائدہ ہو۔ جب آپ کے ارادے
پورے ہون اور سب پختہ و نیز ہو جاے تو مجھے امید ہے کہ مین خوشی سے
اُسکے نتیجے کو مشاہدہ کرون در ین اثنا مین ترقی کو دلچسپی وہمدردی کے ساتھ دور سے
دیکھتا رہونگا۔

نمبر ۲

جواب اڈریس کارپوریشن کلکتہ

۱۳ - دسمبر ۱۸۸۴ء

مسٹر چیرمین - اور جنٹلمین - جو شخص تاریخ سلطنت ہندوستان اور کلکتہ سے واقف ہے ممکن نہین کہ جب اول اڈریس اِس نامور شہر کے معزز قائم مقامون کی طرف سے پیش ہو تو اُسپر اثر نہ پڑے آپ نے جو دوستانہ الفاظ خیر مقدم اور حوصلہ دہی کے میرے داخلہ کے وقت استعمال کیے وہ اِس موثر رسمیات مین جسمین مین ابھی شریک ہوا ہون ایک عجیب عظمت اضافہ کرتے ہین ہندوستان اُن مشرقی ممالک سے جنسے مین واقف ہون اور ہی طرز کا ہے کہ مین اپنی گذشتہ واقفیت پر اعتبار نہین کر سکتا جسکا آپ نے مہربانی سے حوالہ دیا ہے لیکن بہرحال مَین امید کرتا ہون کہ مجھے جو واقفیت مختلف اقوام مختلف اطوار گورنمنٹ اور عادات اور رسم و رواج اور خیالات سے ہے جو ہم سے غیر طرز پر ہے اُسکے سبب سے میرے خیالات ایسے ہو گئے کہ مین اُن باتون سے بھی ہمدردی کر سکتا ہون جو خاص مغربی خیالات کے موافق نہین ہین اور جو باتین میرے اس جدید درجہ مین کام آئینگی -

آپ نے قواعد انتظام خود اختیاری کا جو ذکر کیا اور لارڈ رپن کی عمدہ نگرانی انتظام مین اُسنے ترقی کی یہ ایک ایسا بیان ہے جسپر میرا خیال رجوع ہو چکا ہے اگر ہند کے انتظامی طریقہ مین کوئی اصول ذاتی ہے تو وہ یہ ہے کہ یہ

انتظامی سلسلہ قائم رہے میری رائے اِس سے زیادہ کسی امر پر متوجہ نہین ہوئی کہ خواہ لندن مین فریق کے کچھ ہی خیال ہون مگر جو ویسرائے متواتر آئے اُنکی ہمیشہ یہی کوشش ہوئی ہے کہ ہمارے سابقین بہبود اور بہتری ہند کے لیے جو کچھ چھوڑ گئے ہین اُنکے نتائج کو حاصل کرکے فائدہ پہونچائین اُنھین قواعد اور اصول پر ثابت رہنے سے ہمنے اِس ملک مین اپنی نہایت عمدہ گورنمنٹ قائم کی مین آپ کو یقین دلاتا ہون کہ مین اصلاً اُن رستون سے تجاوز نکرونگا یا اُن نظیرون سے جو لارڈ کارنوالس - لارڈ بیٹنگ - لارڈ کیننگ - لارڈ میو - یا جو اُنکے بعد آئے اور چھوڑ گئے ہین مارکوئس آف رپن اور اُنکے سابقین نے زمین کو تیار کیا اور اُسکو کھود کر درخت نصب کیے ہین میری ادنی خدمت یہ ہوگی کہ مین اُسکی خبرداری کرون پانی دون اور درست رکھون شاید یہ بات آپ کو یاد دلانا مجھے ناموزون نہو گا کہ ترقی انتظام خود اختیاری آپ ہی کے ہاتھ ہے اگر آپ نے عقلمندی سے اپنے فرائض کو پورا کیا اور بخوبی احتیاط اور حفاظت خزانۂ عامرہ کی رکھی اور عمدہ خالص انتظام کیا اور جفاکشی اور کفایت سے اپنے کامون کو انجام دیا تو جو امیدین اب کی گئین اور رعایتین ہوئی ہین وہ سب پوری ہونگی آپ یقین جانین کہ عام کے ہاتھون سے ضرور اُن باتون کی تعریف ہوگی آخر مین مین خوش ہون کہ آپ کے کلام سے جناب ملکۂ قیصرہ کے حق مین فرمان برداری پائی گئی جناب ممدوحہ کے دل سے اپنی رعایا کی بہبود کا خیال کبھی دور نہین ہوتا اُنکو یہ معلوم ہونے سے خوشی ہوگی کہ آپ اُنکی محبت اور خبرگیری کی قدر و منزلت کرتے ہین -

نمبر ۸

ریمارک لیجس لیٹف کانسل مین

تاریخ ۱۹- دسمبر ۱۸۸۴ء

یور آنرز اور جنٹلمین - اس کونسل مین اول مرتبہ اپنی جگہ لینے کے قبل مین آپ لوگون پر اُس اطمینان کے ظاہر کرنے کی خواہش رکھتا ہون جو مجھکو اِس ملک عظیم کی گورنمنٹ مین اِسقدر نامی گرامی اور مشہور اشخاص کی شراکت سے معلوم ہوتا ہے - عرصہ دراز تک اُن اہم معاملات کی نسبت جو ہمارے روبرو پیش ہونگے مین ایک مبتدی کے مانند ہونگا لیکن مجھکو اِس خیال سے نہایت خوشی ہے کہ میرے شرکا اور صلاح کار ایسے اشخاص ہین جیسے کہ آپ اور جو ہند کے طریقہ حکومت سے بالکل واقف ہین اور جنپر گورنمنٹ ملکہ معظمہ اور نیز عوام کو بھروسہ ہے مین امید کرتا ہون کہ مین اپنی جانب سے اُن اُمورات کے انجام دینے کے قابل ہونگا جنکا انجام دینا میرا فرض ہے اور پبلک کامون کو حسب مرضی آپ صاحبان کے طے کیا جاویگا -

نمبر ۹

جواب اڈریس انڈین ایسوسی ایشن کلکتہ

۲۲- دسمبر ۱۸۸۴ء

مسٹر پریسیڈنٹ اور جنٹلمین - مجھے اِس امر کے یقین دلانے کی ضرورت نہین ہے کہ یہ اُن مواقع مین سے جو مجھے پیش آئے ایک نہایت ہی دلچسپ موقع ہے مین پہلے مرتبہ اپنے کو ایک ایسے ایسوسی ایشن کے قریب اور اتحاد کے ساتھ پاتا ہون جو جناب ملکہ معظمہ کی رعایاے ہندوستان کے نہایت معزز فرقہ کا قائم مقام ہے مین آپ کو اپنے گرد دیکھکر نہایت خوش ہوا مجھے امید ہے کہ مجھے جلد تر موقع ملیگا کہ

مین آپ مین ہرایک سے قربت کے ساتھ ربط واتحاد حاصل کرون مین آپکے
اڈریس کے جواب مین کہتا ہون کہ مین آپکے دوستانہ الفاظ خیر مقدم کا بہت کچھ
ممنون ہوا اور نیز اس امر کا بھی کہ آپ اپنا اعتبار اور لحاظ مجھپر ظاہر کرنیکے واسطے
مستعد ہین اِس بڑے ملک کی حکومت قبول کرنے مین جو خیالات میرے ہین
اُنکو عوام مین بیان کرنے کا مجھکو موقع ملا ہے لہذا اُن الفاظ کا اعادہ غیر ضروری ہے
اور نہ مجھے یہ مناسب ہے کہ بجز عام الفاظ کے اور کچھ جواب اُن اڈریسون کا دون
جو خیرخواہ اور مہربان اشخاص ملک نے مجھے پیش کیے جو عرصہ دراز تک متواتر
جدید ویسرا ے کی تشریف آوری پر اُنکو پیش کرنے کے عادی ہین میرا استحقاق کہ آپ
میری عزت اور مجھسے محبت کرین اسوجہ سے ہوگا کہ انگلستان سے ہنوز کوئی سرکاری ملازم
نہین آیا جو جناب ملکہ معظمہ کا قائم مقام اِس ملک مین ہو اور جسکو اپنے فرائض منصبی کا بدرجۂ اتم لحاظ
نہ رہا ہو اور جسکا یہ مستحکم ارادہ نہو کہ وہ ان صدہا اشخاص دیگر کی بہبود اور رفاہ مین جو اُسکی
سپردگی مین ہین کوشش نہ کرے مجھے امید ہے کہ اندک مدت مین آپ کو اور
اُن لوگون کو جنھین مجھے محنت کرنے کی خوشی حاصل ہے ثابت کردکھاؤنگا کہ
مین نے کسیوقت اُس ضابطہ کو شکست نہ کیا جو میرے نامور سابقین نے
اِس بارہ مین قائم کیا ہے آپنے جن باتون کا ذکر کیا ہے موجودہ حالت کے
اعتبار سے جو میرے پیش نظر ہین آپ سے اسمین اتفاق کرنا چاہتا ہون کہ گورنمنٹ کو
بہتر ہے کہ آزادانہ بے مزاحمت پولیٹکل اور ملتون کے ترقی ہونے دے جو حالت
زمانہ کے مناسب ہے یعنی ترقی علوم یا دیگر معاملات جو انسان کی ترقی سے منسوب ہین
مین بیشک پسند نہ کرونگا کہ فضول یا بے سود غیر ضروری آئین اور قواعد نافذ کرکے
پولیٹکل اور ملتون مین نفاق اور فساد برپا کرون آپ یقین جانین کہ مین ہمیشہ
کامل علیحدگی اور بے رو رعایت کے حکمت عملی جناب ملکہ معظمہ کی تمام رعایا مختلف

مذاہب و ملت مین قائم رکھنے پر آمادہ رہونگا جسکو آپ نے صحیح طور پر ضروری قرار دیا ہے آپ نے اراضیات کے آئین اور قوانین کی نسبت جو کچھ کہا ہے مین اِسوقت اُسکا تذکرہ مناسب نہین جانتا مین اسقدر کہہ سکتا ہون کہ مین خوب جانتا ہون کہ مدت سے اعلیٰ اشخاص نے اِس وسیع آئین و قوانین کی ضرورت تسلیم کی ہے اور اسکو امپریل گورنمنٹ نے بھی قبول کیا ہے اُسکی بابت ایک مسودۂ قانون تیار ہوتا ہے مجھے اُسکے احکام پر غور کرنا فرض ہے اُن مختلف فرقون کے بیانات پر جنپر اُسکا اثر پہونچیگا مین نہایت فکر اور غور سے توجہ دونگا آخر مین مین آپ کو یقین دلاتا ہون کہ جو باتین اِس قسم کے ایسوسی ایشن کی طرف سے جیساکہ آپ کا ہے پیش ہونگی تو مین ضرور اُنپر لحاظ کرونگا آپ نے صحیح بیان کیا ہے کہ اِس اظہار رے سے گورنمنٹ انڈیا کو خواہش اور حاجت اور خیالات رعایاے ملکہ معظمہ سے آگاہی ہوگی اور بیشک اُن لوگون کے واسطے قیمتی ہے جنکا فرض رفاہ اور بہبود عام کا اسباب بہم پہونچانا ہے۔

نمبر ۱۰

جواب اڈریس ٹریڈ ایسوسی ایشن کلکتہ

۲۲- دسمبر ۱۸۸۴ء

ماسٹر اور جنٹلمین- مین آپ کے حقوق سے خوب واقف ہون جنپر گورنمنٹ اور آپ کے شہر والے لحاظ کرین اور مین آپ کی دوستانہ مبارکبادی کا ممنون ہون آپ نے میری باتون پر جب سے کہ مین نے اس ملک کا انتظام اپنے ہاتھ مین لیا ہے پسندیدگی کی علامتین ظاہر کی ہین مین آپ کو یقین دلاتا ہون کہ مین نے بعد غور کامل یہ الفاظ زبان سے نکالے ہین اور جو لفظ میری زبان سے نکلے وہی میرا منشا ہے مین خوب کے اِس بیان کی صداقت کو تسلیم کرتا ہون

کہ سب سے اول میرا خاص کام یہی ہے کہ ہر طور پر حتی المقدور بہ امن وعافیت
زراعت اور تجارت کو ترقی دون اور اس کام کے حاصل کرنے کے واسطے
ضروری مقامات مین ریلوے جاری کرنا لوکل صنعت اور حرفت کی ترقی کو ترغیب دینا
نہایت ہی عمدہ ذرائع ہین ہندوستان غریب ملک ہے ہمارا منشا اور غرض یہی
ہونی چاہیے کہ اُسکو اور اُسکے باشندون کو متمول کرین ہندوستان کی دولتمندی
خدا کی مہربانی پر منحصر ہے لیکن چند سلطنتون کی نظیر سے معلوم ہوتا ہے کہ صنعت
اور حرفت کی ترقی ملک کے قدرتی وسائل کی افزونی کا باعث ہے یہ بڑی
خوش قسمتی ہے کہ ہمارے تمام ممالک مین اور سرحدات پر سب طرح امن وامان ہے
آپ نے سچ کہا کہ ہر ایک ملک کی بہبود کے واسطے زیادہ تر امن اور عافیت کی
حاجت ہے ہمکو ہمیشہ یہ دعا مانگنا چاہیے کہ امن وعافیت قائم رہے اُسکے قائم
رکھنے کے واسطے نہایت ہوشیاری کا طریقہ ہمکو اختیار کرنا ہوگا تاکہ اُسکے خلاف
کارروائی ہر ایک کے دست قدرت سے باہر ہو آپ نے جو باہمی دوستی کا ذکر کیا
مین اس اتحاد اور اتفاق سے نہایت خوش ہوا ملک کے ہر فرقہ مین ایسی ہی
دوستی چاہیے اس سے زیادہ بدقسمتی کا امر کون ہو سکتا ہے اور اس سے
زیادہ نقصان برٹش حکومت کی عزت اور شہرت کو کس امر سے پہونچ سکتا ہے
کہ اُن لوگون مین نفاق اور تفرقہ ہو جنکا قیام اور فائدہ ایک دوسرے ہی کے
قائم رہنے پر منحصر ہے مین نے آپ کی اس خواہش پر غور کیا کہ ہندوستان کا
مالی انتظام اور تجارت اور صنعت اور حرفت کامل محفوظ رہے علی الخصوص
اُسوقت جب کہ اس ملک اور انگلستان کے معاملات مین نفاق پیش آتا ہے
منتظمون کا قاعدہ ہے کہ وہ کسی امر کا وعدہ نہین کرتے پس مین بھی امید ظاہر
کرتا ہون کہ چونکہ ہندوستان کی تجارت دولت اور بہبودی کی ترقی سے

تمام سلطنت کو فائدہ پہونچیگا لہذا ہر ایک امر جس سے شاہی اور انگلستان کی قوت کو ترقی ہوگی وہ عمدہ اور پولیٹکل نتائج جناب ملکہ معظمہ کی رعایاے ہند کے لیے پیدا کرینگے۔

نمبر ۱۱

جواب اڈریس انڈین الیسوسی ایشن کلکتہ

۲۴- دسمبر ۱۸۸۴ء

جنٹلمین- مجھے افسوس ہے کہ مین چند روز سے بہت کامون مین مصروف ہونے کی وجہ سے آپ کے اڈریس کا تحریری جواب تیار نکر سکا لہذا مین اگر آپ کے نقش دل نہ کر سکون کہ آپ نے خیر مقدم مین جو مہربانی کی ہین اُسکی کسقدر منزلت کرتا ہون تو مجھے معاف کیجیے گا مین نہایت خوش ہون کہ مین ایسے صاحب کے سامنے ہون جنکے اڈریس کے طرز تحریر سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اپنی پریسیڈنسی مین اپنے ہموطنون کی طرف سے اظہار راے کے لائق ہین آپ کے چیرمین کے اڈریس کو سنکر بیشک یہی خیال ہوتا ہے کہ سننے والا ایسے عقیل اور لائق شخص کے سامنے موجود ہے جو اپنے عمما ہیان کے مقصد کو اسقدر خوبی سے بیان کر سکیگا جسقدر کہ کوئی دوسرا آدمی دنیا مین کر سکتا ہے آپ نے بہت باتون کا ذکر کیا ہے اور سنے ہوے ہین کہ میرا خیال اُسپر رجوع ہو آپ کو یہ دریافت ہوا ہوگا کہ آپنے آغاز انتظام مین انکی نسبت مجھے کچھ بھی اپنی راے بیان کرنا مناسب نہ ہوگا مدت تک میرا کام سننا اور سیکھنا ہوگا اور جو لوگ آپ کی سوسائٹی مین معروف ہین اُنسے اتحاد پیدا کرون اور حتی المقدور اہم مسائل کے دریافت کرنے کے قابل ہون جنکی گورنمنٹ انڈیا آیندہ جانچ کریگی مین بے تامل کہتا ہون کہ مین اپنے حتی المقدور خوشی اور رضامندی سے اپنے پیشرو کی تجویز لوکل انتظام خود اختیاری مین ترقی دونگا

مین اِس امر کو تسلیم کرتا ہون کہ اگر اسمین کامیابی ہوئی تو طریقہ حکومت اور رعایا کو جناب ملکہ معظمہ کو اس سے بہت فائدے حاصل ہونگے مین آپ کو یقین دلاتا ہون کہ آپ مین کوئی ایسا نہو گا جو میرے مانند دل سے اسکی کامیابی کا طلبگار ہو میری خواہش یہ ہے کہ جناب ملکہ معظمہ کی تمام ہندوستانی رعایا کا اطمینان اور اعتماد حاصل کرون بیشک انجام کار مین اسمین کامیاب ہونگا لیکن کچھ عرصہ تک اسکی امید کرنا بعید از عقل ہے درحقیقت مین اُس محبت کی قدر و منزلت نہ کرونگا جو میری کارروائی سے حاصل نہین ہوئی ہے آپ کے اڈریس مین جو خیرخواہانہ کلمات حضور ملکہ معظمہ کے واسطے درج ہین مین اُنسے کمال رضامند اور خورسند ہون جناب ملکہ معظمہ کو اپنی تمام رعایاے ہند کے فرقون کی بہبود مین دلچسپی ہے اور مین بہت خوش ہون کہ جس جگہہ مین گیا سب کو جناب ملکہ معظمہ کی مرحمت اور عنایت کا شکرگذار پایا۔

جنٹلمین پھر آپ کے دوستانہ خیر مقدم کا شکریہ ادا کرتا ہون۔

نمبر ۱۲

تقریب افتتاح ڈمار کسر ریلوے

۵ جنوری ۱۸۸۵ء

جنٹلمین ۔مین آپ کو یقین دلاتا ہون کہ مجھے کمال خوشنودی حاصل ہوئی ہے کہ مین اس موقع پر اپنا تعلق ایک دلاویز اولوالعزمی سے دیکھتا ہون جو عرصہ دراز سے اس ملک مین ہو رہی ہے آپ نے دعوت کے کلمات مین جس سے مجھے معزز کیا معذرت کے ساتھ ذکر کیا ہے مگر مجھے کمال مسرت آج کے جلسہ مین شریک ہونے سے ہے جو مجکو کسی بڑی عمارت یا بڑی ہال کے کھولنے مین نہ ہوتی جو سرکاری روپیہ سے اور نیز سرکاری نگرانی مین تعمیر کیجاتی (نعرۂ تعریف)۔اُس کام مین تو مین گورنمنٹ کا خاص کام سمجھکر شریک ہوتا اور لوگون کی اولوالعزمی کا کوئی ثبوت نہوتا

اب مین اُس کام مین شریک ہوا ہون جسمین ہر شخص کو جو اس ملک کی بہبودی مین ہمدردی رکھتا ہے دلچسپی ہوگی ہر چند کہ یہ چھوٹی ریلوے ہے اور فنڈ بھی اسمین زیادہ صرف نہین ہوا - تاہم اس سے مقامی گرمجوشی اور مقامی تقویت اور زور بازو ظاہر ہے - مجھے امید ہے کہ اُسکے نتیجے سے اُسکی عمدگی کا بہت بڑا ثبوت ہوگا اور لوگون کو حوصلہ ہوگا کہ وہ اپنے فائدے کے لیے ایسے ہی اور کام شروع کرینگے - (نعرۂ خوشی) مین یقین کرتا ہون کہ مین اسوقت اس گرد و نواح کے بڑے بڑے زمینداران مین موجود ہون مین اُنکو اس عمدہ وقت اور موقع کی مبارکباد دیتا ہون جسکے واسطے ہم سب جمع ہوے ہین اور اُسکے ساتھ ہی مین اُنکا اور اُنکے دوستون کا اپنے خیر مقدم کے لیے جو اُنھون نے تمام راستہ پر کیا شکریہ ادا کرتا ہون گھاٹون کی خوشنما اور عمدہ حالت ملاحظہ کرنے سے جہان پر کشتی اور دخانی کشتیان چلتی ہین مجھکو نہایت حیرت و تعجب ہوا اور کل راستہ مین محنتی اور خوش و خرم قصبہ جات کے دیکھنے سے مجھکو نہایت خوشی ہوئی اور اپنے اختتام سفر پر اب اسوقت میرے گرد لائق ہوشیار خیر خواہ لوگ موجود ہین اور جنکے ہمراہ اس کام مین شریک ہونے سے مین نہایت خوش ہون - مجھے امید ہے کہ مین کسی نہ کسی دن اُنسے فرداً فرداً واقفیت حاصل کرونگا - جنٹلمین مین آپ کے دلاویز اڈریس اور دوستانہ کلمات اور فرمانبرداری کے خیر مقدم کا جو آپ نے میری جانب ظاہر کیے ہین شکریہ ادا کرتا ہون (زور سے نعرۂ تعریف) -

نمبر ١٣

جواب اڈریس محمدن لیٹریری سوسائٹی کلکتہ

١٤ - جنوری ١٨٨٥ء

جنٹلمین - مجھے آپ صاحبون سے ملاقات کرنے اور اس امر کے معلوم ہونے سے

کہ آپ اپنے اہل مذہب کی ترقی مدارج کے لیے ضروری کام مین مصروف ہین
نہایت خوشی حاصل ہوئی۔ بیشک فی زماننا جماعت کی اصلی بہبودی اور ہر فرد بشر کی
ذاتی ترقی زیادہ تر تلاش وجستجو سائنس اور تحصیل علم پر منحصر ہے انسانی ترقی کے
ابتدائی زمانہ مین اسقدر تحصیل علم اور جستجوے سائنس درکار نہین تھی زمانہ سلف مین
بہت سی قومین جو اپنے اوصاف بہادری اور پاس عزت اور راستی اور مردانگی
مین مشہور تھین اب وہ سول کامون مین اُن لوگون سے جو بہت کچھ وقعت ہین
اپنے کو پیچھے رہا ہوا پائینگی ہان اگر وہ اِس زمانہ کی اُن حاجتون کو تسلیم کرین
جو اِس ملک کی نیک گورنمنٹ کے عمدہ اثر سے پیدا ہو جاتی ہین اور نیز اُس حوصلہ کو
بباعث جسکے عمدہ خصائل امن وامان کے زمانہ مین ترقی کرتے ہین لیکن جنگی ترقی حرفت آپکے
ملحوظ خاطر ہے مین اس خواہش مین اُنکو متنبہ کرنا ضروری نہین خیال کرتا اور جو زمانہ
سابق کے جنگ آور۔ شاعر اور حکما کی اولاد سے ہین کہ قوت دماغی اور کالج
اسکول کی تعلیم انسان کو اس دنیا مین ترقی کرنے کے لیے ایک حصہ ہے سچائی کا
شوق اور حفظ مراتب اور سکینی ۔غربت۔ جوانمردی اور نفس کشی نوجوان طلبہ
کے واسطے اُسیقدر ضروری تعلیم ہے جیسا دس بارہ زبانون کی تعلیم یا حساب
اور ریاضی کی باریک باتون کا دریافت کرنا آپ یہ نہ سمجھین کہ مین آپ سے صاف صاف
کہہ رہا ہون آپ خود تسلیم کر چکے ہین کہ ہمنے عام ترقی کے ساتھ قدم نہین بڑھایا ہے
آپ نے جو محبت آمیز اڈریس پیش کیا اُسکا جواب ایسے ہی دوستانہ اور سرپرست
الفاظ مین ہے جیسے کہ مین نے استعمال کیے ہین ۔

نمبر ۴۰

جواب سنٹرل محمدن الیسوسی ایشن

۲۳- جنوری ۱۸۸۵ء

جنٹلمین - مجھکو یہ بات نہین بیان کرنی چاہیے کہ جماعت اسلام کے قائم مقامون کو اپنے پاس دیکھنے سے مجھکو نہایت خوشی حاصل ہوئی ہے - آپ کی ایڈریس سے مجھکو معلوم ہوا کہ کوئی ایسا مسلمانی مقام نہین ہے جسنے اپنا نائب آج اس جگہ روانہ نہ کیا ہو - یہ خود اس امر کی علامت یا مجھکو کہنا چاہیے ثبوت ہے کہ تمام ہند کا فرقۂ اسلام اپنی کوشش اپنی ذہانت اور قدرتی تیز فہمی کی وجہ سے آخرکار وہ درجہ سوشیل سسٹم مین حاصل کریگا جسکے لیے وہ نہایت عمدہ طور پر لائق ہے - میرے مانند شخص کو کبھی اقرار نہین کرنا چاہیے - آیا مین اُن شکایتون کے دور کرنے مین کامیاب ہونگا یا نہین جنکی آپ شکایت کرتے ہین اُن حالات کی قوت پر منحصر ہین جو آپ نے بیان کیے ہین - لیکن بہر حال آپ اِس امر کا یقین کرین کہ اگر آپ کے بیانات پر مناسب طور پر غور کرنے اور اصلی خواہش اُن برائیون کے دُور کرنے سے جنکی شکایت آپ مناسب طور پر کرین آپ کو اطمینان حاصل ہو دے تو مجھکو یقین ہے کہ مین اُسمین کوتاہی نہ کرونگا - بیشتر موقعون پر فرقۂ اسلامیہ کے ساتھ اسقدر لحاظ اور ہمدردی مینے ظاہر کی ہے کہ اِسوقت اُس یقین کا اعادہ کرنا لاحاصل معلوم ہوتا ہے کیونکہ اگرچہ میرا خاص فرض یہ ہے کہ جناب ملکہ معظمہ کی رعایا کے ہر ایک فرقہ کے ساتھ نہایت منصفانہ طور پر بلا رورعایت پیش آؤن تاہم میری زیادہ تر ہمدردی اُس فرقہ کے ساتھ ہوگی جو باعث خاص وجوہ جنپر وہ قادر نہین ہین ترقی مین پیچھے رہ گئے ہین مجھکو اِس امر سے نہایت خوشی حاصل ہوتی ہے کہ جناب ملکۂ معظمہ کی رعایاے ہند نہایت جانفشانی سے ترقی مین کوشش کر رہی ہے - آپ کے ایڈریس مین جو مہربانی کے الفاظ خاص میری نسبت تھے اُنکا مین شکریہ ادا کرتا ہون اور آپ کو یقین کرنا چاہیے کہ آپ کی درخواست کے

دام اقبالہا کی جانب سے بیان کر رہا ہون۔اور صرف ملکہ معظمہ کی جانب سے ہی نہین بلکہ پارلیمنٹ اور رعایائے انگلستان کی جانب سے جسکا یہ ارادہ مستحکم ہے کہ ہندمین انگریزی حکومت اسقدر عمدہ طور پر اور مضبوطی کے ساتھ جاری رہے کہ ہمارے ملک کی تاریخ مین ایک فخریہ امر ہو۔اور ہر ایک ناانصافی اور تکلیف جسکی حضور ملکہ معظمہ کی رعایا۔خواہ عوام خواہ شاہزادگان۔شکایت کرین اُسکو بعد تحقیقات (جہانتک انسانی طریقہ حکومت کے نقص اِس امر کی اجازت دینگے) دور کرنے اور کم کرنے مین کوشش کیجاویگی۔(نعرہ خوشی) میری یہ خواہش ہے کہ خدا کی مہربانی سے اُس قلیل زمانہ مین جب تک میرا قیام آپ لوگون مین ہے مَین اپنے فرض کو نہایت اطمینان کے ساتھ انجام دون۔اِس خواہش کی تلاش مین خواہ وقت صرف ہو خواہ محنت ہو خواہ تندرستی یا طاقت ضایع ہو ہر ایک کے واسطے مین مستعد رہتا ہون۔اگرچہ بعد دقت اور رفتہ رفتہ یہ حاصل ہو سکتا ہے کہ اسقدر وسیع اور علیحدہ علیحدہ جماعتین مثل ہماری جماعت کے درجہ تکمیل تک پہونچ سکتی ہین مین بھروسہ کرتا ہون کہ جسوقت مَین اِس ملک سے روانہ ہونگا اُس وقت اِس ملک کی ترقی اور اسکے باشندگان کے مناصب حوصلون کے حاصل کرنے کے وسائل مین زیادتی اور انگریزی سلطنت کی شہرت اور قائم ہونے مین بہت کچھ مَین امداد دونگا۔اِس امر کا کسی کو شبہہ نہین ہو سکتا کہ آپ صاحبان محنت کے مرتب کرنے والے ہین اور ہنر صنعت و حرفت کے ترقی دہندہ ہین اور دولت کے پیدا اور تقسیم کنندہ ہین اور قومی ترقی کے جز اعظم ہین اور اس وجہ سے مَین پھر بیان کرتا ہون کہ جلسۂ امشب مین آپ صاحبان سے ملاقات حاصل ہونے سے مین نہایت خوش ہون۔

بعدازان صدر انجمن کی جام تندرستی تجویز کرنے کے وقت حضور دلسیر ہے

صاحب نے ارشاد فرمایا۔
علیحدہ ہونے کے قبل مجھکو صاحب میرمجلس نے ایک جام تندرستی تجویز کرنے کی اجازت دی ہے۔ بعض صاحبان کا خیال ہوگا کہ مین لیڈیون کا جام تندرستی تجویز کرنے کو ہون۔ چونکہ مین ایک کتخدا مرد ہون اسوجہ سے نصف گھنٹہ مین اِس جام کا تجویز کرنا خلاف انصاف ہے (ہنسی) اسواسطے آپ کو اِس امر کے معلوم ہونے سے خوشی ہوگی کہ جو جام مین تجویز کرتا ہون وہ میرمجلس کا جام تندرستی ہے (نعرۂ خوشی) اس جام کی پیروی کے واسطے زیادہ تر بیان کرنے سے آپ کا تضیع اوقات ضروری نہین خیال کرتا کیونکہ مین آپ سے صرف اِس امر کی درخواست کرتا ہون کہ جلسۂ امشب کی گذشتہ خوشگوار کارروائیون کو آپ یاد کرین اور اُسوقت آپ کو معلوم ہوگا کہ وہ آپ کی صدر انجمن کے مبارک قدم کا نتیجہ ہے۔ کلکتہ کے ٹریڈس ایسوسی ایشن کا مین نہایت شکریہ ادا کرتا ہون کہ آج ہمکو ایک نہایت ہی عمدہ دعوت سے حظ حاصل ہوا اور خاص میرے واسطے یہ جلسہ نہایت ہی مفید ہوگا۔

نمبر ۱۶
بجواب ایڈرنیس انڈین یونین
۳۱۔ جنوری ۱۸۸۹ء

مہاراجہ اور جنٹلمین۔ آپ کی ڈیپوٹیشن نے جو راے ایک بڑے سردار کے ذریعہ سے ظاہر کی ہے اُسکی وجہ سے جو اطمینان اور خوشی مجھکو حاصل ہوئی اُسکو اول مین بیان کرتا ہون۔ سردار ممدوح نے اپنے ملک کے طریقہ حکومت مین ایک بہت معزز اور مشہور حصہ لیا ہے۔ اور جنگی لیاقت اور قابلیت خود اُس فائدہ کا ثبوت ہین کہ گورنمنٹ ہند اِس ملک کے مشہور اشخاص سے مدد حاصل

کرسکتی ہے ۔ اسوقت تک بارہا موقع پر مین نے بیان کیا ہے کہ جناب
ملکہ معظمہ کی رعایاے ہند کے ہر فرقہ کی خواہشون اور درخواستون کو انجام
دینا اور اُنکو پورا کرنا میری خاص خواہش ہے اور اسوجہ سے اُنکا اعادہ مَین
ضروری نہین خیال کرتا لیکن مین آپ کو یقین دلاتا ہون کہ اِس بات کو
مَین بہت بڑا فائدہ خیال کرتا ہون کہ آپ کے مانند اصحاب جو جماعت کے
ایک فرقہ عظیم کی جانب سے گفتگو کرنے کے مجاز ہین اور جو مناسب اور مفید
اثر اپنے ہمشیار ہموطن پر ڈال سکتے ہین میرے پاس ایک ایڈریس لیکر
تشریف لاوین اور اس ایڈریس مین کاروبار اور عاملانہ طریقہ پر اُن مختلف
مشورون کو بیان کرین جو آپ گورنمنٹ ہند کو دینا چاہتے ہین ہم خود آپ کی
خواہشات کو اِس شکل مین لانے سے اُن وسائل کے دریافت کرنے کے
قابل ہونگے جنکی وجہ سے ملک کی بہبود عوام کے واسطے قوانین نافذ کرسکتے ہین
جو امورات آپ نے بیان کیے ہین اُنپر گفتگو کرنا اِسوقت مناسب نہین خیال کرتا
لیکن انمین ہر ایک پر نہایت ہوشیاری سے غور کرونگا ۔ اگرچہ دیسراے کا
زمانہ قیام اسقدر نہین ہے کہ وہ ملک کے تمام قوانین کی ترقی مین زیادہ کاروائی
کرسکے تاہم مَین امید کرتا ہون کہ اِس کام مین اپنی سخت کوششون کے
استعمال سے مَین اِس یقین کے ساتھ واپس جاؤنگا کہ میرا زمانہ حکومت عمدہ
نتائج سے خالی نہین رہا ہے ۔ آپ کے ایڈریس مین جو خوشنودی کے الفاظ
خاص میری نسبت ظاہر کیے گئے ہین اُسکا شکریہ تہ دل سے ادا کرتا ہون ۔
مَین آپ کو یقین دلاتا ہون کہ اِس سے زیادہ مطلوب امر میرے واسطے
نہین ہے کہ آپ کا اعتماد حاصل کرون اور جناب ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کے حضور
اور رعایاے ہند کے روبرو اپنے فرائض کو نہایت وفاداری سے انجام دون

نمبر ۱۷

بنگال ٹیننسی بل

۲- مارچ ۱۸۸۵ء

کارروائی کی اس درجہ پر مین اپنے بیانات سے کانسل کی سمع خراشی کرنا ضروری نہین خیال کرتا۔ مجھکو بہت موقع اس مسودۂ قانون کے جسکی نسبت ترمیم کی تحریک ہورہی ہے چند امورات پر بحث کرنے اور اُنکی بابت اپنی راے ظاہر کرنے کا ملیگا۔ لہذا مین اِسقدر بیان کرنے پر قناعت کرونگا کہ اگرچہ غالباً ہماری کارروائی اور بحث کے زمانہ مین اِس مسودۂ قانون کی خاص باتون مین ترقی و تبدل ہوگا لیکن اِسکے عام حالات کی نسبت مین اپنی دلی اور صادق مدد دینے مین کسی طرح کا پس و پیش نہین کرسکتا۔ مجھے خود اِس امر کا یقین ہے جس طور پر میرے معزز دست نے بھی بیان کیا ہے کہ یہ نہایت ایمانداری کا کام ہے۔ مجھے پورا یقین ہے کہ جن صاحبان نے اِس مسودہ کو اس درجہ تک پہونچایا ہے اُنکی خاص خواہش یہ ہے کہ ہر ایک امر کو جسکا مسودہ مین ذکر ہے نہایت انصاف سے ادا کیا جاوے۔ یہ بات سنجیدہ طور پر نہین بیان کیجا سکتی کہ اِس کانسل کو اِس معاملہ مین قانون نافذ کرنے کا مجاز نہین ہے۔ جسوقت مین انڈر سکرٹری اسٹیٹ براے ہند ہوا تھا۔ اُسوقت اُس قانون پر جو بعد ازان ایکٹ ۱۰- ۱۸۵۹ء ہوا مباحثہ ہورہا تھا۔ اُسوقت مین نے یہ نتیجہ نکالا تھا اور بعد آزمایش اُس نتیجہ کی تصدیق بھی ہوگئی ہے کہ اِس بات پر بحث کرنا بالکل بیہودہ امر ہے کہ اِس قسم کے قوانین سے حقوق زمینداری مین جو آپکو از رُدے بندوبست استمراری دیے گئے ہین فرق آتا ہے۔ اگر مجھکو یہ خیال ہوتا کہ اِس مسودہ کے کسی فقرہ سے

حضور ملکہ معظمہ کی رعایا کے کسی فرقہ کے حقوق مین جو شاہنشاہی گورنمنٹ نے
عطا فرمائے ہین خلل ہوتا ہے مین فی الحقیقت اسکا حامی ہرگز نہوتا۔ لیکن
برخلاف اسکے میرا یقین ہے کہ یہ مسودہ اُن اصول کے مطابق ہے جو
بندوبست استمراری کے جاری کرنے والون کے دلون مین تھا۔ اور مجھکو
اس امر کا یقین کامل ہے کہ بعد ازان جسوقت موجودہ مباحثہ ختم ہوجاویگا وہ
اشخاص بھی جو اپنے فوائد کا نقصان خیال کرتے ہین اس امر کو تسلیم کرینگے
کہ اس قانون نے زراعتی فوائد کو فائدہ پہونچایا ہے۔ خاص مسئلہ کی بابت
جو اسوقت ہمارے روبرو ہے یعنی آیا اس مسودۂ قانون کو اور ایک سال
کے واسطے ملتوی کیا جاوے یا نہین مین یہ بیان کرسکتا ہون کہ اسوقت
اسکو ملتوی کرنا اور اسکی ذمہ داری اپنے ذمہ لینا جبکہ میرے شرکا باتفاق
راے اس مسودۂ قانون پر جسکو سلکٹ کمیٹی نے ترمیم کیا ہے فوراً غور دینے
کے واسطے راے دیتے ہین میرے واسطے ناممکن ہے خواہ میری ذاتی راے
وہ نہو مجھے لائق اشخاص نے جنکو اس معاملہ مین گفتگو کرنے کا مجاز ہے بیان
کیا ہے کہ یہ التوا موجب خرابی ہوگا۔ آخر مین مین بیان کرتا ہون کہ جو
مباحثات ہوے ہین اُنکو نہایت شوق اور خوشی سے مین نے سُنا ہے۔
اگرچہ حتی المقدور مین نے اس مسئلہ کی نسبت واقعات اور مباحثون کی
واقفیت مین جو ایک بڑی کتاب مین درج ہین کوشش کی ہے تاہم یہ
اول ہی موقع ہے کہ اس مسئلہ پر لایق اشخاص کے مباحثہ سننے سے مجھکو
فائدہ حاصل ہوا ہے خاصکر مجھکو اس امر سے نہایت حیرت ہوئی کہ میرے
شرکا کار نے کسقدر سہولت لیاقت اور خوش اسلوبی سے اپنی راے کو
ظاہر کیا ہے۔ اور مین اس امر کے بیان کرنے کی اجازت چاہتا ہون

کہ کانسل کے ہندوستانی ممبرون نے فی الحقیقت اس مسئلہ پر نہایت قابلیت سے اپنی راے ظاہر کی ہے۔

تاریخ ۵- مارچ ۱۸۸۵ع کو دوسرا جلسہ اس مسودۂ قانون پر بحث کرنے کے واسطے منعقد ہوا اور اُسوقت حضور ویسراے صاحب نے ارشاد فرمایا کہ اس مسئلہ سے جو میرا تعلق ہے اسکی طرف اشارہ کیا گیا ہے اور اُسپر اپنی راے بیان کرنے کے لیے مین موقع چاہتا ہون- اس مسئلہ پر اول انصاف اور حق کو ملحوظ خاطر رکھکر خیال کرنا ہوگا سر جان شور جو ایک ہمعصر شخص اور جنکو راے دینے کا مجاز ہے صاف طور پر بیان کرتے ہین کہ دخل کے حق سے بیع یا انتقال کا حق نہین حاصل ہوسکتا اور جہان تک مجکو معلوم ہے بنگال کی عدالتون کی یہ راے اسوقت تک رہی ہے- لہذا یہ ایک ایسا مسئلہ ہے کہ ہم کہان تک ایسے اسامی کو جو قابض ہے وہ حق دیوین جسکے رو سے وہ اپنے حق کو بعوض زر تبدیل کر سکے جسکا وہ اسوقت تک از روے قانون مستحق نہین ہے- اگر اُسکو یہ حق بموجب رواج حاصل ہے ایک دوسرا مسئلہ ہے- یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ جس وقت زمیندار ایک رواج کو جاری کرے- اور جسوقت زمیندار دخل کے حقوق کے فروخت کی اجازت دے اُسوقت یہ بھی انصافاً مناسب معلوم ہوتا ہے کہ وہ اسامی کو جسنے اپنے حق قبضہ کے واسطے خرچ کیا ہے انھین شرائط پر اُسکو فروخت کرنے جس شرائط پر اُسنے اُسکو خریدا ہے- اس مسئلہ پر اپنی کوئی خاص راے ظاہر کرنے بغیر مین بیان کرتا ہون کہ جسوقت یہ معاملہ میرے روبرو پیش ہوا تھا اُسوقت گورنمنٹ بنگال نے یہ تصفیہ کیا تھا کہ بہر حال بہار مین رواج کو قانونی حق دینا مطلوب نہین ہے- اس امر کا بھی تصفیہ ہوا تھا

کہ بنگال مین اسکا استعمال مختلف اسباب حفاظت سے محدود ہونا چاہیے۔
منجملہ ان اسباب کے ایک یہ ہے کہ زمیندار کو انتقال کے روکنے کا حق
حاصل تھا جبکہ انتقال کنندہ کو زمیندار ناپسند کرے۔ اسواسطے یہ ظاہر ہے
کہ بنگال مین بھی اسکے استعمال پر اعتراض ہوسکتا ہے۔ میرے خیال مین
آنریبل ممبر کو جسنے اس ترمیم کی تحریک کی ہے اس معاملہ کی نسبت اور
طرح پر خیال کرنا چاہیے۔ کیونکہ مین یقین کرتا ہون کہ اسکا اس حصۂ ملک
سے تعلق ہے جس جگہ رعایا نہایت عمدہ اور بہبودی کی حالت مین ہین۔
بلاشک جہان ایسی حالت ہے وہان بوجہ انتقال کے صرف آرام ہی
نہین ہے بلکہ اس سے رعیت کو کچھ نقصان نہین پہونچ سکتا اور عوام کو
فائدہ پہونچیگا۔ لیکن برخلاف اسکے ہمکو یاد رکھنا چاہیے کہ اگر یہ ترمیم
اختیار کیجا دیگی تو اسکی وجہ سے بے شمار غریب اشخاص کو اس بات کا
حق اور موقع ملیگا کہ زمانۂ تنگی مین اپنی زمین کو رہن کر دین۔ جس پر
انکے خاندان کی اور انکی نجات منحصر ہے۔ تاہم اس معاملہ کی نسبت
زیادہ باتین بیان کرنا ضرور نہین ہین کیونکہ لفٹننٹ گورنر نے جو ریمارک
پاس کیا ہے وہ اس راے کی تصدیق کرتا ہے جو گورنمنٹ ہند نے
اختیار کی ہے۔ اپنے اور اپنے سرکار کی جانب سے یہ بیان کرنا مناسب
خیال کرتا ہون کہ اگر کارروائی کی اس درجہ پر کوئی دلائل اس ترمیم کی
حمایت کے واسطے جسکو مسٹر امیر علی صاحب نے تجویز کیا ہے بیان کیجاتی
تو ہم انپر اسقدر توجہ دیتے جو انکے لائق ہوتی۔ لیکن چونکہ یہ بات نہین ہے
اسوجہ سے کونسل کے وہ ممبر بھی جو اصول پر بہ نگاہ تلطف دیکھتے ہین
ہم سے بیان کرتے ہین کہ وہ اسکے حامی نہین ہوسکتے۔ اس حالت مین

میرا اور کل میرے شیرون کا خیال ہے کہ کوئی سبب نہین معلوم ہوتا کہ ہم اپنے اصلی نتایج کو ترک کرین۔

نمبر ۱۸

بتقریب تقسیم انعام کالکتہ والینٹیر

۷۔ مارچ ۱۸۸۵ء

کرنل گریہم۔ افسران۔ غیر کمیشن افسران۔ اور کالکتہ والینٹیر کے ممبران۔ اس امر کا آپ کو یقین دلانا ضروری نہین ہے کہ مجھکو آج کی تقریب مین شریک ہونے سے نہایت خوشی حاصل ہوئی۔ کالکتہ مین آنے کے وقت اول جس چیز سے مجھکو حیرت ہوئی تھی وہ آپ کی عمدہ شکل کے دیکھنے سے ہوئی تھی جبکہ آپ نے گورنمنٹ ہوس پر جدید والیسراے کی آمد پر سلامی کے واسطے اپنے کو مرتب کیا تھا اس امر کے معلوم ہونے سے مجھکو نہایت خوشی ہوئی ہے کہ میرے عہدہ کے رواجی حقوق مین سے ایک یہ بھی ہے کہ آپ کی فوج کا انریری کرنل ہون۔ اِس عہدہ سے ہر ایک کو فخر ہوسکتا ہے اور مجھکو نہایت خوشی ہوئی ہے کہ مجھکو اِس امر کا موقع ملا کہ مین آپ سے یہ بیان کرون کہ کسقدر مین اسکی قدردانی کرتا ہون اگر اُن مقاصد کے ساتھ ہمدردی ظاہر کرنا جنکے واسطے آپ بھرتی کیے گئے ہین یا آپ کی قابلیت کو ترقی دینا اور آپکے فوائد کو زیادہ کرنا اس عہدہ کے واسطے ضروری اوصاف ہین تو مجھکو اپنے اس عہدہ کے قابل ہونے مین کسی طرح کا شبہہ نہین ہے۔ چند سال سے دنیا کے مختلف حصص مین شہری سپاہ کی ترتیب دینا میرا فرض رہا ہے برٹش نیشنل ریفل ایسوسی ایشن کا مین اصلی ممبر تھا اور ہمیشہ ومبلڈن کے لشکر کو دیکھنے جاتا تھا۔ کنیڈا مین بھی مثل آپ کے یہ فرقہ قومی طاقت کا تھا ہندوستان مین

آنے پر اس امر کے دریافت ہونے سے نہایت خوشی ہوئی کہ اسی شوق اور فوجی جوش نے جسکی وجہ سے انگلستان مین تین یا چار لاکھ نشانہ انداز موجود ہین بلکہ مجھکو کہنا چاہیے کہ قابل سپاہی ہین اِس دور دراز کے ملک مین مثل اُسکے ایک جلسہ مرتب کیا ہے - بہرحال اس بات کا مجھکو یقین ہے کہ اگر جناب ملکہ معظمہ قیصرۂ ہند دام اقبالہا آپ کو ملک کے اندرونی امن قائم رکھنے کے واسطے اُسوقت طلب کرین جبکہ اصلی افواج اجنبی غنیم سے سرحد پر جنگ مین مشغول ہو تو آپ نہایت جوش اور خوشی سے اس طلبی کے عوض حاضر ہونگے آپ کو اِس بات کے معلوم کرنے سے نہایت خوشی ہوگی کہ جو تکلیف اور محنت آپ نے خود بخود گوارا کی ہے یعنی فوجی قواعد کے مطیع ہونے اور اپنے درجون کے مرتب کرنے سے عوام کے واسطے آپ ایک ایسی طاقت جمع کر رہے ہین جو کسی وقت مین نہایت کارآمد ہوگی اور اسکی وجہ سے آپ ملک کو اصلی اور عملی فائدہ پہونچا رہے ہین جسکی قدردانی ہر درجہ کے آدمی کرینگے -

نمبر ۱۹

بنگال ٹیننسی بل

۹ - مارچ ۱۸۸۵ء

ہز ایکسلنسی نے بطور پریسیڈنٹ کے بیان کیا کہ اِس باب کے فوائد کی نسبت جو اتفاق رائے کانسل مین ظاہر کی گئی ہے اس سے مجھکو نہایت حیرت ہوئی - اسکے پورے طور پر استعمال ہونے سے جو فکر و تشویش زمیندار ورعایا کو لاحق ہوگی اُسکو مین بخوبی سمجھ سکا ہون اس مسئلہ پر علحدہ غور کرنے سے یہ ظاہر ہوتا تھا کہ اُس مقصد کے حاصل ہونے کے واسطے یعنی

کس طرح پر ہر دو فریق کے مابین بناے خصومت اور تنازع اور باہمی کشمکش دور ہو جو امورات اول اختیار کرنے چاہئیین وہ یہ ہین کہ فریقین اپنے خاص فرائض کو علیحدہ علیحدہ بخوبی معلوم کرین - حضور وایسراے نے فرمایا کہ میرے خیال مین کوئی شخص بلکہ خود انریبل ممبر بھی اس باب کے اجراے اصولاً اختلاف راے ظاہر نہین کر سکتے - ہز اکسلنسی نے انریبل ممبر کو اِس امر کا بھی یقین دلایا کہ صرف ان مشورات کے لحاظ سے ہی نہین جو گورنمنٹ ہند نے سکرٹری اسٹیٹ کے حضور مین پیش کیے ہین بلکہ بہ لحاظ اِس معاملہ کی اُن حاجتون کے جو گورنمنٹ ہند خود معلوم کرتی ہے دفعات کے صرف اُسطرح پر استعمال کرنے کے واسطے گورنمنٹ راضی ہوگی جسطرح پر لارڈ کیمبرلی صاحب کا منشا ہے - خاص اور محدود رقبہ پر اس بات کی کارروائی کو آزمایشی طریقہ پر استعمال کرنے سے وہ اِس امر کو دریافت کر سکینگے کہ کسطرح پر اسکے احکام اور دفعات کا عمل درآمد ہوتا ہے اِس بات کی امید کامل ہے کہ اگر ہوشیاری کے طریقہ سے کارروائی کیجاویگی تو وہ عذرات دور ہو جاوینگے جنکا ذکر انریبل ممبر نے کیا ہے -

نمبر ۲

جواب ڈیپوٹیشن زمینداران بہار

۱۰- مارچ ۱۸۸۵ء

مہاراجہ اور جنٹلمین - اُس ایڈریس کے سُننے سے جو بنگال ٹیننسی بل مین نکتہ چینی کرتا ہے اسوجہ سے نہایت اطمینان مجھکو حاصل ہوا کہ جو شکایات اُسمین ابتدا سے آخر تک بیان کی گئی ہے وہ اِس مسودہ قانون کے بابت نہین ہے بلکہ اُس ابتدائی اور عارضی قانون کی نسبت ہے جو بعد ازان

لوکل گورنمنٹ کی جانب سے نافذ ہونگے۔ قریباً تمام باتون پر جو آپ نے بیان کی ہین آپ کے قائم مقام قانونی کانسل مین بحث کر چکے ہین۔ اور مین اُن صاحبون کی لیاقت۔ صبر اور سہولت کا جو اُنھون نے اپنے سخت فرائض کے ادا کرنے مین ظاہر کی ہے کافی طور پر اقرار نہین کرسکتا بلکہ اُنکا اسوقت تذکرہ کرنا بھی نہایت نامناسب ہوگا۔ تاہم ایک معاملہ ایسا ہے جسکا آپ نے ذکر کیا ہے اور جسکی بابت مجھکو کچھ بیان کرنا لازمی ہے۔ زمیندارانِ بہار کی طرف سے آپ نے بیان کیا ہے کہ وہ اُس باب کو جسمین پیمایش اور اندراج حقوق کا ذکر ہے نہایت خوف سے دیکھتے ہین۔ مین آپ سے اِس بات کے یاد کرنے کی درخواست کرتا ہون کہ لوکل گورنمنٹ بلامنظوری گورنمنٹ ہند اُس باب کے احکام کے خاص امورات کا عمل درآمد نہین کرسکتی۔ اور سکرٹری اسٹیٹ نے اِس امر کی خاصکر سفارش کی ہے کہ جسوقت اُسکا عمل درآمد ہووے وہ آزمایشی طریقہ اور نہایت ہوشیاری کے ساتھ ہووے اور اُسکا تجربہ خاص اور جنوبی ضلع مین محدود ہووے۔ ان حالتون مین مین امید کرتا ہون کہ آپ اِس امر کا یقین کرینگے کہ خاص اِس باب کے عمل درآمد سے کوئی ایسا امر واقع نہوگا جس سے رعایا اور زمیندار کے فوائد کو کچھ ضرر پہونچے۔

اس مسودۂ قانون کے خاص مسئلہ کی نسبت یعنی رعایا کی بابت بہت زیادہ کیا گیا ہے یا بہت کم مین آپ کو یاد دلاتا ہون کہ میرے کانسل کے چند ممبران کی جو اعلیٰ درجہ کے تجربہ کار اصحاب ہین یہ رائے ہے کہ موجودہ قوانین زمینداروں کو نقصان نہین پہونچا سکتے اور نہ رعایا کو مناسب حفاظت دیسکتے ہین۔ اس اہم مسئلہ پر بعد بسیار غور مین اُس رائے مین

اپنی رضامندی نہین ظاہر کریگا اور نہ میرے شرکا کی کثرت راے تھی۔ برخلاف اسکے اِس تنازع سے ہمارا یہ یقین قوی ہوتا جاتا ہے کہ ہماری کارروائی زیادہ تر خلاف نہین ہے میرا یہ یقین ہے کہ علی العموم یہ قانون فریقین کے ساتھ یکسان اور مناسب انصاف کریگا شاید یہ بات واقع ہو۔ (فی الحقیقت اسکے خلاف نہین ہوسکتا) کہ اس پیچیدہ مسئلہ کے اسقدر وسیع رقبہ اور مختلف طرح کے طرائق کاشتکاری پر استعمال کرنے سے بعض اوقات جدید معاملات پیش آوین اور جس موقع پر اُسکی کارروائی سے وہ نتائج حاصل ہوتے ہین جو اِس قانون کے مرتب کنندہ کی مرضی کے خلاف ہین لیکن اس قسم کے نتائج ہر ایک قسم کے قانون مین حاصل ہوتے ہین۔ اس قسم کے ضروری نقص کے علاوہ مجھکو قوی امید ہے کہ بنگال ٹیننسی ایکٹ سے جو امورات پیدا ہوجاوینگے اُنسے موجودہ حالت کی زیادہ تر ترقی ہوگی کیونکہ متواتر گورنمنٹ اور کمیشن اور حکام اِن حالات کو ناجائز اور سخت بیان کرنے مین متفق ہین۔

۱۱۔ مارچ ۱۸۸۵ء یوم چہار شنبہ کو ایک جلسہ قانونی کونسل کا منعقد ہوا سر اسٹوارٹ بیلی صاحب کے بعد حضور وایسراے صاحب نے ارشاد فرمایا۔

اس تحریک پر راے جمع کرنے کے قبل مین اسکی نسبت چند الفاظ بیان کرنا مناسب خیال کرتا ہون سر اسٹوارٹ بیلی صاحب نے اپنی قابل تعریف اسپیچ مین گورنمنٹ ہند کی راے کو اس قدر پورے طور پر بیان کیا ہے اور اُن امورات پر جنکی بابت مین ذکر کرنا چاہتا ہون بحث کی ہے کہ مجھکو بہت کم کہنا باقی رہا ہے بلحاظ خاطر اپنے شرکاء کار کے اِس امر کا اظہار اس موقع پر مناسب خیال کرتا ہون کہ اس مسئلہ کے پاس کرنے مین اُنکے شریک ہونے سے مجھکو نہایت خوشی حاصل ہوئی ہے۔ یہ امر صحیح ہے کہ اس کام کی موجودہ حالت مین

شریک ہوتے ہوے مجھکو بہت کم عرصہ ہوا ہے لیکن اِسوجہ سے مین اُسن
جوابدہی سے علٰحدہ نہین ہوسکتا جسکے لیے گورنمنٹ ہند کا اعلیٰ افسر اس قانونی
کانسل سے کسی ایکٹ کے نفاذ کرنے کے واسطے مناسب طور پر ذمہ دار ہے۔
علاوہ اسکے کلکتہ مین داخل ہونے سے پیشتر مین اس مسودۂ قانون کے ہر ایک
امور تنقیح طلب سے بخوبی واقف ہوگیا تھا۔ اس قسم کے مباحثات ایکٹ ۱۰
سنہ ۱۸۵۹ء کی نسبت جبکہ مین ہند کا انڈر سکرٹری آف اسٹیٹ تھا وقوع ہوچکے
چند گذشتہ سال سے اور دیگر واقعات نے میری خاص توجہ قانون اراضی کے
جانب رجوع کرائی ہے۔ اُسوقت مین یہ بیان کیا گیا تھا کہ ایکٹ ۱۰ سنہ ۱۸۵۹ء
کے احکام بندوبست استمراری کے خلاف ہین۔ لیکن مجھکو اُسوقت اور نیز
اِسوقت مین بھی یہ یقین تھا اور جو اُس زمانہ اور نیز اِس زمانہ کی برٹش اور
انڈین گورنمنٹ کا یقین تھا اور ہے کہ لارڈ کارنوالس صاحب نے جو
اقرار بندوبست استمراری کے واسطے کیا تھا اُس سے یہ مراد ہے کہ جو جمعبندی
اُسوقت مین زمینداروں پر لگائی گئی تھی اُسمین کسی قسم کی زیادتی نہو۔ لیکن
زمیندار اور رعا کے مابین دائمی تعلق سرکاری طور پر قائم کرنے کے بجاے
اُسوقت کی گورنمنٹ ہند اور ایسٹ انڈیا کمپنی نے رعایا کے حقوق کی حفاظت
کے واسطے صاف اور ظاہرا طور پر دست اندازی کرنے کے استحقاق اپنے
واسطے جبکہ بوجہ خاص امورات دست اندازی کی ضرورت ہووے محفوظ
رکھا۔ اِس امر کے بیان کرنے مین مجھکو کسی طرح کا تامل اور پس و پیش نہین ہے
کہ اگر لارڈ کارنوالس صاحب اور اُنکے سرکار اس قسم کی شرط
قائم نہ کرتے تو بھی اِس قسم کے قوانین کے نفاذ اور صدور کے واسطے جس
قسم کا ہم نافذ کرنے کو ہین بغرض حکمت عملی و فوائد عوام اصلی اور

لازوال حق حاصل ہوتا ہین اِس امر کو نہین بیان کرسکتا کہ اس مسودۂ قانون کی پیچیدگیون پر واقفیت حاصل کرنے مین باوجود کوشش بلیغ کے مین اِس قابل ہوا ہون کہ مین اِس مسودۂ قانون کے ادنی امورات کی نسبت اپنی مستقل رائے دے سکون کیونکہ منجملہ اِن امورات کے زیادہ تر اصطلاحی طریقہ کے ہین اور اُنکا فیصلہ صرف وہ اصحاب ہی کرسکتے ہین جو ملک کے زراعتی حالات سے عالمانہ وقفیت رکھتے ہین۔ پھر اِس مسودہ کے بعض حصص ایسے ہین جنکی نسبت مین نے اپنی رضامندی نہایت کامل اور پورے یقین سے ظاہر کی ہے اور بعض حصص ایسے ہین جنکی نسبت اپنی رائے کو ان اصحاب کی رائے کے تابع کیا ہے جو اِس امر کے فیصلہ کے واسطے مجھسے زیادہ قابلیت رکھتے ہین۔ اِسکے خلاف وقوع مین آنا ناممکن تھا اور اِس بات کو بلا تامل بیان کرتا ہون کہ کُل مسودہ اور اُسکے اصول عام حالات اور خاص خاص جزئیات اور اُسکی موجودہ حالت کا دلی اور صادق طور پر مین حامی ہون۔ مسٹر رینلڈ صاحب کا اور میرا یہ یقین ہے کہ یہ قانون لارڈ کارنوالس کے بندوبست کے جوہر کا آج کل کی زبان مین ازسرنو ترجمہ ہے۔ لارڈ ممدوح کے ارادہ کے مطابق ہے۔ اُنکے خیالات کا عمل درآمد کرتا ہے اور اِسکا منشا ویسا ہی فیاضانہ اور خیرخواہانہ ہے جو قواعد ۱۷۹۳ء کے اصلی مرتب کنندگان کا تھا۔ لارڈ کارنوالس کی یہ خواہش تھی کہ جو کچھ تباہی اور مصیبت زمینداروں پر زمانۂ سابق کی گورنمنٹ کے متواتر اور غیر مستقل زیادتی کی وجہ سے تھی اُس سے زمینداروں کو آزاد کرین اور اُنکی تحریر سے ظاہر ہوتا ہے کہ زمینداروں سے رعایا کے حق مین اُسیقدر رعایت کی اُنکو امید تھی۔ اِس بات کے خیال کرنے سے مَین نہایت خوش ہون کہ ہم مین سے ہر ایک شخص کے

دل مین جو اسوقت اِس جگہ موجود ہین اگرچہ اِس مسئلہ کی مختلف دفعات کی
نسبت ہماری ذاتی رائے خواہ کچھ ہی کیون نہو یہ سچی خواہش ہے کہ ہر فریق
کے ساتھ انصاف کیا جاوے اور اُنکے تعلقات کا انتظام اِس طریقہ پر
کیا جاوے کہ ایک فریق کے حقوق کا دوسرا فریق لحاظ اور حفاظت کرے
اور ہم مین کوئی ایسا شخص نہین ہے اگر یہ امید ہوتی کہ زیادہ مباحثہ سے
اِس سے زیادہ قابل اطمینان نتیجہ حاصل ہوسکتا ہے زیادہ محنت اور تکلیف گوارا نکرتا-
یہ چند باتین مسودۂ قانون کی نسبت بیان کرنا ضروری خیال کرتا ہون-
لیکن گورنمنٹ ہند اور اُسکے جو بدہ افسر کے خلاف ایک الزام لگایا گیا ہے
جو اِسقدر عجیب اور بے بنیاد ہے کہ مین اپنے اور اپنے شرکار کار کو اِس معاملہ
مین بے جُرم ثابت کرونگا- پارلیمنٹ مین استعمال کیے جانے کی غرض سے
ایک تار انگلستان کو روانہ کیا گیا ہے اور اِسکی وجہ سے یہ بیان کیا جاویگا
کہ وائسراے ہند نے اِس مسودہ کو قانونی کانسل مین نہایت تعجیل سے
پاس کیا ہے تاکہ بعجلت شملہ کو روانہ ہوجاوین- اِس بات کو ہرگز نہین بیان
کرنا چاہیے تھا- اِس قانون کے نفاذ مین کسی قِسم کی تعجیل یا خواہش تعجیل
ہونے کے بجاے مین کانسل کو یاد دلاتا ہون کہ سنہ ۱۸۸۳ء سے جبکہ یہ مسودہ
اول پیش ہوا تھا اِسوقت تک برابر اِسپر غور کیا گیا ہے بلکہ مجھکو کہنا چاہیے
کہ مارچ سنہ ۱۸۸۱ء سے جبکہ گورنمنٹ ہند نے ایک خط لکھا تھا- فریقین کو
اپنے عذرات بیان کرنے اور قانونی کانسل کے ملاحظہ کے واسطے جو تبدیلات
وہ خیال کرین پیش کرنے کا بہت زیادہ موقع دیا گیا تھا- کانسل مین بعد
بسیار بحث کے وہ سِلکٹ کمیٹی کے سپرد کیا گیا- اِس کمیٹی نے
چونسٹھ مرتبہ نشست کی- اور ہر ایک نشست قریب چار گھنٹہ کے رہی- یہ

ایک دفعہ تھی یہ دفعہ نامناسب خیال کی گئی اور اسوجہ سے اُسکو دور کردیا گیا
ایک باب غیر قابض رعایا کو بیدخلی کے وقت معاوضہ دینے کے بابت تھا-
زمینداروں کے قائم مقاموں نے یہ امر بیان کیا کہ اِس قسم کے جدید اصول کے
اجراسے بہت سی ناانصافی ہوگی-جس باب مین عدالت کے باہر اقرارنامجات
زیادتی کے بابت ذکر ہے اُسجگہ حتی المقدور زمینداروں کے بیانات پر غور
کیا گیا ہے-اور ایک دوسری دفعہ بارہ فیصدی کے قاعدہ کے جلد استعمال
ہونے کی سختی کو دُور کرنے کے واسطے ایزاد کی گئی ہے-حصول دعوے و
مطالبہ کی بابت دفعات زمینداروں کے فوائد کے واسطے زیادہ کی گئی ہین-
اور آج ہی انزیبل مسٹر ہنٹر صاحب نے ایک نہایت مفید ترمیم کے واسطے
تحریک کی تھی اور اُسکو کانسل نے اتفاق راے سے منظور کیا کیونکہ اُنکو یہ فکر ہے
کہ زمینداروں کو اپنی جائداد کی ترقی کے واسطے ترغیب دی جاوے اور
غیر ضروری تخصیص اُس قطعات زمین کی بابت جسکو وہ اپنی کاشتکاری مین
لاوین دُور کردی جاوے-ہم نہین کہ سکتے کہ ان تبدیلات کے قبول کرنے مین
ہردو فریق کو یکسان انصاف پہونچانے کے علاوہ کوئی اور سبب بھی تھا-
بغرض رضامندی زمینداران اِن تبدیلات کو ہمنے اختیار نہین کیا ہے-
رعایا کی نسبت جو ہمارے فرائض ہین اُنکے یہ خلاف ہوتا-علاوہ برین
راضی نامہ کرانا گورنمنٹ ہند کے حیطۂ امکان سے باہر ہے-گورنمنٹ ہند
انصاف کرتی ہے اور اِس مسودہ مین انصاف کرنی کی کوشش کی گئی ہے
اُن باتون کو اِسوجہ سے منظور کیا کیونکہ ہمارے خیال کے بموجب اُنکی درخواست
مناسب تھی-اِس واقعہ کا بغرض تردید اِس بیان کے ذکر کیا ہے کہ زمینداران
اور اُنکے قائم مقامون نے جو ترمیم اپنے فوائد کے واسطے پیش کی عموماً وہ

یا تو نامنظور ہوئی یا اُسپر غور نہین دیا گیا۔ مجھکو خوف ہے کہ اُن تبدیلیات کا
تذکرہ جو علی العموم زمینداروں کے فوائد کی بابت ہین میرے آنریبل شریکار
کی اُس تکلیف کو تر و تازہ کریگا جو اِن تبدیلیات کے خلاف تھے۔ اور جو
بجاے تسلیم کرنے اِس امر کے کہ زمینداروں کے ساتھ سخت برتاؤ کیا گیا ہے
یہ بحث پیش کرتے ہین کہ بر خلاف اِسکے یہ مسودۂ قانون رعایا کو مناسب
حفاظت نہین دے سکتا۔ بہرحال یہ امر ظاہر ہے کہ گورنمنٹ ہند کو اِن
مباحثات مین فرق کرنے کی غرض سے جو اِس کانسل مین زمینداروں
اور رعایا کے فصیح قائم مقامون نے کیے ہین نہایت سخت طور پر اپنے دل کو
ضبط کرنا پڑیگا۔ ہم سے بیان کیا گیا ہے کہ اِس قسم کے مسئلہ کی ترقی کے واسطے
بہت بڑی جوابدہی اپنے ذمہ ہمنے لی ہے۔ اس بیان کے صحیح ہونے سے
مین بھی انکار نہین کرسکتا۔ یہ نہایت ہی اہم مسئلہ ہے۔ اِسکا اثر بہت بڑے
فوائد پر پڑتا ہے۔ اور اسکے نتائج بہت بڑے ہونگے۔ لیکن میری یہ راے ہے
کہ زیادہ تر جوابدہی اُن اشخاص کے ذمہ ہوتی جو اپنے اختلاف مین کامیاب
ہوتے جو قابض رعیت اور اُن حقوق کے درمیان پڑتے جنکو ہر ایک شخص
تسلیم کرتا ہے۔ اور جس سے ہر ایک شخص واقف ہے کہ اگر یہ قانون نافذ
نہ ہوتا تو جاتے رہتے۔

۱۳۔ مارچ ۱۸۸۵ء یوم جمعہ کو ایک جلسہ قانونی کونسل کا منعقد ہوا
ہز اکسلنسی ہنے ارشاد فرمایا۔

مین اپنے شرکاء کار سے اِس امر کی معذرت چاہتا ہون کہ مین نے
پھر کونسل مین آپ کو طلب کیا لیکن حال مین جلسہ کا ملتوی ہونا ایک اتفاقیہ
امر تھا۔ مجھکو یکایک اپنے کمرے مین زیادہ عرصہ تک ٹھہرنا پڑا۔ اور مسٹر گبس سے

سب زمانہ اگر جوڑ لیا جاوے تو اُنیس یا بیس روز ہوگا اور ہر ایک دن
بارہ گھنٹہ کا ہوگا اِن مباحثات مین زمینداروں کے قائم مقامون کو بخوبی
موقع اِس بات کا دیا گیا تھا کہ اپنی راے کو اپنے شرکاء کار پر ظاہر کرین -
اور اُنکے بیانات نے کسی قسم کا اثر نہ پہونچانے کے بجاے اور انریبل ممبر کا
بیان صحیح ہونے کے بجاے کہ جو ترمیم زمینداروں کے قائم مقامون نے کی ہے
اُنپر کمیٹی نے مناسب غور نہین کیا ہے مین یہ بیان کرسکتا ہون کہ جس وقت
سے مین اِس ملک مین آیا ہون یعنی دو یا تین ماہ ہی کے زمانہ مین نہایت
مفید قسم کی ترمیمات جنکو زمینداروں نے نہایت ضروری خیال کیا اِس مسودۂ
قانون مین ملادی گئی ہین - اِن ترمیمات مین لفظ جائداد کا علحدہ کرنا ہے جسکی وجہ سے
اِس دفعہ کی کارروائی زمینداروں کے فوائد کے واسطے بہت مضر ہوگی - حق انتقال جو
اصلی مسودہ مین موجود تھا جماعت زمینداروں سے علحدہ کردیا گیا ہے اِسی وجہ سے اِس
امر کا بھی فیصلہ ہوا تھا کہ بیدخل رعیت سے ابتدائی لگان طلب کرنے مین کسی قسم کی حد
نہین قائم کرنی چاہیے - یعنی زمیندار اور اُسکی رعیت کے مابین لگان کی بابت
معاہدہ کی آزادی مین کسی قسم کی دخل اندازی نہونی چاہیے کیونکہ یہ معلوم ہوگا
کہ اِس مسودۂ قانون نے دخل کے قدیم رواجی اور تسلیم شدہ حقوق - اسکے
اتفاقیہ لوازمات جو قابض رعایا مین موجود ہونے کو تسلیم کیا گیا ہے اور غیر قابض
رعایا کی غیر مستحق حالت کے مابین فرق کیا گیا ہے - یہ بھی تجویز تھا کہ لگان
عام حد لگائی جاوے اور جو کل پیداوار کا پانچوان حصہ ہوگا یہ تخصیص موقوف
کردی گئی ہے - عدالت مین جو زیادتی کیجاتی ہے اُسپر اصلی مسودہ مین خفیف
تخصیص قائم کی گئی تھی - یہ تخصیص دور کردی گئی ہے - گذشتہ بیس سالون مین
جو معاہدے زمینداروں اور رعایا کے مابین ہوے ہین اُسکی تنسیخ کے واسطے

میر مجلس ہونے کی درخواست کی گئی لیکن کانسل مین امورات اسقدر جلدی طے ہوے کہ میرے واپس آنے تک کانسل برخاست ہوگئی۔ اُس امر کا مجھکو نہایت افسوس رہا خاصکر اِسوجہ سے کہ مین انربیل ممبران کا اُنکی دِلی اور مفید امداد کا جو اُنھون نے اس سشن کی قانونی کارروائی مین براہِ مہربانی دی ہے شکریہ ادا کرنے کے لیے موقع تلاش کرنے کا فکرمند تھا علاوہ برین چند باتین بھی بیان کرنا چاہتا تھا۔ ۹۴

کانسل کے جلسۂ گذشتہ مین اُس بے بنیاد خبر کا جو اِس ملک سے ولایت کو اس غرض سے روانہ کی گئی ہے کہ بنگال ٹمیننسی ایکٹ کو نہایت نامناسب تعجیل سے قانونی کانسل صادر کرنا چاہتی ہے تاکہ وایسراے اور گورنمنٹ ہند کے ممبران شملہ کو روانہ ہو جاوین نہایت افسوس کے ساتھ ذکر کیا تھا۔ اِس غلط بیانی کا اعادہ پارلیمنٹ مین بھی کیا گیا ہے۔ اِس بیان پر اِسقدر اور ایزاد کیا گیا ہے اور یہ بیان بھی اُسیقدر غلط ہے کہ اِس مسودۂ قانون کو کانسل مین سرکاری افسران کی کثرت راے کی وجہ سے اسکے مخالفین نے بجبر منظور کیا ہے۔ اسکے جواب مین اِسقدر کہنا کافی ہے کہ کانسل کے خودمختار حصہ پر سرکاری کثرت راے کا زور ڈالنے کے بجاے صِرف دو مخالف آوازین اِس مسودہ کے خلاف بلند ہوئی ہین چنانچہ فوراً یہ مسودہ ہمارے فرقہ کے قریباً اتفاق راے سے پاس کیا گیا اور ہند مین قوانین کے نفاذ کی غرض سے پارلیمنٹ کے عقیل ممبران نے اِس فرقہ کو وایسراے کا شریک کار کیا ہے۔

پیشتر مین نے یہ بیان کیا ہے کہ اِس مسودۂ قانون کی ادنیٰ باتون کی جانچ کے واسطے بہت زیادہ وقت صرف ہوا ہے اور گیارہ ممبرون کی بڑی

کمیٹی کی بے شمار نشست (یعنی چونسٹھ) کا ذکر کیا تھا منجملہ گیارہ ممبرون کے صِرف دو گورنمنٹ ہند کے ممبر تھے خود ہنے چھ یا سات گھنٹہ روزانہ برابر سات روز تک صرف کیے اور بعد غور کامل آخر کار آخری اُوٹ حاصل کر سکے اُسوقت ایک بھی ایسا ممبر نہین تھا جو یہ بات کہہ سکتا کہ اِسکی ادنیٰ باتون پر بھی کافی اور پورا مباحثہ نہین ہو چکا ہے۔ اگر معاملہ اور طرح واقع ہوتا تو کوئی ہم مین ایسا نہ تھا اور آیندہ چھ ماہ تک بخوشی وبمستعدی مباحثہ کرنے کو راضی نہ ہوتا۔ اگر ہمکو یہ امید ہوتی کہ اِس مباحثہ سے کوئی موجودہ نتیجہ کے خلاف کوئی دیگر نتیجہ حاصل ہو سکتا ہے یا زیادہ مباحثہ سے کسی طرح کی تبدیلی ممبران کی راے مین واقع ہو سکتی ہے۔

اِس مسئلہ پر عرصۂ دراز تک مباحثہ خاص وجہ سے کیا گیا ہے۔ یعنی اُس امر کے ظاہر کرنے کے واسطے کہ کِس قدر ایذا گورنمنٹ ہند کو پہونچ سکتی ہے کِسقدر ضرر برٹش مشیران قانونی سے پہونچ سکتا ہے اگر بے بنیاد امورات کی نسبت پارلیمنٹ مین تحریک کرین۔ اور جن غلط بیانیون کو اِس ملک کے خاص فوائد کے ایجنٹ جماعتی اغراض کے واسطے کرتے ہین مسودۂ قانون جسپر اِسقدر مباحثہ ہوا ہے اچھا ہو یا خراب ہو اسکو اِس معاملہ سے کچھ تعلق نہین۔ لیکن بہرحال یہ ظاہر ہے اور اِسکے خلاف کچھ نہین کہا جا سکتا۔ کہ ہر ایک دفعہ اور اِس دفعہ کے ہر ایک لفظ کو مشیران قانونی نے نہایت مفصل طور پر ایمانداری کے ساتھ جانچ کیا ہے اور یہ خیال کہ یہ مسودہ بہ تعجیل پاس ہوا ہے یا کہ گورنمنٹ ہند کے سرکاری ممبران کے دباؤ سے کانسل نے منظور کیا ہے واقعات کے خلاف ہے۔ اِس کانسل کے صاف اور معزز ارادہ کی پیروی کر کے اور اصل واقعات کو دائمی طریقہ پر مرتب کر کے مین اسطرح کے

غلط بیانات پر ہرگز آیندہ مائل نہونگا خواہ اِس مسئلہ کی نسبت ہو خواہ کسی دیگر مسئلہ کی نسبت۔

نمبر ۱۲

بتقریب جلسۂ تقسیم انعام بتھون اسکول۔

۱۳۔ مارچ سنہ ۱۸۸۵ء

لیڈیان اور جنٹلمین۔ چیف جسٹس صاحب نے مجھکو اس موقع پر چند الفاظ بیان کرنے کے واسطے فرمایا ہے اور نہایت خوشی سے مین بیان کرتا ہون — یہ اول ہی موقع ہے کہ مجھکو اُس قسم کے انسٹیٹیوشن سے سابقہ پڑا ہے جسکا منشاء کلکتہ مین تعلیم نسوان کی ترقی ہے۔ مین بخوبی واقف ہون کہ ہندوستان مین تعلیم نسوان کا مسئلہ نہایت ضروری اور نازک مسئلہ میرے مانند شخص کے بیان کرنے کے واسطے ہے اور اِس مکان مین روشن۔ تیز فہم اور خوشنما اشکال کے دیکھنے سے ہر ایک شخص یہ کہہ سکتا ہے کہ مُلک کی نوجوان لڑکیون کی تعلیم نہایت عمدہ شے ہے۔ فی الحقیقت اگر میری یادگار قابل قائم رکھنے کے ہے تو اِن مدارس مین قائم رکھنے کا خواہان ہون نہ بذریعۂ اُن تصاویر کے جنکو دیکھکر سیاح لوگ اُن مشہور اشخاص کو جو اپنے ملک کی جانب سے ہندوستان مین کام انجام دیتے ہین یاد کرتے ہین (نعرۂ تعریف) مسٹر ڈرنک واٹر بتھون کا نام آیندہ نسل مین اُس روشن ہالہ سے گھرا ہوگا جو اُن مشہور مدبران اور سپاہیان کے نام کے گرد ہے جنھون نے اِس ملک مین شہرت حاصل کی ہے (نعرۂ تعریف) بلاشک اِس قسم کے موقع پر لیڈیون سے کچھ بیان کرنے کی مجھسے امید کیجاویگی — اِن موجودہ لڑکیون کو مین یاد دلاتا ہون کہ اِنکی آیندہ زندگی کا بہبود اور آرام زیادہ تر اِسوقت مین اپنے وقت کو مناسب طور پر استعمال کرنے پر منحصر ہے — مین

یقین کرتا ہون کہ اس مدرسہ کی ہر لڑکی نیکی کا اثر - خوشی کا مخرج - اور جس
خاندان مین جاویگی اُسکی تہذیب کا مرکز ہوگی اور اِن عمدہ اصول کی جو
اُسنے اپنے اِس مدرسہ مین قیام کرنے کے زمانہ مین حاصل کیے ہین اَوْر
اشخاص کو تعلیم دیگی - تعلیم نسوان ہر ایک قوم کے واسطے نہایت ضروری
شے ہے - ملک کا فرقۂ ذکور اُسی طرح کا ہوتا ہے جس طرح فرقۂ اُناث اُنکو بنادے
ہم امید کرتے ہین کہ تعلیم نسوان کی نہایت کامیاب حامی وہ طلبا ہونگی
جو اِسوقت اسجگہ فراہم ہین اور جو اپنی نصیحت اور مثال سے اُن فوائد کا جو
اُنھون نے حاصل کیے ہین اَورون پر بھی توسیع دینگی اور جو زندہ
شاہد مسئلہ تعلیم نسوان کی ہند مین ہونگی - (زور سے نعرۂ تعریف) -

صہ ۵۳

نمبر ۲۲ ص

جواب مینونسپلٹی الہ آباد

۲۴۔ مارچ ۱۸۸۵ء

میرے الہ آباد پہونچنے کے وقت جو استقبال آپ نے کیا ہے اُسکا مین نہایت شکر گزار ہون۔ صرف مجھکو اس بات کا افسوس ہے کہ بوجہ نہایت ضرورت کے مین زیادہ عرصہ تک نہین ٹھہر سکتا۔ جن مینونسپل انسٹیٹیوشن کا آپ نے اپنے ایڈریس مین ذکر کیا ہے اُنکی عاملانہ قابلیت اور اصلی ضرورت کے یقین کرنے کا مجھکو پھر موقع ملا ہے۔ مجھکو کسی قسم کا شبہہ نہین ہے کہ آپکی لیاقت اور کلام کی قابلیت سے یہ عمدہ شہر فائدہ حاصل کریگا۔ جن بہادرانہ الفاظ مین اپنی خدمات آپنے گورنمنٹ کو دینے کا وعدہ کیا ہے اُسکے تسلیم کرنے کا بھی مین خواہشمند ہون۔ (سنو سنو) آپ کی اطاعت اور وفاداری کا انگلستان کو فخر ہے (نعرۂ تعریف) اور شکرگزاری سے اُس بہادری اور جرأت کو تسلیم کرتا ہے جو حال مین ہندوستانی سپاہ نے انگریزی سپاہ کے ہمراہ مصر کے رتیلے میدانون مین ظاہر کی ہے (نعرۂ تعریف) مین یقین کرتا ہون کہ ہند مین کوئی انگریز ایسا نہین ہے جسکا دل فخر اور خوشی سے نہ پھڑکتا ہوگا کہ بہادران ہند نے اپنے بادشاہ کی اطاعت اور سلطنت برطانیہ کی وفاداری کا ایسا عمدہ ثبوت دیا ہے۔ اِس سے زیادہ عمدہ ثبوت باہمی اعتماد اور قدردانی کا بوجہ جسکے ہم ایک ہی وفادار جماعت مین شریک ہون خواہ ہندوستانی ہون خواہ انگریز جنمین سے ہر ایک جناب ملکہ معظمہ قیصر ہند کی اطاعت قبول کرتا ہے کیا ہو سکتا ہے (پھر نعرۂ تعریف)۔

نمبر ۲۳

جواب ایڈریس مینونسپلٹی راولپنڈی

۲۷-مارچ ۱۸۸۵ع

مینونسپلٹی راولپنڈی کے پریسیڈنٹ اور جنٹلمین - آپ کے دلی خیر مقدم کا دل سے شکریہ ادا کرتا ہون اور نیز اُن الفاظ کا جو آپ نے خاص میرے واسطے استعمال کر کے مجھکو معزز فرمایا - اِس امر کے دریافت کرنے سے مین نہایت خوش ہوا کہ آپ اُن کوششون کی جو حضور ملکہ معظمہ قیصرہ ہند دام اقبالہا نے اور نیز حضور ممدوحہ کی گورنمنٹ نے دو برکتون کے قائم رکھنے اور توسیع دینے مین کی ہین نہایت قدردانی کرتے ہین - یہ برکتین تہذیب اور انسانی خوشی کی بنیاد کے نتائج ہین اور وہ امن اور انصاف ہین - اِس امر کو نہایت خوشی سے تسلیم کرتا ہون کہ ہند کے باشندے ہر ایک مقام پر جہان میرا گذر ہوا ہے تعلیم اور مینونسپل لوکل سلف گورنمنٹ کے فوائد کو بخوبی سمجھتے ہین - ہمارا خاص ارادہ اور خواہش ہے کہ تعلیم کے فوائد کو حتی المقدور وسعت دین اور سلف گورنمنٹ کی کارروائی کو پورا موقع دیوین - یہ کام آپ کا اور آپ کی اولاد کا ہے کہ اپنے احباب اور خیر خواہون پر یہ ظاہر کرین کہ اِن بڑے حقوق سے کِسقدر مفید اور عاملانہ فائدے حاصل ہو سکتے ہین - جس وجہ سے مجھکو اِس جگہ آنا پڑا شِل آپ کے مین بھی اُس موقع کو بہت بڑا خیال کر کے نہایت خوش ہون کہ سب سے بڑا اول کام جو مجھکو انجام دینا پڑا ہے وہ میرے

خیالات کے مطابق ہے۔ اُن شاہزادون سے دوستانہ تعلقات کو ترقی دینا
جنکے ممالک ہمارے ملک سے ملحق ہین نہایت واجب ہے اور وایسرائے کے
فرائض مین سے یہ نہایت خوشگوار فرض ہے۔ اور مین بھروسہ کرتا ہون کہ ص۴۵
حاکم افغانستان سے میری ملاقات کو ہمارے ہمسایہ اُس خواہش کی علامات کو
خیال کرینگے کہ ہم اُنکے حقوق کی عزت کرتے ہین اُنکے رتبے کو تسلیم کرتے ہین۔
اور جو اعتماد عرصۂ دراز سے وہ ہمپر رکھتے ہین اُسکو مستحکم کرتے ہین۔ جناب
ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کی ذات خجستہ نہاد اور تخت شاہی کی جانب جو الفاظ
وفاداری اور اطاعت کے ظاہر کیے گئے ہین اور گورنمنٹ ہند کے واسطے
روزانہ جو خدمات کے وعدے ہمارے سرحدی ہندوستانی سرداران اور
شاہزادگان کرتے ہین وہ اِس امر کے شاہد ہین کہ ہماری نسبت اعتقاد
زیادہ مضبوط ہوتا جاتا ہے اور ہمارے احباب کی وفاداری بھی ترقی پر ہے۔
آپ کے دلی استقبال کا جنٹلمین پھر شکریہ ادا کرتا ہون۔

نمبر ۲۴

جواب اڈریس مینونسپلٹی لاہور

۱۵-اپریل ۱۸۸۵ء

صاحبان - آپ نے میرے لاہور پہونچنے پر جو اُن لوگون کا تاریخی مرکز ہے جو اپنی تہور اور مردانگی اور پاس عزت کے لحاظ اور بہادرانہ خیر خواہی کے لیے ہمیشہ مشہور رہے ہین جو عنایت آمیز خیر مقدم میرا کیاہے اُسکے لیے مین آپ کا نہایت مشکور ہون - مین یہ دیکھکر متعجب نہین ہون کہ آپ لوگ برٹش گورنمنٹ اور نیز حضور ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کے انصاف اور اِس سچی خواہش کو کہ ہندوستان مین امن اور عمدہ گورنمنٹ کی برکات کو حضور ممدوحہ کی تمام رعایا پہ توسیع دیجاے تسلیم کرتے اور تقویت دیتے ہین - کیونکہ جو لوگ خود بہادرانہ اور شریفانہ خصلت سے ممتاز ہوتے ہین وہی لوگ دوسرون مین تہور اور عالی ہمتی تسلیم کرتے ہین - مجھے ابتک بہت سے موقع مینونسپل جماعت کے ساتھ ہمدردی ظاہر کرنے کے مِل چکے ہین - جو مثل آپ کے اِس بات کے ثابت کرنے مین مصروف ہین کہ ہندوستان کے مختلف فرقون کے سرگروہ اُن فرائض کو جو لوکل سلف گورنمنٹ کے حقوق نے اُنپر واجب کر دیے ہین تعریف کے ساتھ بجالانے کے قابل ہین اور اب اِس سے زیادہ کہ مین اپنی اِس دلی خواہش کا اظہار کرون کہ آپ کی کوششون مین کامیابی ہو اور کچھ کہنا غیر ضروری ہے -

اسوقت کہ مین ایک ہمسایہ حکمران کے ساتھ جسکی سلطنت پر جہانتک کہ ہم دریافت

و معلوم کر سکتے ہین ایک بوجہ حملہ ہوا ہے ایک ضروری ملاقات کر کے آرہا ہون میرے لیے حضور ملکہ معظمہ اور برٹش گورنمنٹ کے وکیل ہونے کی حیثیت سے یہ نہایت ہی اطمینان کا باعث ہے کہ حضور بوجہ کی تمام ہندوستانی رعایا روسا اور عام لوگ یکدلی سے ہماری اپنی سرحد سے بھی ایک فاصلہ پر برطانیہ کلان کے جھنڈے کے گرد جمع ہونے کے لیے مستعد ہین جبکہ کسی قسم کا خطرہ ملکی امن مین خلل اندازی کرنے والا پیدا ہو جاتا ہے اگرچہ ابھی یہ کہنا ناممکن ہے کہ اس بڑی نازک حالت کا انجام کس طرح ہوگا لیکن یہ آپ کو یقین رکھنا چاہیے کہ اگر نوع انسانی کی ایذادہی کے لیے جنگ تک نوبت پہونچی تو جو کوششین کہ برٹش گورنمنٹ اس خوفناک نتیجہ کے روکنے کے لیے کر رہی ہے اُنکے اور اُسکے نہایت معتدل اور صلح آمیز رویہ کے خلاف ہو گی۔

نمبر ۲۵

جواب اڈریس انڈین ایسوسی ایشن لاہور

۱۶-اپریل ۱۸۸۵ع

صاحبان۔ آپ نے مجھے جس مہربانی سے خیر مقدم کا اڈریس ایسے دوستانہ اور محبت آمیز الفاظ مین دیا ہے مین اُسکا متشکر ہون اور اس بات سے مین اور بھی خوش ہون کہ یہ ایک ایسی جماعت کی طرف سے ہے جسکو اِس نواح کے ہندوستانی فرقہ کے نہایت اعلیٰ تعلیم یافتہ اور روشن ضمیر حصہ کا وکیل خیال کرنا واجب ہے۔ مین آپ کے اُس خیال کی بخوبی قدر کرتا ہون جس سے آپ نے اِس ملک کے خارجی تعلقات کے متعلق عظیم ترددات کے درپیش ہونے کا اشارہ کیا ہے اور جنکی طرف فی الحال بہت سے نہایت ہی ضروری اور اہم اندرونی معاملات کو چھوڑ کر گورنمنٹ ہند کا توجہ دینا ضرور ہے۔ اِن اندرونی معاملات مین سے بہتون کا آپ نے اِس

اڈریس مین ذکر کیا ہے اور مین یہ خیال کر کے خوش ہون کہ مین نے پہلے ہی اُن مین سے بعض پر کسیقدر مناسب اور ہمدردی سے توجہ کی ہے اور مین امید کرتا ہون کہ اسکا نتیجہ کبھی میری گورنمنٹ کی طرف سے کوئی عملی ترقی ہوگا - اور مجھے یہ بیان کرنے کی بھی ضرورت نہین کہ جو اُمور باقی ہین اُنکی طرف بھی مین اور میرے مشیر کار پوری پوری توجہ دینے سے قصور نکرینگے -

مگر آپ اپنے اڈریس کو دو خاص گزارشون پر ختم کرتے ہین جنکی نسبت آپ کا یہ خیال کرنا ناواجب نہین کہ ایسے وقت مین جبکہ برطانیہ کلان کے تعلقات ایک خارجی طاقت سے کسیقدر کھنچے ہوئی اور ناقابل اطمینان طور کے ہین اُنکے ساتھ مناسب سلوک ہوگا - لیکن بلا ذکر اس بات کے کہ قانون اسلحہ کی نظر ثانی یا دیسی والنٹیر فوج کے قائم کرنے کی نسبت جو گزارشات آپ نے کی ہین وہ کسقدر قدر و منزلت کی ہین مجھے آپ کو صاف دلی سے یہ تبلا دینا ضروری ہے کہ یہ دونون ایسے معاملے ہین جنپر اسوقت کے حالات کو کنار رے . کھکر خاص انکے ہی نشیب و فراز کے اعتبار سے بحث ہونا اور راے قرار پانا ضرور ہے اور مجھے یقین ہے کہ آپ لوگ اس بات کے خواہشمند نہ ہونگے کہ مین ایسے موقع پر کہ اتفاقی طور پر آپ کے شہر مین آیا ہون اِن اُمور پر کچھ کہون اور بیشک گورنمنٹ بہت بڑی غلطی کی مرتکب ہوگی اگر وہ ایسے دو عظیم اور اہم مسئلون کے انفصال مین عجلت سے کام لے کیونکہ اگر انکا آپ کے حسب دلخواہ طریق کے موافق فیصلہ بھی عمل مین آئے تب بھی سب سے پہلے آپ ہی اس بات کو تسلیم کرینگے کہ اُنپر اول تو ہندوستان مین موثر اور مفید طور سے عملدرآمد نہین ہوسکتا اور جہان کہین ہوگا اسکے ساتھ سخت قیود لگانے پڑینگے جنکے وضع کرنے کے لیے بڑا غور و فکر مطلوب ہے -

آپ نے یہ سچ کہا کہ روساے اور رعایا راہل ہند نے خارجی جھگڑون کی پہلی تشویش پر

تاج اور گورنمنٹ برطانیہ کلان کی نسبت خیر خواہی کے عمدہ اور اعلیٰ جوش دلی کا اظہار کیا ہے ایسا کرنے سے حضور ملکہ معظمہ اور انگریزی قوم پر اُنکی دلیری اُنکی خیر خواہی اور اُنکی دانشمندی ظاہر ہوگئی کیونکہ اگر ہندوستان خارجی حملہ کا تماشاگاہ ہو جائے - یا اگر اُسکی قدیم تہذیب مین جسمین ازسر نو جان ڈالی گئی ہے اور ترقی پذیر ہے اور اُس امن اور آسائش مین جو اِسوقت اُسے حاصل ہے، تلوار اور آگ اور اُنکے تمام انقلاب پیدا کرنے والے لوازمات سے ابتری اور پریشانی پیدا ہو تو اِس سے جو مصیبتین اِس ملک کے باشندون پر نازل ہونگی اُنکو کس کے حیطۂ امکان مین ہے کہ شمار کر سکے - مگر خوشی کا مقام ہے کہ یہ خطرے اسقدر فاصلہ دراز پر ہین کہ وہ پالٹیکس یا انتظام کی کسی عملی تجویز پر کچھ اثر نہین پہونچا سکتے - اس سلطنت کی باقاعدہ افواج ہمارے علاقہ کو محفوظ و مامون رکھنے کے لیے کافی سے زیادہ ہین - اور اِن افواج مین سے کوئی فوج ایسی زبردست معزز یا غیر مغلوب نہین جیسا کہ اِس بات کا علم کہ اِس باقاعدہ اور قواعد دان اینگلو انڈین سپاہ کے پیچھے ایک ختم نہونے والا سرمایہ عام خیر خواہی اور دلیرانہ ص۵۹ سرگرمی کا جمع ہے جسکا آپ نے ایسا برمحل ذکر کیا ہے بہر حال آپ صاحبان کو اِس بات سے مطمئن رہنا چاہیے کہ اگر حالات وقت کے لحاظ سے ضروری ہوا تو حضور ملکہ معظمہ کی گورنمنٹ جانتی ہے کہ آپ کی ذاتی خدمت کے اعلیٰ پیامون اور دیسی ریاستون کے بہت سے کنٹنجنٹون سے جنکو عالی حوصلگی سے گورنمنٹ کے اختیار مین رکھا گیا ہے کس موثر طریق سے فائدہ اُٹھا سکتی ہے - آخیر مین آپ صاحبان مجھے اجازت دین کہ مین مکرر اُن دوستانہ خیالات کے لیے جو میری نسبت ظاہر کیے گئے ہین آپ کا بہترین طور پر شکریہ ادا کرون -

نمبر ۲۶

جواب اڈریس سکھ سبھا لاہور

۱۶-اپریل ۱۹۰۵ء

سردار صاحبان اینڈ جنٹلمین مجھے یہ کہنے کی ضرورت نہین کہ آپ کی ایسوسی ایشن کے ڈیپوٹیشن سے ملکر مجھے کسقدر مسرت حاصل ہوئی ہے-جن لوگون کے آپ وکیل ہین اُنکی تاریخ اور اُنکے کارنامے مجھپر بخوبی روشن ہین اور بیشک مین انگریزی قوم سے نہین اگر مین سکھ فرقہ کی عزت اور لحاظ نکرون جنکی میدان جنگ کی بہادری کا مقابلہ صرف اُنکی فتح کے وقت کی عالی حوصلگی اور تباہی کے وقت کے صبر و تحمل نے کیا ہے اور مین آپ کو یقین دلا سکتا ہون کہ آپ کی ہمعصر برٹش رعایا کے لیے یہ بے اندازہ فخر اور خوشی کا موجب ہے کہ ایسی قوم کی آیندہ خوش نصیبی کو اِسوقت سے برٹش سلطنت کی خوش نصیبی سے وابستہ کیا جائے-اُنکی فوجی خواہشات اور بہادرانہ خوبیان سلطنت کی طاقت کے ساتھ مخلوط ہوجائین اور اُنکی ہمت-دانشمندی اور عزت کا اعلیٰ خیال سلطنت کے سول انتظام مین بھرتی ہو-جس طریق سے آپ نے اُن فوائد کی قدر جانی ہے جو حضور ملکہ معظمہ کی گورنمنٹ سے آپ کو عطا ہوے ہین مین اُسکو مسرت سے دیکھتا ہون-قوم انگریزی باشندگان ہند کو جو فوائد پہونچانا چاہتی ہے وہ یہ ہے-امن-انصاف-خاطر جمعی-اور ہر ایک شخص کو اپنی خداداد قابلیتون اور بخششون کا عمدہ ترین استعمال کر سکنے کے لیے مہلت اور موقع عنایت کرنا-اور اِن سب سے بڑھکر تمام جماعتون کو علوم و فنون اور علم ادب مین آزاد تعلیم حاصل کرنے کے لیے جو مذکورہ بالا مقاصد کے حصول کا ذریعہ ہے کافی موقعے دینا-یہ بات حوصلہ دلانے والی ہے کہ آپ کی قوم اِن موخر الذکر مواقعات کی نہایت کافی

پبلک اغراض کی ضروریات سے یا اس آباد جماعت کی ضروریات اور خواہشات کو بہم پہونچانے کے واسطے اسراف متوجہ ہوتے ہین جس جگہ کی آب وہوا ہیسے اشخاص کو ناموافق ہوگی - آخرین اُن عالی ہمت سرگرم اصحاب کا جنکی برکت اور سخت کوششون سے یہ خوبصورت آرام دہ - اور مفید عمارت تیار ہوئی ہے ہمدردی اور تعریف کا خراج ادا کرنا مجھکو فراموش نہین کرنا چاہیے کیونکہ وہ اسکے نہایت مستحق ہین - آپ کو اپنے اس کام پر فخر کرنا چاہیے اس امر کے معلوم ہونے سے اُنکو اطمینان ہونا چاہیے کہ اس ملک دور دراز مین کام بند کرنے کے بعد عرصہ دراز تک انکا کام اور بے غرض کوششون کا ثمرہ اُنکے نام اور معزز یادگار کو شکر گزار جماعت مین قائم رکھیگا -

نمبر ۲۸

تبقریب نمایش گاہ صنعت شملہ

۱۸ ستمبر ۱۸۸۵ء

لیڈیان اور جنٹلمین - ہر طرح پر صنعت کے ساتھ اپنی ہمدردی ظاہر کرنے اور اسکے ماہران کی نسبت اپنی عزت اور تعریف بیان کرنے سے مجھکو نہایت خوشی ہوتی ہے - اس امر کے معلوم کرنے سے مجھکو نہایت حیرت ہوئی کہ اس ملک مین بہ سرگرمی انصرام صنعت کے واسطے اسقدر مطمئن ثبوت موجود ہین کہ سالانہ تصاویر کی نمایش شملہ مین ہوتی ہے - جو درجہ فوقیت کا اس سال کے مقابلہ کرنے والون نے حاصل کیا ہے اُسپر مین اپنی راے نہین ظاہر کرونگا - اس راے کو صرف وہی اشخاص ظاہر کرسکتے ہین جنہون نے پہلی نمایشون کو دیکھا ہے اور جو یہ بیان کرسکتے ہین کہ آیا اسنے ترقی کی ہے یا تنزلی - ہر ایک کام کی قابلیت پر علیحدہ علیحدہ تشریح کرینگی

آزادی بھی مین نہ لونگا - اس کام کو مناسب طور پر ہینگنگ کمیٹی وغیرہ انجام دینگی جنھون نے انعام تجویز کیے ہین - لیکن مین یہ بیان کرونگا کہ خواہ کسی قدر نا مکمل طور پر ہم اپنی خیالی باتون کے حاصل کرنے مین کامیاب ہون نہ نیچر کا تتبع کرنے اور مطالعہ کرنے سے زیادہ کوئی خوشگوار و آرام کا کام ہمارے محنتی ہموطن کے واسطے نہین ہے - دنیا مین کوئی ایسا ملک نہین ہے جہان پر زیادہ دل بڑھانے والے منظر - زیادہ سوجھانے والے مضامین - زیادہ توجہ دلانیوالے نمونے مل سکتے ہین - میرے بیان کی تصدیق کے واسطے چارون طرف کی دیوارین کافی ہین - ایک طرف کوہ ہمالیہ کی بلند و عظیم الشان چوٹیان اور یخ سے ڈھکے ہوئے تنہا قطعہ منقش نظر آتے ہین - دوسری جانب ہندوستان کے قدیم اشہار کی خوبصورت سرحدات اور اُنکے طلائی مندر ہین - محلات - گنبدین - اور مینارہاے - آفتاب کی روشنی مین درخشان معلوم ہوتے ہین - تیسری طرف متبرک دریا کا شاہانہ بہاؤ - چوتھی جانب مختلف الالوان کی پوشاک اور خوشنما غریب انسان کے صدہا مختلف نمونے نظر آتے ہین - جبکہ ایک لمحہ کے واسطے ہم یہ خیال کرتے ہین کہ خراب آب و ہوا - دھوان سے گھری عمارت - معمولی اشیاء - اور خوفناک پوشاک پر ولایت کے صناع اپنے قلم کو استعمال کرتے ہین تو ہم ان عمدہ موقعون کے حاصل ہونے سے نہایت خوش ہین - مجھکو اِس بات کا فخر ہوتا ہے کہ ان موقعون سے ایسے لئیق اور ہوشیار صناع مثل کرنل تینرر صاحب اور دیگر انعام یابندگان نے استفادہ اٹھایا ہے مجھکو معلوم ہوا ہے کہ اس بات کو کمیٹی نے بدقت تمام طے کیا ہے کہ کرنل تینرر صاحب کی اشیاء غور پسندہ پر کونسی شے پر اول انعام دیا جاوے اور اسکو آپ آرٹ طرز گفتار خیال کرینگے کہ خود انسان اپنا ہی مقابلہ کرے لفٹنٹ گورنر صاحب

کا انعام مس نورا اسکاٹ کو عطا فرمایا گیا ہے۔ کمانڈر انچیف کا کرنل سر نوریس کو لیڈی کا
انعام مسز ٹیلر نے جنکو کام مین مشغول دیکھنے سے مجھکو نہایت خوشی حاصل ہوئی اور جنکی
سخت محنت کا مین شاہد ہو سکتا ہون حاصل کیا ہے۔ آنریبل مسٹر ہوپ کا انعام
کرنل ملین کو عطا کیا گیا ہے۔ سوسائٹی کا اول انعام میجر شونز۔ اور دوم انعام
کپتان الگزینڈرز کو دیا گیا ہے۔ جو انعام سوسائٹی کا دیسی صناع کے واسطے تھا ہمکو
بمبئی کے دیسی صانع مسٹر لیسپٹن جی بومان جی کو دیا گیا ہے۔ میوہ اور پھول کا انعام
مسٹر پامر نے حاصل کیا ہے۔ جن صناع کی زیادہ تعریفین ہوئی ہین وہ یہ ہین۔
کرنل ٹیمپنر۔ مسٹر پیرو۔ لفٹنٹ اولڈ فیلڈ۔ مسٹر ہیزلٹن۔ لفٹنٹ جیکس۔
لیڈی ہیلین بلیک ووڈ (جسکی وجہ سے بطور باپ کے مجھکو نہایت فخر ہین۔ کیونکہ
یہ پبلک شہرت اول مرتبہ اسنے حاصل کی ہے) مسٹر جارڈین۔ مسٹر ڈیویز۔ کپتان
راڈفورڈ۔ مفصلۂ ذیل اشخاص کی صرف تعریف ہوئی ہے۔ مسٹر ایچ۔ ڈبلو بولٹن۔ کپتان
بڈولف۔ مس ڈیلونیز۔ کرنل گوشی۔ مسٹر الیس ٹیلر۔ لفٹنٹ نارٹن۔ مسٹر ہوپ۔
مارکس فین۔ مجھے یہ بیان کرنا چاہیے کہ مارکس فین لیڈی شائق صانع کا فرضی نام ہے۔
لیکن ان چیزون سے جو ہمارے روبرو ہین گذر کر اور اس مضمون کی
بابت جسکی طرف آج کے کامون کی وجہ سے توجہ دی گئی ہے زیادہ غور کرکے
مجھکو اس امر کا تعجب ہے کہ بہ نسبت موجودہ موقعون کے زیادہ مناسب موقع
صناعی کوششون کے واسطے ہندوستان مین کیون نہین دیا جاتا۔ بہت سے
سوشیل حالات مین آجکل کا ہندوستان اٹلی کی پندرھوین صدی کے حالات سے
ملتا ہے۔ مثل ہندوستان کے اٹلی مین بھی زرق برق کے دربار جنکے شاہزادے
اور حکمران متمول تعلیم یافتہ اور مہذب ہوتے تھے بہ کثرت موجود تھے۔ مغل
ہندوستان کے اس جگہہ متمول اور شان و شوکت دار امرا۔ زمیندار۔ تجار۔

و پیشہ ور موجود تھے - مثل یہان کے اُس جگہ بے شمار میونسپلٹیان تھین جنکو
سول فوائد کے امورات سپرد کیے جاتے تھے - مثل اِس جگہ کے وہان پر
قدیم تہذیب کی صناعی لیاقت کی نہایت عمدہ امثال ہر طرف ترقی کرتی تھین
اٹلی مین مثل ہندوستان کے صنعت کی ترقی کے واسطے آب وہوا کی خاصیت اور
دیگر باتون کی وجہ سے ملک کے امرا کو فرصت اور ترغیب مل سکتی تھی جو اُن
ممالک کو نہین میسر ہو سکتی جہان کی آب وہوا اچھی نہین ہے اور نہ زیادہ
مشغول اور غیر دلچسپ زمانہ کو وہ موقع مل سکتے ہین - اسوجہ سے مثل اٹلی کے
ہندوستان کے اعلیٰ درجہ کے باشندگان ملک کو ہنر کا وطن اور دوسری
پیدایش کی جگہ کیون نہین بناتے ہین جسطرح اٹلی کو چودھوین اور پندرھوین
صدی کے زمانہ ترقی تعلیم مین لیوس میڈیس - کاؤناس - ڈوریاس -
اور اسٹروزس وغیرہ نے بنایا تھا - ایسا کرنے سے وہ اُس اولوالعزم کام مین
مشغول ہونگے جس سے جوش حب الوطنی بھی ثابت ہو اور رجوع خوشگوار بھی ہو -
اگر موجودہ زمانہ ترقی مین کسی چیز کی ظاہرا زیادہ ضرورت ہے تو وہ یہ ہے کہ
آیندہ نسلون کے واسطے جو اسکولون - کالجون - اور یونیورسٹیون مین تعلیم
پاتے ہین جدید موقع انکی علمی طاقت کے استعمال کرنے اور زیادہ موقع اُن
معزز اور سودمند پیشون کے اختیار کرنے کے طریقے دریافت کرین - جو انکی محنت
اور لیاقت کا مناسب انعام اور شہرت جنکے وہ مستحق ہون بہم پہونچا سکین -
اسوقت مین نوجوان ہندوستانیون کو صرف تین موقع اپنی لیاقت ظاہر
کرنے کے ہین - سرکاری ملازمت - قانون - اور پریس - لیکن یہ ظاہر ہے
کہ جسوقت مین ہزارہا اشخاص تعلیم پا رہے ہین یہ تینون طریقہ زندگی بہت
زیادہ بھر جائینگے - اگر متمول ہندوستانیون مین اصلی محبت صنعت کی پیدا ہو جاے

تو صدہا بلکہ ہزارہا نوجوان حوصلہ مند اشخاص کے واسطے نہایت معزز۔ سودمند
اور مفید طریقہ معاش پیدا ہوجاوینگے۔ خواہ وہ مصور ہون۔ نقاش ہون۔
سنگتراش ہون۔ معمار ہون۔ موجد ہون۔ جلاکار ہون۔ میناکار ہون۔ خواہ
کوئی اور صنعت اختیار کرین۔ جبکہ (اور جو نہایت ضروری ہے) ان صنعت
وحرفت کو ایک ترغیب ہوگی جو اس ملک کے آدمیون کے واسطے خاص طور پر
مناسب ہین۔ تاہم یہ اسقدر وسیع مضمون ہے کہ اس اتفاقیہ موقع پر اُسکی نسبت
بحث نہین کرسکتا۔ اور اسکے واسطے مین ایسی معذرت کرتا ہون۔ اب میرے
واسطے صرف یہ باقی ہے کہ آپ کو اس سال شملہ مین بے شمار اور مختلف صنعت
کے کامون کے فراہم کرنے کی دلی مبارکباد دون اور نیز اُس وسیع رقبہ
جغرافیہ کی نسبت بھی جو اُن کامون سے ظاہر ہوتا ہے۔ مین بھروسہ کرتا ہون
کہ سال بہ سال جدید ترقیان اسمین ہوتی رہین گی۔ ہماری بے نظم سوسائٹی
آخرکار ایک دیسی صناع کے کامیاب اور عمدہ مدرسہ کی پیشوا ہوگی جو قدیم
رواجی باتون پر قائم رہکر جو انھون نے اپنے بزرگون سے حاصل کی ہین
اور اُن عمدہ باتون کو جنکو وہ اپنے ایجاد سے معلوم کرین یا جدید طریقہ زندگی
سے ضروری معلوم ہون بلاکر شل اٹلی کے ایسی صنعت وحرفت کے عمدہ امورات
کی تمام شاخون مین نہایت عمدہ اور اعلیٰ طریقہ ترقی پیدا کریگی اور جو اس
جدید زمانہ کی صنعت وحرفت کو ویسا ہی لازوال رتبہ اور شہرت دیویگی جسکی
وجہ سے یوروپ کے ادنیٰ درجہ کی شہرت مشہور تھی۔

آخر مین اُس دلی استقبال کا جو آپ نے میرا کیا ہے شکریہ ادا کرتا ہون۔
اُس خوشی کے ظاہر کرنے سے بھی مین باز نہین رہ سکتا جو مجھکو اسوجہ سے
ہوئی ہے کہ جدید گورنر جنرل کا خیر مقدم کرنے کے بعد آپنی شکرگزاری اور

تعریف کا عمدہ خراج میرے مشہور پیشرو کے واسطے ظاہر کیا ہے - مین آپ کو
یقین دلاتا ہون کہ موجودہ وئیسراے کو اپنا فرض ادا کرنے کے لیے اِس سے
زیادہ ترغیب دہ امر نہین ہو سکتا کہ وہ اُن معزز اشخاص کی کوششون کو جو
اُسکے قبل اپنے ملک کی ملازمت کے واسطے ہو گئی ہین اور جو اِس ملک مین
اپنی محنت ختم کرنے پر اِس ملک سے روانہ ہو گئی ہین اور جنکو یہان کے
باشندگان مناسب طور پر یاد کرتے ہین ملاحظہ کرے -

نمبر ۲۹

تقریب دربار شملہ

یکم اکتوبر ۱۸۸۵ء

راجگان - سرداران اور ٹھاکران - میری یہ خواہش تھی کہ میرا
شملہ کا اول موسم آپ سردارون سے ذاتی واقفیت حاصل کرنے بغیر ختم نہووے
جنکی ممالک گورنمنٹ ہند کے ایام گرما کے دارالسلطنت کے متصل ہین -
اِس امر کے معلوم ہونے سے یہ خواہش اور زیادہ ہوتی گئی کہ اِس حصہ
ملک مین جبوقت سے امن و انتظام قائم ہوگیا ہے اُسوقت سے یعنی عرصہ
ستر سال سے انگریزی گورنمنٹ اور دریاے ستلج کے اِطراف کی پہاڑیون
کے سردارون کے مابین نہایت مطمئن طریقہ کے تعلقات رہے ہین -
لہذا حضور ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کے قائم مقام ہونے کی وجہ سے نہایت
سچی خوشی سے مین اِس دربار مین آپ کا خیر مقدم کرتا ہون یہ میرا فرض
ہوگا کہ حضور ملکہ معظمہ قیصرہ ہند دام اقبالہا کے حضور مین اُس یقین کو عرض
کرون جو اِس جگہ آج آپ کے موجود ہونے سے ظاہر ہوتا ہے یعنی اِین روے
ستلج کے سرداران تخت شاہی کی طرف اپنی وفاداری کے اظہار کے واسطے

ہمیشہ مستعد رہتے ہین - وہ مثل زمانۂ گذشتہ کے اپنے افعال سے اپنے بیانات اور خیالات کی صداقت ثابت کرنے کو تیار ہین - انکی خدمات نے وغدے جبکہ شمالی مغربی حد پر تنازعہ کا گمان تھا حضور ملکہ معظمہ کی گورنمنٹ فراموش نہین کرسکتی -

اگرچہ آج کے روز تک مین بہت سے سردارون سے جو اسوقت تشریف رکھتے ہین خود واقف نہ تھا تاہم آپ کی ریاستون کے متعلق کل امورات کی نسبت سر آنر لفٹننٹ گورنر پنجاب سے مجھکو کیفیت ملتی رہتی تھی - جو آپکے امورات سے چند سال گذشتہ سے واقف ہین اور جو آپ کی بہبودی مین نہایت دلچسپی حاصل کرتے ہین -

صاحب ممدوح سے ہی بھاگل کے ''نیک اور مستحکم گورنمنٹ'' بھاگل کے ''حلیم اور منصف حکومت'' کو تھر سے ''با امن طریقہ حکومت'' کا حال مجھکو معلوم ہوا ہے اگر آپ اسطرح حکومت کرینگے کہ ان تعریف کے الفاظ کے مستحق ہون تو اُس فیاضانہ حفاظت کا جسکو برٹش گورنمنٹ نے آپ کی ریاستون پر توسیع دے رکھا ہے نہایت عمدہ عوض جو آپ دے سکتے ہین دینگے -

جو قابل تعریف ترقی ریاست سرمور مین راجہ صاحب حال کی تخت نشینی کے بعد وقوع مین آئی ہے اُسکے معلوم ہونے سے مجھکو خاص خوشی حاصل ہوئی راجہ صاحب ممدوح اُس معزز آرڈر کے نایٹ کمانڈر ہین جسکے گرینڈ ماسٹر ہونے کی مجھکو عزت حاصل ہے - ریاست کی دیوانی - فوجداری - اور مال کا انتظام - محافظت جنگلات - اور بندوبست پولیس - یہ کل معاملات میرے روبرو پیش کیے گئے ہین - سال حال کے موسم بہار مین ناہن دیکھنے کا میرا ارادہ تھا کہ جو کام راجہ صاحب نے اپنی کوششون سے انجام دیے ہین اُنکو

خود مین دیکھون لیکن مین اپنے اس ارادہ سے محروم رہا۔ لیکن اس خیال سے
مجھکو خوشی ہوئی کہ ریاست کے دیکھنے کا دوسرا موقع مجھکو ملے گا اور حال مین ہے
ہز ہائینس کے مہمان ہونے کی خوشی مجھکو حاصل ہوگی۔

آپ سب اصحاب کو مختلف طریقہ پر اسی طرح کے مواقع آدمیون کے
اخلاقی اور اصلی بہبود کی ترقی کے مل سکتے ہین جنپر آپ حکمرانی کرتے ہین۔
رعایا کے اور آپ کے فوائد یکسان ہین۔ اُن مقاصد کے واسطے عمدہ
وسائل اختیار کرنے سے آپ کی بہبودی اور شہرت ہوگی اور آپ کے لیے
برٹش گورنمنٹ اپنی منظوری اور پسندیدگی خاطر ظاہر کریگی جو ہمیشہ سردارون کے
رتبہ اور عزت کے لیے فکرمند ہے اور جو رعایا اُسکی حفاظت مین رہتی ہے
اُسکی خوشی کی خواہان اگر اپنے زمانہ عہدہ مین مجھکو حاضرین دربار کے
خیر مقدم کا پھر موقع حاصل ہوگا مین پھر بھروسہ کرتا ہون کہ کل اصحاب کو اُنکے
طریقہ حکومت مین زیادہ ترقی اور اُنکی ریاست مین زیادہ بہبودی کی نسبت
مین مبارکباد دونگا آپ اپنے مکانات کو اس امر کی نسبت میری دلی نیک
خواہشون اور یقین کو لیکر واپس جاوین کہ آپ کی بہبود کے کل معاملات
مین مجھکو نہایت دلچسپی حاصل ہوگی۔

نمبر ۳۰

تبقریب دعوت الوداعی سر ڈونلڈ اسٹوارٹ صاحب

۱۳۔ اکتوبر ۱۸۸۵ء

لیڈیز اور جنٹلمین۔ وہ امر جن کرنے کو موزون شاید کسی شخص کے خیالات اور خواہشون
کے مطابق عمدہ نہون جسکے خیالات اور خواہشون کے مطابق کاربند
ہونے کا مین نہایت فکرمند ہون کیونکہ منجملہ میرے تمام دوست و احباب کے

کوئی شخص اپنی خدمات کا ذکر سننے سے اسقدر ناخوش نہین ہوتا ہے جس قدر سر ڈونلڈ اسٹوارٹ صاحب ہوتے ہین اور تاہم اُسی مشہور افسر کا جام تندرستی تجویز کرنے کو ہون (نعرہ خوشی)۔ یہ بدقسمتی کا امر ہے کہ ویسراے ہند کو اپنے دوستون کی پاس خاطر رکھنے کا شاذ و نادر موقع ملتا ہے۔ میری کارروائی پر نہایت ضرور نکتہ چینی ہوتی اور ہر ایک سپاہی کو بلکہ سلطنت برطانیہ کے ہر ایک ملازم کو نہایت ناامیدی حاصل ہوتی اور یہ نکتہ چینی اور ناامیدی بجا ہوتی۔ اگر اپنے مشہور کمانڈر انچیف کو اس ملک سے روانہ ہونے کے وقت اس بات کے یقین دلانے کی ہم کوشش نہ کرین خواہ وہ ہماری کوشش بالکل ناکمل ہو کہ کس قدر رنج ہمکو اُنکی تشریف لیجانے سے ہوتا ہے۔ اور کس قدر محبت اور پیار کے لحاظ سے ہم اُنکے یادگار کو اپنے درمیان قائم رکھینگے سر ڈونلڈ اسٹوارٹ صاحب کو فوج ہند مین شریک ہوئے پینتالیس سال کا عرصہ ہوا اس ملک کی فوجی تواریخ مین مشکل سے آپ ایسا شخص بیان کرسکینگے جسمین وہ علامات موجود ہین جس سے کامیابی کا یقین ہو اور جو بڑے کمانڈر کی شہرت کو زیب و زینت دیتی ہین۔ جن صفات کی وجہ سے سر ڈونلڈ اسٹوارٹ صاحب نے اپنا موجودہ حسد انگیز اور مشہور درجہ حاصل کیا ہے وہ یہ ہین ترک خودغرضی۔ سادگی مقصد۔ و پابندی و لحاظ فرض۔ حرفت پیشہ۔ علاوہ برین وصف خداداد و قدرتی ادراک جو ہر سپاہی کی ذہانت مین قدرتی ہوتے ہین۔ اور رعایت یا سرپرستی کے اتفاقیہ فوائد سے اُنکو کسی قسم کی اعانت نہین ملتی ہے انھین صفات کی وجہ سے اُنھون نے اپنے بادشاہ کا بیحد اعتماد اور شکرگزاری حاصل کی ہے اور اُنکے نام کی اسوقت ہندوستان مین سب سے زیادہ عزت کیجاتی ہے (نعرہ خوشی) یہ ضروری نہین ہے کہ اپنے مہمان کی خاص

خدمات کو حاضرین کے روبرو بیان کرون - گذشتہ نصف صدی کے تاریخی واقعات درج کرنے مین خود تواریخ کا ہاتھ اُنکی متواتر کارروائیون کو لازوال حروف سے روشن و منور کریگا اور انکی روزافزون شہرت کا درجہ ظاہر کریگا - حال مین کوئی لڑائی ایسی نہین ہوئی جسمین اُنھون نے حصہ نہ لیا ہو اور جس سے اُنکو شہرت نہ حاصل ہوئی ہو - اپنی اوائل عمر مین سرحد کی پہاڑی قومون سے جنگ مین مشغول ہوے - بغاوت ۱۸۵۷ء کے شروع ہونے پر - اُنکی دلجمعی - اولوالعزمی اور شجاعت کو وہ اشخاص فراموش نہین کرسکتے جو اُنکے کارہاے نمایان کے چشم دید شاہد ہین - اسی قسم کی جراَت و شجاعت محاصرۂ دہلی اور قبضۂ لکھنؤ کے وقت ظاہر کی - بعد ازان بطور افسر فوج ہند میگڈالا کے لارڈ نیپیر کی ماتحتی مین جنگ ابی سینیا مین شریک ہوے - اسکے بعد ایک فیصل لڑائی مین فتح یابی حاصل کرنے کے بعد دارالسلطنت دشمن پر قبضہ کیا اور اپنی حکمت عملی کی عقلمندی اپنی سہولت اور انسانی - زیادہ تر اپنے طاقت ور اور پُراثر طریقہ سے جب کہ اُنھون نے اپنے مشہور نامور نائب سر فریڈرک رابرٹس کو اُنکے کامیاب سفر قندھار مین مدد دی میدان جنگ مین اس عمدہ طریقہ سے شہرت حاصل کی کہ اُنکے ہموطنون کے دل اُنکی محبت اور تعریف کے جوش سے بھر گئے (زور سے نعرۂ خوشی) -

لیکن میرا کام ناتمام رہیگا اگر سر ڈونلڈ اسٹوارٹ صاحب کی سیاہانہ کارروائیون کو ناکمل طور پر بیان کرنے کے وقت مین اُنکی بیش بہا خدمات کا حال جو اُنھون نے جلسۂ کانسل مین انجام دی ہین بیان نہ کرون (سنو سنو) اور اس امر کی نسبت لیڈی اور جنٹلمین مین اپنے خاص تجربہ سے اُس شکرگزار اور کامل یقین سے بیان کرتا ہون جو حکمران کو معلوم کرنا چاہیے جبکہ زمانہ مصیبت

اور تردداتِ عظیم اور جوابدہی کے وقت ایسا شخص شریک کار ہو جسکی دانشمندی
تیز فہمی - دلجمعی - تجربہ اور وفاداری پر وہ اطمینان کلی کرینگے - اس قدر بیان
کرنے مین صرف اپنی جانب سے ہی مین نہین بیان کر رہا ہون بلکہ گورنمنٹ ہند
کے ہر ایک ممبر کی جانب سے - اسقدر مہربان - خلیق اور کشادہ دل معاون کے
تشریف لیجانے سے جنہین اپنی رائے کو مرغوب الطبع ملایمت - صفائی اور ظرافت
کے ساتھ بیان کرنے کا ہنر تھا جو نقصان ہمکو ہوا ہے اُس سے ہم بخوبی واقف
ہین کیونکہ اسکا نعم البدل نہین ہو سکتا (نعرۂ خوشی) اپنے شرکار کار کی جانب سے
فوج کی جانب سے جسکے آپ افسر تھے - تمام فوجی اور سول افسران کی جانب سے
آپ کی قیصرہ ہند اور حضور ممدوحہ کی گورنمنٹ کے قائم مقام کے طور پر ہندوستان کے
باشندگان کے وکیل کے طور پر جنہین سے بہت بڑا حصہ اُس شجاع فوج کا جنکو آپ کی
ماتحتی مین فتحیابی حاصل ہوئی بھرتی کیا گیا تھا - مین آپ سے الوداع کہتا ہون -
مین تہ دل سے بھروسہ کرتا ہون کہ آپ عرصۂ دراز تک زندہ جاوید رہینگے اور
اُن اعزاز سے حظ حاصل کرینگے جنکے آپ مستحق تھے - اور اپنے جدید تجربہ اور
دانشمندی سے انگلستان مین ہند کے طریقہ حکومت کو اپنی صلاح و مشورہ سے
مدد و اعانت فرمائینگے - (متواتر دیر تک نعرۂ تعریف)

اس امر کا بیان کرنا ضروری نہین خیال کرتا کہ آپ کے علیحدہ ہونے سے
ہم سب کو جو امورات ہند کی مناسب کارروائی کے واسطے جوابدہ ہین صرف
اس سے وجہ اطمینان ہے کہ گورنمنٹ ہند سے آپ کا تعلق ترک ہوگا -
انگلستان مین اسوقت پہونچکر جبکہ بباعث بیرونی معاملات کے فوجی و ملکی
اہم مسائل پر دوبارہ غور کرنا ضروری ہوا ہے سکرٹری اسٹیٹ کے سرکاری
مشورہ دہندگان مین آپ کا موجود ہونا نہایت مفید ہوگا اس امر کے خیال

کرنے سے مین نہایت خوش ہون کہ آپ کی عمدہ مثال اور بڑے کامون کے یادگا
اِس جگہہ ہم سب کو فوج کے ادنیٰ افسر سے لگا کر ملک کے سب سے اعلیٰ حکام تک
ترغیب دہ ہونگے۔ اپنی ملکہ اور اپنے ملک کی خدمات کے واسطے جوشش
حب الوطنی مین زیادہ سبقت حاصل کرنے کے لیے آپ ولایت مین (مین
بھروسہ کرتا ہون) اسقدر طاقت تیزی و چستی۔ اور کامیابی سے اُس
مشہور اور بے عیب طریقہ زندگی کو اختیار کرینگے جو اِسوقت ہندوستان
مین ختم ہونے والا ہے اور جسکی وجہ سے آپ کے دوست۔ احباب۔ تعریف
کنندگان اور دیگر اصحاب کو اسقدر افسوس ہے کہ اِسکا بیان زبان کے
دست قدرت سے باہر ہے (زور سے متواتر نعرۂ خوشی)

لیڈیان اور جنٹلمین مین آپ سے ہز اکسلنسی کماندر انچیف کی صحت۔
زندگی اور بہبود کی جام نوشی کی درخواست کرتا ہون۔

سر ڈونلڈ اسٹوارٹ صاحب نے بجواب اِسکے ارشاد فرمایا۔

یور اکسلنسی۔ لیڈیز اور جنٹلمین۔ جن عنایت آمیز اور دلی الفاظ مین
حضور ویسرائے صاحب بہادر نے میرا جام صحت تجویز فرمایا ہے اور جن
فیاضانہ خیالات مین میری خدمات کا اظہار فرمایا ہے اُسکے شکریہ کی آپ سے
اجازت چاہتا ہون۔ اگرچہ ہر وقت مین نے حتی المقدور اپنے فرض کے
ادا کرنے مین کوشش کی ہے لیکن مجھکو یہ بات بیان کرنا ضروری ہے کہ
جو کچھ فوجی شہرت مجھکو حاصل ہوئی ہے وہ خاص اپنی لیاقت کی وجہ سے ہی
مجھکو نہین حاصل ہوئی ہے بلکہ اُن افواج کی قابل تعریف صفات اور اُن افسران
کی قابلیت کی وجہ سے حاصل ہوئی ہے جو میری ماتحتی مین تھے جسقدر عمدہ
افواج چند سال پیشتر میری ماتحتی مین تھین اُسکا افسر ہونا جسکی قسمت مین

ہوگا وہ کبھی کامیابی سے محروم نہین رہ سکتا۔ اور مین امید کرتا ہون کہ اِس پانچ سال کے عرصہ مین جبکہ فوج خاص میری ماتحتی مین رہی ہے اُنکی جرأت اور قواعد دانی کم نہین ہوئی ہے۔ (نعرۂ خوشی) اِس ملک کے عرصہ دراز کی خدمات مین مین نے ہر ایک عہدہ پر جو فوجی افسر کو مل سکتا ہے کام کیا ہے اور سول کی مختلف شاخون مین بھی کام کرنے کا مجھکو تجربہ ہوا ہے۔

مختلف اوقات مین دائمی سول ملازمت کے ترغیب وہ وعدے مجھسے کیے گئے لیکن مین نے اپنے کو ایسے کام کے لائق نہ پایا اور اپنے اصلی پیشہ پر قائم رہا اور اِس معاملہ مین اپنے فیصلہ سے مجھکو کبھی افسوس نہین ہوا۔

میرا تجربہ یہ ہے کہ نیک اور راست خیال کو اخیر مین لوگ عموماً تسلیم کرتے ہین اور اُسکا انعام دیتے ہین۔ موجودہ نوجوان افسران کو جو میرے نقش قدم پر چلنا چاہتے ہین یقین دلاتا ہون کہ خاندانی تعلق یا فائدہ کی بہ نسبت لبسر گرمی اور بہ ہوشیاری اپنے فرض کو انجام دینے سے سلطنت کے اعلیٰ ترین عہدون پر آپ ترقی حاصل کر سکتے ہین۔

بیٹھنے کے قبل یور اکسلنسی کا اور اپنی کانسل کے شکر کار کا خاکر اِس موقع پر شکریہ ادا کرنا چاہتا ہون کہ فوجی اخراجات کی بابت میری درخواستون پر آپ نے ہمیشہ نہایت غور فرمایا۔ پبلک خزانہ کے محافظین کو ملازمت کے اِس لاحاصل وبے سود شاخ کے اخراجات ناگوار گذرتے ہین لیکن مین اِس امر کا اقرار کرتا ہون کہ میرے کمانڈر انچیف کے عہد حکومت مین فوج کی ترقی اور سپاہ کے فائدہ کی تجاویز کو گورنمنٹ نے ہرگز نامنظور نہ فرمایا اگر آپ کو یہ معلوم ہوگیا کہ یہ سفارشین مناسب اور معقول ہین۔

اب لیڈیان اور جنٹلمین مین پھر ہز اکسلنسی کی جام صحت کے واسطے

جو عنایت آمیز استقبال آپ صاحبون نے ظاہر کیا ہے اسکا دلی شکریہ ادا کرتا ہون۔

نمبر ۱۳

مسٹر امیر علی

۱۵ - اکتوبر ۱۸۸۵ء

شاید کانسل کا کوئی جلسہ منعقد ہو اور مین اُسوقت حاضر نہون اِسوجہ سے اِس موقع پر مین اپنے سرکار اور اپنی جانب سے اُس بڑے افسوس کو ظاہر کرنے کا خواہان ہون جو اِسوجہ سے ہے کہ یہ آخری موقع ہے جب کہ ہمکو آنریبل مسٹر امیر علی کی امداد و اعانت ملتی ہے ہر ایک شخص ہم مین سے صرف اُنکی لیاقت - دیانت داری کے ساتھ محنت - تیزفہمی - اور اُن امورات کے نسبت کامل واقفیت کی وجہ سے جنپر مسٹر امیر علی صاحب نے ہمکو غور دلایا ہے قدر دانی نہین کرتے ہین بلکہ اُنکے متواتر خلق - نیک طینتی اور طریقۂ شرافت کے بھی جسطرح پر اُنھون نے اپنے بڑے فرائض کو ادا کیا تعریف کرنے کا موقع ملا ہے - مین خود اپنی جانب سے بیان کرتا ہون کہ جس فصاحت اور آسانی سے وہ انگریزی زبان استعمال کرتے ہین اُس سے مجھکو ہمیشہ حسد پیدا ہوتا ہے - آخر مین مین اُنکو یقین دلاتا ہون کہ ہمارا ذاتی لحاظ اور عزت وہ اپنے ہمراہ لیجاتے ہین اور اُنکی بیش بہا اعانت کے نقصان سے جو افسوس ہمکو ہوا ہے اُسپر سب متفق ہین -

نمبر ۳۲

جواب اڈریس دہلی مینوسپلٹی

۲۹ - اکتوبر ۱۹۰۵ء

جنٹلمین - آپ کے دلی اور دوستانہ اڈریس کا اور آپ کے شہر مین جو تمام دنیا مین مشہور ہے آنے کا جو فیاضانہ خیر مقدم آپ نے میرا کیا ہے اسکا مین شکریہ ادا کرتا ہون - اس جگہ کے دیکھنے کی مجکو ہمیشہ خواہش تھی جو نہایت عظیم الشان سلطنت کا دار السلطنت رہا ہے جس جگہ تواریخ ہند کے بہت سے حالات واقع ہوے ہین جس جگہ اسوقت بھی نہایت خوبصورت عمارت و مقبرے بکثرت موجود ہین آپ یقین کرین کہ آپ کے شہر کے گذشتہ حالات بیان کرنے سے میرے مانند شخص کو اسوقت اور آیندہ کے دہلی کی نسبت گورنمنٹ کے فرائض اور جوابدہی کو فراموش نکرنا چاہیے - اگرچہ گردش زمانہ اور مختلف حالات کی تبدیلی کی وجہ سے دہلی اسوقت گورنمنٹ کا مرکز اور صدر مقام نہین ہے تاہم ہندوستان کے مشہور شہرون مین سے یہ ہمیشہ رہیگا - اُس ہشیار اور ذی اختیار فرقہ کا وطن رہیگا جسکی بہبود اور فوائد کو نشو ونما دینا اور حفاظت کرنا اُن اشخاص کا فرض ہے جو ملک کی بہبود کے واسطے جوابدہ ہین - مجکو پورا بھروسہ ہے کہ ہر سال اُسکے باشندگان کو اِس امر کا یقین ہوگا کہ اگرچہ وہ زیب وزینت اور رونق جو شاہان پیشین کے زمانہ مین اِسکو حاصل تھی اِسوقت جاتی رہی ہے لیکن اُسکے بجاے زیادہ مستحکم معاوضہ جان و مال کی حفاظت اور انصاف کے منصف طریقہ حکومت کے شکل مین ملکہ معظمہ

قیصرہ ہند کے عہد حکومت مین اسکو حاصل ہوا ہے۔ ان شرائط کے بہم پہونچنے پر یہ کام باشندگان دہلی کا ہے کہ اپنے مینونسپل طریقہ حکومت کی ذہانت اور دیسی صنعت و حرفت کی ترقی سے اُس شہرت کو جو زمانہ گذشتہ مین اُنکو حاصل تھی پھر حاصل کرین یا مجکو یون کہنا چاہیے کہ اُسکو قائم رکھین۔ اپنی ان کوششون مین میری ہمدردی اور اعانت پر آپ پورا بھروسہ رکھین۔ اس بات کے خیال کرنے سے مین نہایت خوش ہون کہ مجکو یہ استحقاق حاصل ہوا کہ ان مینونسپل انسٹیٹیوشن کے فوائد کو مضبوط کرون جنکی طرف آپنے فخریہ اشارہ کیا ہے اور جو فخر بجا ہے۔ لیکن اس بات کو شرح کرنا مناسب ہے کہ اُنکی تجویز کے بانی اصل مین میرے مشہور پیشرو تھے۔ اس مسئلہ کی بابت وقت یا موسم کی تخصیص نکرکے مین آپ کو یقین دلاتا ہون کہ اُس زمانے کے آنے سے مجھسے زیادہ کوئی شخص خوش نہوگا جبکہ اس سے زیادہ سول معاملات مین خود مختاری کے طریقے آپکو دیے جاوین

دوسرے معاملہ کی نسبت جو آپ نے ذکر کیا ہے وہ ایسا مسئلہ ہے جسکا حال سرکاری طور پر میرے روبرو پیش نہین ہوا ہے۔ بلاشک اگر مجھکو بذات خود کوئی امر اُسوقت جبکہ آپ کے دوستانہ استقبال کا خیال میرے دل پر منقش ہے کرنا پڑتا تو جس قسم کی درخواست آپ نے کی ہے اُسکو مین بخوشی تمام قبول کرتا لیکن یہ مسئلہ آپ صاحبان اور آپکے مہمانان اُسی شب ہی سے متعلق نہین ہے بلکہ ہر انڈین مینونسپلٹی اور گورنمنٹ سے متعلق ہے۔ بلا اعانت اپنے شرکاء کار خاصکر بلا مشورہ اپنے مشیر خزانہ اس مسئلہ کا فیصلہ مین نہین کرسکتا اسوقت صرف یہ بیان کرسکتا ہون کہ جسوقت وائسرائے کونسل کا مسئلہ میرے روبرو سرکاری طور پر پیش ہوگا اُسوقت مین اس مسئلہ پر حتی المقدور پوری توجہ بہوشیاری تمام دونگا۔

اب مین آپ کی اُن مہربانی کے الفاظ کا شکریہ ادا کرتا ہون جنمین آپنے

شمالی مغربی سرحد پر حالت امن قائم رکھنے کے واسطے گورنمنٹ برطانیہ اعظم اور گورنمنٹ ہند کی کوششون کی بابت ذکر کیا ہے۔ بلاشک ایک وقت مین ہمارا امن وامان معرض خطر مین تھا لیکن اُن اصحاب کی دانشمندی کا جو اِسمین شریک تھے اور خاصکر امیر افغانستان کی وفاداری اور سہولت کا شکریہ ادا کرتا ہون (امیر صاحب کی منظوری حاصل کرنی اپنی عزت کے واسطے ہمکو لازمی تھی) کہ جنگ مصیبت عظیم جو کسی وقت ملک پر نازل ہو سکتی۔ خدا کی مہربانی سے دفع ہو گئی ہے۔

آخر مین آپ کو مین یقین دلاتا ہون کہ آپ کی وفاداری اور اطاعت کے الفاظ کو جناب ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کے حضور مین پیش کرونگا۔ حضور ممدوحہ پر ہمیشہ اپنی ہندوستانی رعایا کی خیرخواہی کے ثبوت سے نہایت بڑا اثر ہوتا ہے۔ جنکی بہبود۔ قناعت اور خوشی سے حضور ملکہ معظمہ اسیقدر خوش ہوتی ہین جسقدر کہ انگریزی رعایا کی بہبود وغیرہ سے۔

نمبر ۳۳

تبقریب بنائے جدید جنرل ہسپتال دہلی

۲۔ نومبر ۱۸۸۵ء

اے صاحبو۔ مین آپ کو یقین دلاسکتا ہون کہ مجکو آج کی رسم مین شرکت کا موقع حاصل ہونے سے اعلیٰ درجہ کی خوشی حاصل ہوئی مین ہمیشہ ہر ایک ذریعۂ سے جو میرے دست قدرت مین ہو اُن تمام کامون کی نسبت جو باشندگان ہند کی حفظ صحت کی ترقی اور بیماری کی انسداد اور معالجہ اور انسان کی تکلیفات کے دفعیہ کا باعث ہون اپنی دلی ہمدردی ظاہر کرنے سے خوش ہوتا ہون اور آپ کی اِس عنایت آمیز تجویز سے خاص کر میرے دل پر زیادہ اثر ہوا ہے کہ

میرا نام اس قسم کی عمدہ انسٹیٹیوشن کے ساتھ متعلق کیا جاوے جسکی بنیاد کا مین اب پتھر رکھنے والا ہون مجکو اِس بات کے دیکھنے سے خوشی حاصل ہوئی کہ آپ نے مناسب الفاظ مین اِس شہر کے دیسی طبیبون کی اُس مشہور و معروف فضیلت کا ذکر کیا ہے جو اُنکو زمانہ گذشتہ مین حاصل تھی اور یہ بات کبھی فراموش نہین کرنی چاہیے کہ یورپ کے سائنس اور خصوصاً فن طبابت پر مشرق کے احسان کا بڑا بوجھ ہے وہ عربی لٹریچر ہی تھی جس نے دنیا کے قدیم تجربہ اور تحقیقات کے پھلون کو اُن تاریک زمانون مین محفوظ رکھا جنھون نے کچھ عرصہ تک قدیمی قومون کے عقلی کامون کو قریباً پست کردیا اور بُھلا دیا لیکن تمام انسانی فضیلت کا مرکز ہمیشہ بدلتا رہتا ہے خواہ وہ صنعت کے میدان مین ہو خواہ فنون کے میدان مین یعنی کل وہ یہان تھا اور آج یورپ مین ہے اور کل اِس سے بھی زیادہ مغرب کی طرف ہوگا لیکن جہان کہین وہ ہوگا اُسکے نتیجے زمانۂ حال کے سلسلہ آمد و رفت کی تیزروی کی بدولت جسکا شکریہ ہمکو ادا کرنا چاہیے اب بہت جلد علی العموم شائع اور تمام شخصون کی ملکیت ہوتے جاتے ہین ہندوستان کی پچھلی تاریخ ایک کافی کفالت اِس بات کی ہے کہ جو بیج اب ہم بوتے ہین وہ سیراب زمین مین پڑیگا اور اُس سے یقیناً نہایت فیضرسان پھل پیدا ہونگے مین امید کرتا ہون کہ یہ اسپتال ہزارہا آدمیون کی امداد کا ذریعہ ہی نہوگا بلکہ وہ فن طبابت کے اصلی اصولون کا ایک کافی شاہد بھی ہوگا اور مین تہِ دل سے اسکے بانیون اور مویدون کو اُنکی محنتون کی کامیابی کے ساتھ ختم ہونے اور آج کے مبارک جلسہ پر مبارکباد دیتا ہون

نمبر ۳۴

جواب اڈریس مینونسپلٹی اجمیر

۵ - نومبر ۱۸۸۵ع

مین آپ کو یقین دلاتا ہون کہ مجھکو اجمیر مین آنے سے نہایت خوشی حاصل ہوئی ہے اور جو عنایت اور شفقت آمیز اڈریس آپ صاحبان نے مجھکو دیا ہے اس سے زیادہ عمدہ خیر مقدم میرا نہین ہو سکتا ہندمین اپنے تھوڑے سفر مین اس سے زیادہ حیرت انگیز امر مجھکو نہین معلوم ہوتا کہ مختلف مینونسپل جماعتون نے جس سے مین ملا سلف گورنمنٹ کے حقوق کو یکسان طریقہ پر اختیار کیا ہے اس امر کو نہایت ترغیب دہ امر خیال کرتا ہون - اور اس امر کے معلوم ہونے سے مجھکو نہایت خوشی ہوتی ہے کہ مثل دیگر مقامات کے اجمیر مین بھی حب الوطن اور عالی ہمت دیسی شرفا ان سخت فرائض اور جوابدہی کے اختیار کرنے پر جو مینونسپل جماعتون کے ممبران کے متعلق ہین آمادہ ہین - اگرچہ گورنمنٹ کے اور کام بھی ایسے ہین جنکی طرف عوام زیادہ متوجہ ہو سکتے ہین اور جو زیادہ قابل تعریف ہوتے ہین - لیکن آپ یقین کرین کہ بڑے بڑے شہرون مین صفائی اور حفظ صحت کی حالت کو ترقی دینے اور زیادہ تر اس جگہ کے باشندگان کو عمدہ خالص پانی بہم پہونچانے مین کوشش کرنے سے زیادہ مفید طریقہ ان مقاصد کے حاصل کرنے کے واسطے جنکی جانب انسان متوجہ ہوتا ہے شاید ہی کوئی طریقہ ہو - اس قسم کی کوششون سے مین

اپنی دلی ہمدردی اور اعانت ہمیشہ ظاہر کرتا ہون - اور ہر ایک طور پر جو میرے دست قدرت مین ہے اُنکو وسعت اور ترغیب دینے مین کوتاہی نہ کرونگا - نہایت شوق اور خوشی سے کل اُن کامون کو ملاحظہ کرنے کی امید کرتا ہون جنکی طرف آپ نے اشارہ کیا ہے اور جو بلاشک آپ کے شہر اور اُن اصحاب کی شہرت کا باعث ہوگا جنکو آپ کی ترقی مین خاصکر دلچسپی حاصل ہوتی ہے -

آخر مین آپ کے عنایت آمیز الفاظ کا اپنے نہایت مختصر اور ناکمل جواب کو اس بات کے بیان کرنے بغیر نہین ختم کرسکتا کہ اُن کوششون کے تذکرہ سے جو لیڈی ڈفرن نے اُن مصائب کے کمی کرنے مین کی ہے جنمین ہندوستان کی عورات مبتلا ہین نہایت بڑا اثر میرے دل پر ہوا ہے - فی الحقیقت ابھی وقت یہ تجویز ابتدائی حالت مین ہے اور اسکو کامیابی سے ختم کرنے کے لیے بہت زیادہ ہوشیاری اور توجہ درکار ہے لیکن اگر ہز اکسلنسی کو اپنی کوششون مین زیادہ ترغیب دہ امر کوئی ہو سکتا ہے تو وہ یہ ہے کہ والیان و باشندگان ہند اُنکی تحریک کے ساتھ ہر جانب سے دلی پسندیدگی ظاہر کرتے ہین - اُنھون نے لیڈی ڈفرن اور مجھکو اس امر کا یقین دلایا ہے کہ باشندگان ہند اپنی بہبودی اور خوشی کے واسطے ہر شخص کی کوششون کو تسلیم کرنے پر آمادہ ہین -

نمبر ۳۵

تبقریب افتتاح میو کالج اجمیر

۷ - نومبر ۱۸۸۵ع

لیڈیان - والیان ملک - سرداران - اور جنٹلمین - اس بات کا بیان کرنا بالکل بے فائدہ خیال کرتا ہون کہ آج کی رسمیات مین شریک

ہونے سے مجھکو نہایت ہی خوشی حاصل ہوئی ہے ۔ لارڈ میو صاحب مرحوم میرے خاص دوست تھے ۔ اُس انسٹیٹیوشن کی بہبود مین شوق ظاہر کرنے کے موقع حاصل ہونے سے جو اُنکے نام سے مشہور ہوگا اور اُنکی یادگار کا خراج ادا کرنے مین جنکے وہ مستحق تھے آپ کا شریک ہونے سے مین نہایت خوش ہوا ہون خواہ کسی قدر خوش گوار یہ کام خاص میرے واسطے کیون نہو لیکن اسوقت بلحاظ اپنے پبلک رتبہ اور حضور ملکہ معظمہ اور برٹش گورنمنٹ کے قائم مقام کے طور پر جو ارادہ اور خیالات لارڈ میو کے دل مین اِس کالج کی بنا قائم کرنے مین تھے اِسکی تعریف خاصکر ظاہر کرنے ۔ اِن خاص مقاصد سے جنکے واسطے یہ تیار کیا گیا ہے اپنی پسندیدگی پر زور دینے ۔ اور مفید ہونے کے موقع کو وسعت دینے کی خواہش کا آپ کو یقین دلانے کا مین خاصکر خواہشمند ہون ۔ ایسا کرنے سے مین لارڈ میو کی مدبرانہ راے سے اتفاق کرنیکا ہی اقرار نہین کرتا ہون جو اقرار مناسب ہے بلکہ جسقدر ممکن ہوسکیگا راجپوتانہ کے مہاراجگان ۔ نواب ۔ سرداران ۔ اور باشندگان کی عالی ہمتی کی قدردانی جو اِس عمدہ کام مین شریک ہوئے ہین ظاہر کرونگا ۔ اگرچہ یہ خیال اولاً لارڈ میو صاحب کے دل مین پیدا ہوا لیکن راجپوت راجگان و امرا کی فیاضی و سخاوت کی وجہ سے یہ مقصد حاصل ہوا ہے ۔ اور جس عمدہ طریقہ سے اپنے دلیر اسے مرحوم کے ارادہ کو آپ نے درجہ تکمیل تک پہونچایا ہے اُسکے واسطے مین دل سے آپ کو مبارکباد دیتا ہون (نعرہ خوشی)

تھوڑی دیر کے لیے اُن اصحاب کی طرف متوجہ ہوکر جنکے فائدہ کے واسطے اِسقدر زمیندارون نے محنت کی ہے اور اِسقدر کام کو انجام دیا ہے چند الفاظ مین دوستانہ طریقہ پر بیان کرنا چاہتا ہون ۔ اول مین آپ کو یاد دلاتا ہون

کہ بطور قدیمی خاندانون کے ممبرون کے بطور تواریخی خاندانون کے برگزیدہ کے۔ بطور اُن اشخاص کے جو راجپوتانہ مین اعلی پبلک عہدون پر مامور ہونے کے واسطے مقرر ہین بہت بھاری جوابدہی۔ بہت سخت فرایض آپ نوجوان صاحبان کو انجام دینے ہین۔ آپ کی علو ہمتی و قدرت اُس سے بہت زیادہ ہین جو آپ کے نسبت سے ہموطنون مین موجود ہین۔ اس مکان مین جو وسائل ترقی ہین اُس سے جسقدر فائدہ آپ حاصل کرینگے اُسیقدر ہزار ہا آدمیون کی آسودہ حالی وسیع ممالک کے امن و امان۔ کُل سلطنت کی عام بہبودی کو آپ ترقی یا تنزلی دینگے۔ اسوجہ سے اے میرے نوجوان دوستو آپ کے لیے یہ نہایت ضروری ہے کہ خاص صفات کو ترقی دو اور خاص خطرات سے محفوظ رہو۔ چونکہ پروردگار خالق نے آپ کو بہت بڑا رتبہ دیا ہے اور ادنی تفکرات کے بوجھ اور تنگی حالت کی لازمی تشویشات سے آپ کو آزاد رکھا ہے۔ لہذا آپ کو اس امر پہ فخر و ناز کرنا چاہیے کہ آپ اُن مردانہ علامات اور صفات سے اپنے کو آراستہ و پیراستہ کرین جو ہر وقت اور ہر زمانہ مین شرفا اور عالی خاندان اصحاب کے واسطے مناسب زیبایش خیال کیے جاتے تھے یعنی نفس کشی۔ شجاعت۔ قناعت۔ محبت۔ راستی و انصاف انکساری۔ پاکبازی۔ پاس خاطر اشخاص۔ ہمدردی برائے غربا مصیبت زدہ اشخاص و مظلوم۔ ان سب کے علاوہ وہ خوش اخلاقی درکار ہے جو قدرتی حسن عادات اور خلق کی ظاہر اور رواجی باتون سے نہین ثابت ہوتی ہے بلکہ اُس قدرتی سادگی اور فیاضی دل کا نتیجہ ہے جو خود بینی اور خود بیانی سے نفرت کرتی ہے۔ برخلاف اسکے آپ کو اُن ترغیبون سے بھی جو دولت اور پاس ہے حظ اوٹھانے کے موقعے حاصل ہونے کی وجہ سے ہر ایک زمانہ اور ہر ایک ملک

مین پیدا ہوتی ہین اُسی قدر حذر کرنا واجب ہے۔ یعنی کاہلی سستی۔ عیاشی۔ نفس پرستی۔ کمزوری دِل و دماغ۔ اور نیز اُن تمام ادنیٰ بُرائیون سے جنکے باعث انسان اپنی زندگی کو ایک بوجھ خیال کرتا ہے۔ اپنے خاندان مین ذلیل خیال کیا جاتا ہے اور اپنے ملک مین بطور دبا کے سمجھا جاتا ہے۔ اِس بات کے بیان کرنے مین مجھے آپ کو آگاہ کرنا چاہیے کہ آپ اُس دنیا مین رہتے ہین جو تبدیل ہوتی جاتی ہے یعنی اُس دنیا مین جسمین اُن خاص حقوق اور فوائد پر نکتہ چینی ہوتی ہے اور علمی مقابلہ سے اُنکی جانچ کیجاتی ہے جنپر آپ کو ایک بجا فخر تھا۔ اگر راجپوتانہ ہند کے مشہور صوبون مین اپنی تاریخی حالت اور شرفا شجاع۔ بہادر کا وطن قدیم قائم رکھنا چاہتا ہے تو یہ نہایت ضروری ہے کہ اِسکے مشہور خاندانون کی اولاد و قائم بقام امن کے ہنر مین رعایا کے سرگُزیدہ بنکر اور میدان تہذیب مین اُنکو نظیر دیکر وہ شہرت و سبقت حاصل کرین جو آپ کے بزرگون نے بذریعہ شمشیر کے اپنے فرقون کے ساتھ میدان جنگ مین حاصل کی تھی (نعرۂ خوشی) اور آپ یقین کرین کہ یہ با امن کامیابیان جنکی وجہ سے بیشمار مخلوق کی بہبود کی ترقی ہوتی ہے اور جو آپ کے حوصلہ کے لیے اُس سے بہت زیادہ مناسب ہے جو اُس زمانہ مصیبت مین حاصل ہوتی تھی جبکہ کوئی سال ایسا نہین گذرتا تھا جبکہ ہندوستان کے خوشنما کھیت اُسکے ہزارہا باشندون کے خون سے سیراب نہوتے ہون۔

لیکن مین ان عام مضامین سے درگذر کر مفصل امورات کی بابت خاص سفارش کرنا چاہتا تھا چونکہ مین نے اپنے ارادہ سے زیادہ عرصہ تک آپ کو ٹھیرایا ہے اسوجہ سے مین صرف ایک بات کی نسبت ذکر کرونگا اور جسکی بابت اِس قسم کے موقعون پر اکثر آپ سے بیان کیا گیا ہے یعنے اِس بُری خواہش

کی نسبت کہ آپ انگریزی زبان کے کامل ماسٹر ہون - ایسا کرنے مین اُس
زبان کی وقعت کے ظاہرا فائدہ پر خاص اصرار مین نہ کرونگا جو اپنے علم ادب مین
اِسقدر زرخیز اور مختلف ہے جسکے ذریعہ سے آپ اول مرتبہ نہایت بڑے
اشخاص کے خیالات - زمانۂ حال کے فلسفانہ خیال اور تلاش سائنس کے
نتائج سے بخوبی واقف ہو سکتے ہین - زیادہ تر عملی فوائد جو اس قسم کی تعلیم سے آپ کو
حاصل ہونگے مین اُنکو بھی بیان کرتا ہون - انگریزی آپ کی سپریم گورنمنٹ
کی سرکاری زبان ہے اور نیز اُن کتابون کی بھی جنمین قواعد عام - خانگی طریقہ
انتظام - اور عام ملکی حالات کا تذکرہ ہے اور آپ کے رتبہ کے واسطے روزانہ
مفید یا مجھکو کہنا چاہیے نہایت ضروری ہوگی - ہند کے دیگر حصص کے تیز فہم
باشندگان نے اس امر کو بخوبی دریافت کر لیا ہے اور اسی وجہ سے اپنی طاقتون
کو تحصیل علم انگریزی مین صرف کرتے ہین - اسکا نتیجہ ہے کہ منجملہ انکے بہت سے
اشخاص انگریزی اِس فصاحت و بلاغت سے بولتے ہین اور تحریر کرتے ہین
کہ اسکی ہم تعریف نہین کر سکتے - اب مین بھروسہ کرتا ہون کہ میرے سامعین کو
پاس عزت کا پورا خیال رہیگا اور پاس امر کا کافی فخر ہوگا کہ اس خاص باتمین
اُنکا صوبہ سلطنت کے اور دیگر حصص سے پیچھے نہ ہجائے اسلیے مین پھر
آپ سے کہتا ہون کہ اس مکان مین تحصیل علم زبان انگریزی کو اپنی خواہش کا
خاص مقصد تصور کرین - (نعرۂ خوشی) - خالق لایزال نے اپنی کونسل سے
یہ فرمان جاری فرمایا کہ خاصکر زبان انگریزی قطعۂ زمین پر جاری ہوگی یہ بات
از روے حساب ثابت ہوئی ہے کہ سو سال کے عرصہ مین انگریزی بولنے والی
قومین ایک ارب سے زیادہ ہو جائینگی - اِس حالت مین جناب ملکہ معظمہ
قیصرہ ہند دام اقبالہا کی اُن ہندوستانی رعایا کو جنکو تعلیم یافتہ فرقہ مین شامل ہونے کا

دعویٰ ہے اِس زبان سے ناواقف رہنا باعث شرم ہے (نعرۂ خوشی)

اور اب لیڈیان - والیان ملک - سرداران - اور جنٹلمین مین آپ کو اور خاصکر اُن اصحاب کو جو شمل میرے معزز دوست سر چارلس الچیسین اور آپکے اول پرنسپل* جو اِسوقت اِس جگہ تشریف فرما ہین اور جو اِس عمدہ مدرسہ کے اول ترقی دینے والون مین ہین اُسکی موجودہ کامیابی اور آیندہ کی بہبودی کے واسطے مبارکباد دیتا ہون - اسکے طلبار تعلیم یافتہ مین وہ صفات موجود ہین جنکی ہم انگلستان مین بہت قدر کرتے ہین اِس امر کی تشریح کے واسطے صرف ایک مثال بیان کرتا ہون کہ اب تک مین صرف ایک راجپوت مہاراجہ سے ملا ہون اور وہ بھی اول ہی مرتبہ اور جنکے ہمراہ چند روز رہنے کی مجھکو خوشی حاصل ہوئی ہے - یعنی مہاراجہ الور سے (نعرۂ خوشی) جو میو کالج کے معزز طلبار مین سے ہین اور جنھون نے اپنی نوجوانی کے وعدے کو اپنی گورنمنٹ کے عمدہ انتظام اور بندوبست امورات کو ذاتی لیاقت و محنت سے قائم رکھا ہے - اور جو اپنی ریاست کا انتظام اِس طریقہ پر کرتے ہین کہ وہ انکی رعایا کی سرسبزی و قناعت و اُنکی شہرت اور سپریم گورنمنٹ کی عزت اور بہبود کو تقویت دیتا ہے (نعرۂ خوشی) اگر میو کالج سے اِس قسم کے حکمران تعلیم پاکر برآمد ہونگے تو ہمکو اُس مشہور وسیراے سے جنکی دانشمندی کی اِس مدرسہ کے قائم ہونے کے واسطے ہم ممنون ہین اور جنکی یادگار (مین بھروسہ کرتا ہون) یہ نسلاً بعد نسلٍ قائم رکھیگا حسد کرنا چاہیے (زور سے متواتر نعرۂ تعریف) -

جناب لیڈی ڈفرن صاحبہ کے انعام تقسیم کرنے کے بعد ہز اکسلنسی

---

* سر اوسینٹ جان -

حضور ویسراے صاحب بہادر بالقابہ نے منجانب لیڈی ڈفرن صاحبہ ارشاد فرمایا۔

میجر لاک صاحب - لیڈی ڈفرن صاحبہ نے مجھسے اُس عمدہ نذر کی نسبت مین جو آپ نے اُنکو عطا فرمائی ہے منجانب خود شکریہ ادا کرنے کے واسطے مجھسے فرمایا ہے اِس بات کے بیان کرنے کے لیے بھی وہ مجھسے فرماتی ہین کہ اُنہون نے ایک یونانی کتاب مین ایک شخص کا حال پڑھا ہے جو اپنے شہر کی دیوارون کی مضبوطی پر ناز کر رہا تھا۔ جس شخص سے وہ دیوار کی مضبوطی کا حال بیان کر رہا تھا اُسنے جواب دیا کہ شہر کی نہایت عمدہ دیوارین اُس شہر کے باشندے ہین اِس خوبصورت ہال اور اِسکے نقش و نگار کا حال آپنے مناسب الفاظ مین بیان کیا ہے اور وہ اُس تعریف کی مستحق ہین لیکن اُنکے خیال مین اِسکی خاص زیبائش وہ ذکی محنتی۔ اور تیز فہم طلبا ہین جو اسوقت ہمارے گرد کھڑے ہوے ہین۔ آخر مین لیڈی ڈفرن صاحبہ باجازت آپ کے جب تک وہ اِس ملک مین مقیم رہین ایک طلائی تمغہ سالانہ میو کالج مین عطا کرنا تجویز فرماتی ہین اِسکی شرائط کا بعد ازان ہم فیصلہ کرینگے۔

نمبر ۲۳

جواب اڈریس سنٹرل انڈیا ایسوسی ایشن اندور

۱۴- نومبر ۱۸۸۵ء

جنٹلمین - مین بھی تہ دل سے آپ کے اڈریس کا شکریہ ادا کرتا ہون اور یقین کیجیے کہ مین کامل قدر کرتا ہون کہ آپ نے مختلف باتون کا بہت دوراندیشی کے ساتھہ ذکر کیا ہے واقعی خوشی اور عمدگی کی بات ہے کہ روسا اور عمائد اور اُنکے مانند پنچایتی جماعتون سے بذات خود ملاقات اور واقفیت پیدا ہوئی اور ہندوستان کے ذی اختیار لوگون سے جنکی نیک نیتی اور دوستانہ اعانت کی گورنمنٹ اس وسیع سلطنت کے انتظام مین محتاج ہے ویسرائے کا اول کام واقفیت حاصل کرنا ہے یہ بہت بہتر بات ہے کہ وہ کارروائی رفتہ رفتہ غور کامل سے کرے نہ کہ کم واقفیت کے ساتھہ آزمایشاً حکمت عملی کر گذرے ہندوستان کی آبادی اسقدر مختلف اور اسکے فوائد اسقدر پیچیدہ ہین مختلف لوگون کی رسم رواج مختلف مقامات مین اسقدر متعدد ہین کہ بجز بڑے بڑے معاملات کے اور باتون مین یکسان طریقہ حکومت بالکل نامناسب ہوگا اسی وجہ سے مینونسپل کا انتظام بموجب حالات اضلاع گورنمنٹ اور عوام کے نہایت مفید کار ہوگا ہمارے طریقہ انتظام مین اسوجہ سے ایک جزو موزون اور ملائم قائم ہوتا ہے جو شہنشاہی گورنمنٹون کی اُس ذاتی خواہش کو دور کریگا کہ سب جگہ یکسان انتظام کرنا چاہتے ہین آپنے صحیح بیان کیا اور میری بھی یہی خواہش ہے کہ مختلف عالی ہمت گروہ جو اپنے ہمسایہ کے

پبلک فوائد کی غرض سے اپنا وقت اور ذاتی آرام تصدق کرنا چاہتے ہین اپنی کارروائی سے صدر حکام کی ممنونی اور پسند کا ہمیشہ استحقاق حاصل کرتے رہینگے

اب مین اُس مہربانی کے ذکر کا بیان کرتا ہون جو آپ نے ادنی کوشش لیڈی ڈفرن کی بابت کی ہے۔ جو کوششین اُنھون نے بہبود عوام کے واسطے حتی المقدور کی ہین مین آپکو اپنی اور اُنکی جانب سے یقین دلاتا ہون کہ ہمکو اس سے زیادہ خوشی نہوگی جو اِسوجہ سے ہوئی ہے کہ ہر اکسلنسی کی تجاویز کو ہندوستان کے فیاض رئیسون اور باشندون نے خوشی سے قبول اور منظور کیا صرف ملک کے ادنی واعلی نے اپنے چشمۂ فیض کو جاری کرکر چندہ ہی عطا نہین فرمایا ہے بلکہ اِس سے زیادہ بیش بہا اور زیادہ امر یہ ہے کہ ہر فرقہ کی طرف سے ہمدردی اور پسندیدگی کے ثبوت ہر اکسلنسی کو پہونچے ہین یہ ظاہر ہے کہ اُنھون نے ایسی بُرائی کا علاج کرنا چاہا ہے جو عام مین تسلیم کیجاتی ہے اور ایسی حاجت پوری کرنے کی خواہش رکھتی ہین جسکی ضرورت ہر طرف سے معلوم ہوتی ہے اُنکی راے خاص اس بارے مین یہ ہے کہ حتی الامکان انسانی تکالیف کم ہون اُنکی تجویز اِس بنا پر قائم ہے اُنکو کوئی بیرونی تعلق پولٹیکل مذہب یا ملت وغیرہ کا اسمین نہین ہے اُنکی کامیابی کا پورا یقین ہے اور قومی صورت حاصل کی ہے مجھے امید ہے کہ مختلف حصص ہندوستان کے لوگ اِسکو قائم رکھینگے

نمبر ۳۷

بتقریب افتتاح ڈیلی ہال راجکمار کالج اندور

۱۴- نومبر ۱۸۸۵ء

میم صاحبان- شاہزادگان- سرداران جنٹلمین- مین آپکو یقین دلاتا ہون کہ مجھے اِس دلچسپ رسم مین مدد کرنے کا موقع پاکر نہایت خوشی ہوئی تعلیم کا تو مین سچے دل سے بہت ہی بڑا دوست ہون مین اپنی خوشی بیان نہین کرسکتا

جبکہ مین نے عمارت مین داخل ہونے کے وقت لوح سنگ مرمر کو ملاحظہ کیا جو پشت در پشت قائم رہیگی اِس لوح پر تیس سرداران اوسط ہند کے نام منقوش تھے جنھون نے اِس تعمیر کے لیے چندہ دیا تھا چونکہ مجھے حال مین اپنے خیالات ایسے ہی صیغہ تعلیم کی نسبت ظاہر کرنے کا موقع ملا ہے لہذا اعادہ الفاظ فضول ہے مین اِسی پر اکتفا کرتا ہون کہ مین اُن لوگون کو جو اِس یونیورسٹی کی آیندہ بہبودی کے شائق ہین یقین کراتا ہون کہ مَین ہمیشہ اِسکی بہبودی ترقی کے لیے اور اِسکے فوائد کے موقع کی توسیع دینے کے لیے مستعد رہونگا جیسا سر لیپل گریفن بیان کر چکے ہین مین نے اِسکے کئی طلباے سابق سے گفتگو کی اور خوش ہوا کہ اُنھون نے انگریزی زبان مین بہت فصاحت سے باتین کین آخر مین مَین ایک بات کا ذکر کرتا ہون کہ ہم سب انگلش کو مشکور ہونا چاہیے کہ وسط ہند کے والیان ملک اور سردارون نے اس کالج کو اپنے دوست سر ہنری ڈیلی کے نام سے منسوب کیا ہے مین خوب جانتا ہون کہ سر ہنری ڈیلی نہایت لایق اور عالی طبیعت ملازم تاج کے تھے جنھون نے ہندوستان مین عمدہ کام کیے ہین ابتدا سے انتہا تک ہندوستانی ریاستون اور والیان ملک کے طرفدار اور دوست رہے ـ مین آپکو یقین دلاتا ہون کہ ہم نہایت مشکور ہین اِسوجہ سے کہ ہماری خواہش اور مقصد یہی ہے کہ جن لوگون نے اہل ہند کے حق مین اپنے فرائض واجبی ادا کرنے مین کوشش کی ہے ہم بھی اُنکے نقش قدم پر چلین کیونکہ ہم ایسے فیاض دلون کی خدمات کرتے ہین جو ہمارے جانے کے بعد بھی ہماری یادگار مستقل طور پر قائم رکھتے ہین جسطرح کہ سر ہنری ڈیلی کے نام کی یادگار قائم کی گئی ہے ـ

نمبر ۳۸

بجواب دعوت بمقام جودھپور

۱۷ نومبر ۱۸۸۵ء

لیڈیز اور جنٹلمین - جنابہ ملکہ معظمہ قیصرہ ہند دام اقبالہا کے جام تندرستی کو ہز ہائینس مہاراجہ صاحب جودھپور نے نہایت مناسب الفاظ مین تجویز فرمایا ہے چونکہ مین حضور ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کا قائم مقام ہون اسوجہ سے یہ امر مجھپر فرض ہے کہ ان عنایت آمیز الفاظ کا مناسب طور پر اقرار کرون اور ہز ہائینس کو اس امر کا یقین دلاتا ہون کہ جو کلمات وفاداری کے تخت شاہی کی جانب اور کلمات اطاعت حضور ملکہ معظمہ کی ذات بابرکات کی جانب آپنے ظاہر فرمائے ہین مین انکو جسطرح کہ مہاراجہ صاحب نے ارشاد فرمایا ہے حضور ممدوحہ کی خدمت مین پیش کرونگا - ہز ہائینس نے میری اور نیز لیڈی ڈفرن کی جانب بھی براہ عنایت دوستانہ الفاظ مین اشارہ کیا ہے - جو لحاظ اور عمدہ مہمان نوازی اس ریاست مین داخل ہونے پر مہاراجہ صاحب نے ہمارے واسطے ظاہر فرمائی ہے اُسکے ہم دونون نہایت مشکور ہین - خواہ کسیقدر اثر مجھپر اُنکے ذاتی لحاظ کے اظہار سے کیون نہو جو ترقی زمانہ حال مین ہز ہائینس نے اپنے طریق سیاست ریاست مین کی ہے اُسکے ثبوت کے ملاحظہ سے مجھکو نہایت ہی زیادہ خوشی حاصل ہوتی ہے - مہاراجہ صاحب نے صرف اُن غارتگرون کے فرقے کے نیست و نابود کرنے مین ہی قابل اطمینان کوشش اور عزمیت ظاہر نہین کی ہے جنسے کاشتکارون اور دیگر صلح جو

اشخاص کو بہت ضرر پہونچتا تھا بلکہ اپنی ریاست کو خالص اور عمدہ پانی بہم پہونچانے سے بہت بڑا فائدہ پہونچایا ہے - ہم سب اس بات سے واقف ہین کہ زمانہ سابق مین جودھپور کے قدیم خاندان کے شرفا-عمائد و اُمرا اُن حکمرانون کی جانب جنکی اطاعت کا حلقہ اپنے کانون مین پہنے ہوتے تھے اپنی ضبط و وفاداری کے لیے اور نیز میدان جنگ مین شجاعت اور بہادری کے واسطے مشہور رہتے - اگرچہ اس بات کا بیان کرنا دلچسپ نہ معلوم ہوگا تاہم مین اسکے بیان کرنے کی جرأت کرونگا کہ ہزہائینس کا وہ فعل جسکی طرف مین نے اشارہ کیا ہے مہاراجہ صاحب کو الطاف و مراحم خسروانہ کا استحقاق حاصل کرنے کے واسطے اور نیز اُنکے عمدہ کام کو آئندہ نسل سے تسلیم کرانے کے واسطے اُسی قدر کافی ہے جسقدر کہ اُس زمانہ مین اُنکے بزرگون کے بہادرانہ افعال کافی ہوتے تھے - کسی مقام کی عام تندرستی کو ترقی دینا - مرض کا استیصال کرنا - وبا کی خرابیون سے بہت بڑی آبادی کی حفاظت کرنا باعث جسکے بیحد انسانی تکلیف کم ہوتی ہے اور اسیقدر کڑورون آدمیون کے آرام مین ترقی ہوتی ہے ایسے عمدہ اولوالعزمی کے کام ہین جنھین انسان کو انجام دینا چاہیے - اور جس لیاقت اور کامیابی سے اپنے مختلف اور فیض رسان مقصد کو ہزہائینس نے درجہ تکمیل تک پہونچایا ہے اسکے واسطے مین مہاراجہ صاحب کو مبارکباد دیتا ہون (نعرۂ خوشی)

اور اب لیڈیز اور جنٹلمین بیٹھنے سے پیشتر ہزہائینس کے جام صحت کی تجویز کرنے کی آزادی لونگا - اور ایسا کرنے مین مجکو یقین ہے کہ کل حضار جلسہ کی جانب سے مین گفتگو کر رہا ہون اور مہاراجہ صاحب کا اُس بڑی اور عمدہ فیاضی کا شکریہ ادا کر رہا ہون جو اُنھون نے اپنے ہر ایک مہمان کے لیے آرام بہم

پہونچانے کے واسطے ظاہر کی ہے - جو اصحاب اس مکان مین موجود ہین وہ
اُن خوش ایام کی جو اُنھون نے ہز ہائینس کے زیر شفقت گذارے ہین
نہایت خوشگوار یادگار اپنے ہمراہ لیجاوینگے (زور سے متواتر نعرہ خوشی)
ہز اکسلنسی نے اپنے اسپیچ کو ہز ہائینس مہاراجہ صاحب جودھپور کے
جام صحت و بہبود کی تجویز کرنے سے ختم کیا -

نمبر ۳۴

بتقریب دعوت جیپور

۲۱ - نومبر ۱۸۸۵ء

لیڈیان جنٹلمین - میرا اول کام یہ ہے کہ مین مہاراجہ کا شکریہ ادا کرون کہ انھون نے ملکہ معظمہ کا جام صحت تجویز کیا اور پھر مین ذاتی شکریہ اپنے اور لیڈی ڈفرن کی طرف سے ادا کرون جسکا ذکر انھون نے کیا ہے مین شہر کو دیکھکر بہت خوش ہوا یہ شہر نہایت عمدہ ہے جس سے اُسکے بانی کی عظمت اور دور اندیشی ثابت ہے اور وہ بہادری اور مدبری - انتظام سیاست اور علم مین اپنے ہموطنون سے ناموری نہ تھے بلکہ اپنے زمانہ کے شاہان یورپ اور ایشیا مین سبھون پر اِن باتون مین سبقت رکھتے تھے کہ کسطرح دارالسلطنت کی بنا قائم کرنا چاہیے اور مین کہہ سکتا ہون کہ شروع اٹھارھوین صدی مین کسی شہر انگلستان اور فرانس مین ایسے کشادہ اور ہوادار راستے اور سڑکین نہ تھین جو اس مہاراجہ نے اِس شہر مین بنائی ہین جو اُنکے نام سے مشہور رہین اور ہمیشہ اُنکی یادگار قائم رہیگی پس حقیقت مین ایسے سابقین کی نظیرین اسقدر فیضرسان اور عقیل ہین کہ اُنکی اولاد اُنکے قدم پر قدم رکھین حکمران حال اُسی نقش قدم پر چلنا چاہتا ہے ابھی سے ظاہر ہے ہر چند کہ عمر مین نوجوان ہے اور ابھی حکومت کا آغاز ہے تاہم اُنھون نے عام حالت ریاست کے سنبھالنے مین کوششین ظاہر کی ہین اور مثل دیگر والیان ملک کے جنکی کوششون کا مین نے ذکر کیا ہے مہاراجہ صاحب نے جیپور مین بھی عمدہ شفاف پانی بہم پہونچایا ہے یہی بڑا ذریعہ مزیل امراض اور عام کی صحت و عافیت کا ہے انکی سرپرستی مین

ایک اسکول فنون عمدہ سرسبز کالج اور اسپتال اور اس قسم کی دیگر عمارات رعایا کی
بہبود اور علمی ترقی کے لیے قائم ہوئی ہین ہز ہائینس نے اسقدر قابل تسکین انتظام
گورنمنٹ ہند کے روبرو ثابت کیا کہ گورنمنٹ کا ارادہ ہے جسکو مین خوشی سے کہتا ہون
کہ ام انکو کامل اختیارات دیدیے جائینگے اور ایسا کرتے مین اُس حکمت عملی کو استعمال
کرتا ہون جو مین اور میرے شرکائ کار تمام والیان ہند کی نسبت اختیار کرینگے اور ترقی دینگے یعنی اعتماد
اور اعتبار کامل والیان ملک سے ہند مین ظاہر کرنا چاہیے اور حتی الوسع ناگوار فضول
مداخلت سے پرہیز کرنا چاہیے اور روز بروز بوجہ انکے عمدہ قابل تعریف انتظام کے
یہ موقع بھی کم ہوتا جاتا ہے۔ (نعرۂ خوشی)

آخر مین اے لیڈی صاحبان اور جنٹلمین اگر ہز ہائینس کی عنایت اور مہمان نوازی کا
اظہار کرون تو مین یقین کرتا ہون کہ آپ کی خوشنودی کا باعث ہوگا۔

نمبر ۴۴

جواب تبقریب دعوت بھرتپور

۲۳- نومبر ۱۸۸۵ء

لیڈیان جنٹلمین - پہلے تو مین ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کی طرف سے شکریہ ادا کرتا ہون کہ مہاراجہ صاحب بھرتپور نے کس عنایت آمیز طریقہ اور دلی شوق سے جناب ممدوحہ کا جام صحت تجویز کیا ہم سب جانتے ہین کہ اِس ریاست کے مہاراجہ بھی مثل مہاراجگان ہند کے خاص ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کی ذات خجستہ نہاد اور نیز تخت شاہی کی طرف فرمانبرداری مین کسی سے کم نہین ہین اور مین اُن عنایت آمیز اور دوراندیش کلمات کا شکریہ ادا کرتا ہون جنمین میرا اور لیڈی ڈفرن کا ذکر ہے مین انکو یقین دلاتا ہون کہ ہم اُنکی مہمان نوازی اور خیالات خیر مقدم سے مشکوری کے ساتھ آگاہ ہین کسی اور مقام پر ایسی خلوص طبیعت اور فرمانبرداری کا ثبوت نہین ہوا جسطرح پر کہ ہز ہائینس نے ذاتی اخلاص ہماری طرف ظاہر کیا ہے منجملہ دیگر خوشنما منظر کے جو ہمنے مشاہدہ کیے ہین ہم خوشی سے ہز ہائینس کے دروازون کی روشنی کو یاد رکھینگے جنمین سے آج رات ہم گذرے تھے میرے دوست کرنیل بواین اسمتھ نے بھرتپور کا ایک وصف بیان کیا جو بہر حال ایک زمانہ مین موجود نہ تھا اُنھون نے کہا بھرتپور مین ہر ایک کی پہونچ نہین ہے لیکن جب انگلش فوج ایک غاصب سے مہاراجہ کے بزرگون کی طرف سے لڑتی تھی تو اُسنے باسانی رسائی پائی اب ہز ہائینس نے ہمارے واسطے اپنے صدر مقام مین دروازے ہی نہین کھولے بلکہ دل بھی مین اُنکو یقین دلاتا ہون کہ جو شخص یہان موجود ہے اُنکی مہربانی سے جو ہم پر کی ہے مقر ہین مین اُسکے عوض مین اُنکا جام صحت تجویز کرتا ہون - (نعرۂ خوشی)

نمبر ۱۸

جواب اڈریس آگرہ مینونسپلٹی

۲۷- نومبر ۱۸۸۵ء

جنٹلمین - مین آپ کا بدل شکر گزار ہون کہ آپ نے میرے داخلہ آگرہ پر مہربانی سے خیر مقدم کیا بالخصوص مجھے آپ کے اِس بیان سے مسرت ہوئی کہ گورنمنٹ ہند نے شمالی مغربی سرحدات ہند پر بے شمار برکتین امن وامان کے عطا کرنے مین کوشش بلیغ کی ہے (نعرۂ خوشی) اسمین شک نہین کہ ایک وقت صورت معاملات کی نہایت نازک تھی اگر خوف گذر گیا تو آپ فرض کرین کہ ہندوستان مین جو مستحکم اور قطعی حالت اختیار کی گئی اور جس سہولت کے مشورون سے خاص متوسلین نے برتاو کیا اُس سے زبردست قابل تسکین نتیجہ حاصل ہوا ہے (نعرۂ خوشی) مجھے کمال افسوس ہے کہ ہماری مشرقی سرحدات پر حالت امورات اسقدر پرامن نہین معلوم ہوتی یہ موقع تفصیل بیان کا نہین ہے کہ بڑھا سے کن وجوہ پر جھگڑا ہوا - مگر آپ یقین جانیے کہ اگر یہ جنگ فائدے اور اعزاز کے ساتھ ٹل سکتی ہے تو اِس جھگڑے کے ختم کرنے پر جو ہمسے اور شاہ تھیبا سے پیش آیا ہے مجھسے اور میرے مشیرون سے بڑھ کر کوئی مشتاق زیادہ اسکا نہوگا (نعرۂ خوشی) مگر مجھے امید ہے کہ جو تدبیرین ہمنے اِس اہم مسئلہ کے دور کرنے مین کی ہین جو ہمکو مجبوراً پیش آئی ہین وہ کامل اور قطعی اور موثر ثابت ہونگی اور حتی الامکان مصائب کو گھٹا ئینگی جو تھوڑی سی ہی جنگ مین لاحق ہوتی

ہین جب بیرونی معاملات ایک مرتبہ قابل تسکین طور پر فیصلہ ہو جائینگے تو گورنمنٹ ملک کے اندرونی دلچسپ معاملات پر متوجہ ہو سکیگی جنکا آپنے مناسب طور پر ذکر کیا ہے (نعرہ خوشی) از نجملہ مالی حالت ملک پر ہمیشہ ضروری خیال ہوگا مجھے یہ خوف نہین ہے کہ فی الحال جو بڑی ترمیات ہمارے ہمسایہ مین ہوتی ہین ہماری حالت پر موثر ہونگی مجھے اُمید ہے کہ جب احتیاط اور عاقبت اندیشی کی کارروائی اور بیباکانہ حکمت عملی سے اجتناب کرینگے اور ہماری ملکی حفاظتین احتیاط سے قائم ہونگی تو ہم اپنی ایسی حالت قائم کر لینگے کہ جو بے پروائی اتفاقات اور تغیر حالات ممالک غیر سے ہمکو ہے اُس سے بھی زیادہ بےفکر ہو جائینگے اگر ہمکو کسیقدر زیادہ صرف بھی کرنا پڑے تو اسکو ہر شخص تسلیم کریگا کہ یہ صرف کسی نہج بمقابلہ وقتاً فوقتاً خوفون سے پاک رہنے اور دیگر فوائد حاصل ہونے کے بیجا نہین ہوا (زور سے نعرہ تعریف)

آخر مین مین ایک لفظ اور کہتا ہون یعنی آپ نے لیڈی ڈفرن کی ادنی کوشش بغرض فائدہ ہمجنس رعایا عورات ہند کا ذکر کیا ہے اس بات کو پہلے ہی مین بیان کر چکا ہون کہ ہر اکسلنسی کو ایک ہی مطلب مدنظر ہے یعنی صاف اس امر کی خواہش کہ انسانی تکلیفات کم ہون اور کسی ضمنی خیال یا منشا کا اثر نہین ہے اور نہ کسی مذہب ملت فرقہ یا پولیٹیکل کا ہے۔

اب جنٹلمین مجھے پھر اپنا شکریہ ادا کرنے دیجیے کہ آپ نے مہربانی اور دوستانہ الفاظ سے میرا خیر مقدم کیا ہے۔مین آپ کو مبارکباد دیتا ہون کہ آپ کے یہان نہایت ہی خوشنما عمارات ہین کہ اُنسے بہتر صفحہ ہستی مین نہین ہین۔ جو خیر مقدم آپ نے میرا کیا ہے اُسکے اس غیر مکمل اقرار کو ختم کرنے کی اجازت چاہتا ہون (زور سے نعرہ خوشی)

نمبر ۲۴

جواب اڈریس سینٹ پٹرز کالج

۲۸- نومبر ۱۸۷۵ء

مائی لارڈ ریورنڈ فادرز جنٹلمین - مجھے آپ سے یہ بیان کرنا غیر ضروری ہے
کہ مجھے یہان آکر نہایت ہی خوشی ہوئی اور مجھے آپ کے اس مدرسہ سے
نہایت دلچسپی حاصل ہوئی ہے۔ اُسکے مفید کام سے سب ہی واقف ہین
سالہا سال سے یہ مصیبت اور مرنے سے صدہا بدنصیب یتیمون کو بچاتا ہے
اُنکو تعلیم دیتا ہے کہ وہ اپنی عمر محنت مشقت ایمانداری اور خوشی مین بسر کرین
جو لوگ اس محنت مین مصروف ہین یہ اُنکو یقین کلی ہونا چاہیے کہ
اُنھون نے اس دنیا مین وہ کام کیا جو انسان کی نظر مین معزز ہے اور
خداوند کریم کو پسند ہے مین اس بات کے یاد کرنے سے نہایت خوش ہون
کہ یہ مدرسہ ممنون اور مشکور ہے کہ بوجہ مہربانی اور فیاضی ایک عظیم الشان
مسلمان کے اسکی بنیاد ہوئی تھی مجھے ہمیشہ موجب خوشی اور رضامندی کا ہوگا
کہ آپ کے ارادون کے پورا ہونے مین اور آپ کے کارروائی کے ترقی دینے مین
مدد کرون اگر یہان کے حکام مجھے اجازت دینگے تو مین تجویز کرتا ہون کہ
اپنے عہد ویسرائی مین ایک تمغہ طلائی لشب اور دیگر متعلقین کالج کو تفویض
کرون کہ جو طالب علم کامیاب ہو اُسکو ہر سال دیا کرین (نعرۂ خوشی) اور
مین چاہتا ہون کہ اس موقع پر لڑکون کو ایک دن کی تعطیل دیجاے از رو
سے نعرۂ تعریف) آخر مین مین اُن مناسب خیرخواہانہ الفاظ کو فراموش نہین
کرنا چاہتا بلکہ اُنکا شکریہ ادا کرتا ہون جو آپ نے ملکہ معظمہ قیصرہ ہند دام اقبالہا
اور تخت انگلستان کی نسبت بیان کرکے اڈریس ختم کیا ہے (نعرۂ خوشی)

نمبر ۳۴ میں

جواب اڈریس آگرہ کالج

۲۸- نومبر ۱۸۸۵ع

یور آنر لیڈیز و جنٹلمین - جو خیر مقدم آپ نے میرا اپنے شہر مین آنے پر کیا ہے اُسکا مین تہِ دل سے آپ کا شکریہ ادا کرتا ہون اور جو مسرت مجھکو آپ کے عنایت آمیز الفاظ سے حاصل ہوئی ہے وہ اُن طالبعلمون کی مستعدی اور تندرستی کے جنکو آپ تعلیم دیتے ہین علامات کے دیکھنے سے جو چارون طرف پائی جاتی ہین دو بالا ہوگئی ہے (نعرۂ خوشی) مجھکو آگرہ کالج کی ترقی اور بہبودی کے از سر نو سرسبز ہونے کی خبر سننے سے نہایت خوشی حاصل ہوئی ہے اور مین اس بات کو بخوبی یقین کرسکتا ہون کہ اس قسم کا خاطر خواہ نتیجہ اُن صاحب کی حمایت و سرپرستی مین پیدا ہوا ہے جو بطور ہندوستانی منتظم کے فضیلت حاصل کرنے کے علاوہ اُسی کے ساتھ ایک نہایت مہذب اور باکمال اور عالم شخص ہمارے زمانہ کے ہین (نعرۂ خوشی) مجھکو دل سے یقین ہے کہ وہ تمام خاطر خواہ اثر جنکے ذریعہ سے آپ نے اس درجہ تک ترقی کی ہے صرف جاری ہی نرہینگے بلکہ اُنکو زیادہ تر قوت حاصل ہوگی اور مجھکو اس بات کے بیان کرنے کی کچھ ضرورت نہین ہے کہ آپ کو ہمیشہ میری نہایت دلی امداد پر بھروسہ رکھنا چاہیے (نعرۂ خوشی) چنانچہ اس خیال سے مین اس بات کا وعدہ کرنے کی اب جرأت کرتا ہون کہ اپنے زمانہ قیام ہندوستان مین ہر سال ایک یا دو تمغے کالج کے طالبعلمون کی باہمی سعی و کوشش کی عوض مین دونگا (دوسرے نعرۂ خوشی) نیز مین آپ کا شکریہ بلحاظ اُن عنایت آمیز الفاظ کے ادا کرتا ہون جنمین آپ نے لیڈی ڈفرن کی اُن کوششون کا ذکر کیا ہے جو وہ ہندوستان کی مستورات کے درمیان طبی

تعلیم کو ترقی دینے کے واسطے کررہی ہین یہ بات کہ آپ جیسے شخص جنکو بمقدر اختیار ورعب داب حاصل ہے اسطرح پر علانیہ اپنی آمادگی اُنکی کوششون مین مدد دینے کے واسطے ظاہر کرین منجملہ نہایت عمدہ کفالتون کے ہے جو واپنے ارادہ کی آخری کامیابی کی نسبت حاصل کرسکتی ہین اور آپ کا یہ خیال کرنا بالکل واجبی ہے کہ کسی بات کی اُنکو بہ نسبت اسکے زیادہ تر دل سے فکر نہین ہے کہ اپنی تجویز کو ایک ایسے طریقہ مین پورا کرین جو باشندگان ہندوستان کی قدیمی عادتون اور دستورون اور روایتون کے نہایت موافق ہو۔

جو اشارہ آپ نے گورنمنٹ کی اس خواہش کی نسبت کیا ہے کہ جب کبھی ممکن ہو ہندوستان کی رعایا پر اعتماد کرکے ذمہ داری کے کام اُنکے سپرد کیے جاوین اُسکی وجہ سے مجھکو بہت خوشی حاصل ہوئی ہے اور مین آپ کو یقین دلا سکتا ہون کہ جب تک مین اپنے موجودہ عہدہ پر رہونگا اُسوقت تک مین اس ملک مین حضور ملکہ معظمہ کی رعایا کی جائز خواہشون کے پورا کرنے کے واسطے کوشش کرونگا لیکن یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ ملکی معاملات مین بہرکیف کچھ مدت تک کسیقدر خاموشی اختیار کرنا پسندیدہ ہے جو ہمارے خانگی معاملات مین ضروری نہین ہے کیونکہ جن معاملات سے ہمکو سروکار ہوتا ہے وہ صرف خاص ہم سے متعلق نہین ہوتے ہین بلکہ وہ اُن شخصون کے راز بھی ہوتے ہین جنکے ساتھ ہم معاملہ کرتے ہین لیکن ایک معاملہ اس ملک کے حق مین نہایت اہم ہے جسکی اطلاع دینے کے واسطے یہ ایک نہایت عمدہ موقع ہے یعنی میرے پاس اسی وقت اُس جنرل کے پاس سے جو برہما مین حضور ملکہ معظمہ کی افواج کا کمانڈر ہے ایک پیغام تار برقی مشعر اطلاع فتح ہونے اُس مقام کے آیا ہے جو میرے نزدیک منڈالی کے بعد

نہایت بڑا شہر اُس سلطنت کا ہے مین اِس بات کے خیال کرنے سے نہایت خوش ہون کہ ہماری طرف سے بغیر ہونے کسی نقصان کے اُسپر قبضہ کیا گیا ہے اور مین یقین کرتا ہون کہ اُن شخصون کا بھی بہت کم نقصان ہوا ہے جو بدقسمتی سے ہمارے مقابل تھے (زور سے صدائے تحسین) صرف یہی بات نہین ہے بلکہ جنرل پرینڈرگاسٹ نے مجکو اطلاع دی ہے کہ برہما کے باشندے ہنسی خوشی کے ساتھ اپنے روزمرہ کے پیشون مین مشغول ہوتے جاتے ہین اور وہ ہماری اُس خواہش پر کہ ہم اُنکی حفاظت کرنا چاہتے ہین نہایت اعتبار ظاہر کرتے ہین اور جنرل موصوف اور اُنکی فوج کو اُس ہولناک ظلم وستم سے اپنا بچانے والا سمجھتے ہین جو مدت سے اُنپر گذر رہا ہے (زور سے نعرۂ خوشی) جنرل پرینڈرگاسٹ یہ بھی بیان کرتے ہین کہ اُنکو آج خاص آوا پر قبضہ کے ہونے کی توقع ہے (نعرۂ خوشی)

خاتمہ پر مین اِس تحمل کے لحاظ سے جسکے ساتھ آپنے میری اسپیچ سُنی ہے اور اُس اڈریس کے بلا ریب عنایت آمیز الفاظ کے لحاظ سے جو آپنے میرے روبرو پیش کی ہے مین آپ کا شکریہ ادا کرتا ہون ۔

جناب عالی نواب سر ایلفرڈ لائل صاحب بہادر کھڑے ہوئے اور یہ بیان فرمایا۔ عمل

اے صاحبو مین خیال کرتا ہون کہ جو شخص یہان موجود ہین اُن سب کی یہ آرزو ہوگی کہ اس جلسہ کے خاتمے پر ہمارا جوشش طبیعت اُس بڑی عزت متواتر ظاہر کیا جاوے جو ہز اکسلنسی کے آج یہان رونق افروز ہونے سے کالج اور کمیٹی اور اُن تمام شخصون کو حاصل ہوئی ہے جو ہندوستان کے اِس خصہ مین تعلیم کی جانب متوجہ ہین اور یہ ایک ایسی عزت ہے کہ جو ہز اکسلنسی کی اسپیچ کے اُن عنایت آمیز اور فیاضانہ کلمات سے

اور بھی دو بالا ہوگئی ہے جنہین ہز اکسلنسی نے اپنی عام توجہ ہندوستانی صیغہ تعلیم کا اور خاصکر اس کالج کی بہبودی کا اور ہز اکسلنسی نے آگرہ کالج کو دو تمغے عطا فرمانے سے عملی اعانت کا جنکا وعدہ مہربانی سے کیا گیا ہے اظہار فرمایا ہے۔ (نعرۂ تحسین) یہ ایک ایسا کالج ہے جس سے اس حصہ ملک کے ہندوستانی باشندون کو جیساکہ یور اکسلنسی واقف ہین خاصکر زیادہ دلچسپی حاصل ہے یہ کالج نہایت پرانے کالجون مین سے ہے اسکی بنا ہندوستانیون کے وقف پر ہے اور یہ ایک ایسا کالج ہے جسکو ایک ایسے زمانے مین جبکہ اسکے قیام کی نسبت کسیقدر کلام تھا اس صوبہ کے ہندوستانی بڑی فیاضی اور عجیب مستعدی کے ساتھ مدد دینے پر آمادہ ہوئے اور اسکا نتیجہ یہ ہے کہ وہ ایک نئی اور زیادہ مستحکم اور ہر طرح پر زیادہ تر اطمینان بخش بنیاد پر قائم کیا گیا ہے انھین وجوہات سے ہم سب لوگون کو خاصکر خوشی حاصل ہوئی ہے کہ ہز اکسلنسی نے اس کالج کو معائنہ فرمایا اور مین اُن تمام شخصون کی طرف سے جو یہان موجود ہین یہ بات کہسکتا ہون کہ ہم ویسرائے کی رونق افروزی کو کالج کی تواریخ مین دراصل ایک نہایت اہم واقعہ اور ہم سب کے واسطے دلی خوشی کا باعث تصور کرتے ہین۔

اور اب مین آپ صاحبون سے درخواست کرتا ہون کہ ہز اکسلنسی ویسرائے کو تین چیرز دین (صداے خوشی متواتر بآواز بلند)

نمبر ۴۴

بتقریب استرداد قلعہ گوالیار

۲- دسمبر ۱۸۸۵ء

مہاراجہ صاحب - آج ہماری ملاقات کا باعث آپ سے یہ ہے کہ ہم چاہتے ہین کہ آپ کو اِس امر کی دربار عام مین اطلاع دین کہ جناب ملکہ معظمہ قیصرۂ ہند نے قصد مصمم فرمایا ہے کہ آپ کو ایک خاص نشان اپنے اعتماد اور مہربانی کا عطا فرمائین -

اٹھائیس سال کا عرصہ ہوا کہ ہندوستان مین ایک بڑا تہلکہ پڑا تھا اُسوقت آپ بھی مثل ہند کے دیگر والیان ملک کے نہایت بڑی مشکلون و خطرون مین مبتلا ہو گئے تھے -

اِسکا انجام آخرالامر یہ ہوا کہ آپکی حکومت کو گمراہ سپاہیون نے جو آپ اور سرکار انگلشیہ دونون سے باغی و سرکش ہوئے تھے زیر و زبر کر دیا جبا یہ ملکہ معظمہ کی فوج کے ہاتھ سے باغیون نے جلد شکست کھائی اور متفرق و تتر بتر ہو گئے مگر بلحاظ امن و انتظام کے یہ مناسب معلوم ہوا کہ قلعہ گوالیار اور چھاونی مُرار مین جو اُسکے پڑوس مین واقع ہے دونون مین سرکار برطانیہ کی فوج چند مدت تک متعین رہے اور اُنکو اپنے قبضہ مین رکھے - یہ تجویز آج کے دن تک جاری اور قائم رہی لیکن اِس عرصہ مین زمانہ کے صحت بخش ہاتھ اور علم و تربیت کی آسمانی روشنی اور تہذیب کی تکمیل و

دقیق تاثیرون کے سبب سے بہت بڑا تبدل و تغیر ہمارے آس پاس ظہور مین آیا ہے۔ شورش اور فساد کی جگہ امن و امان ہو گیا ہے چونکہ ہندوستان کی ریاستون کے باشندون کو یقین ہو گیا ہے کہ سرکار انگلشیہ کو طاقت اس امر کی حاصل ہے اور برٹش گورنمنٹ کا ارادہ بھی یہ ہے کہ کمزورون کی حمایت کرے۔ سرکشون کو دبائے اور نیک نیتون کو اچھا بدلا دے۔ اور وہ ریاستین باستثناے چند ریاست سالہا سال سے ترقی کے راستہ پر امن اور آرام اور قناعت و خوشی سے چل رہی ہین اور اُنکے حکمرانون نے اُن فوائد کو تسلیم کر لیا ہے جو ایسی سرکار کے تسلط سے اُنکو حاصل ہوئے ہین جو اُنکے فوائد کے دوام اور اُنکے حقوق کی برقراری کی دل سے خواہان ہے اور جو اُسکے عوض مین صرف یہ چاہتی ہے کہ وہ اپنی بادشاہ یعنی قیصرۂ ہند کے خیرخواہ ہون اور اپنی اپنی بڑی ریاستون کا انتظام اس طرح سے کرین کہ باعث زیادہ رفاہ و آرام اور خوشی و آسودگی اُنکی رعایا کا ہو جنکی خیر و بہتری کی قیصرۂ ہند عاقبت الامر ذمہ دار ہین۔

منجملہ نتائج اس تغیر و تبدل کے ایک یہ ہے کہ جو احتیاط اور دوراندیشی ایک زمانہ مین رئیسون کی حفاظت ذاتی اور شاہنشاہی اقتدار و حکومت کی برقراری کے لیے ضروری تھی اب اُسکی ضرورت معلوم نہین ہوتی۔

اس سبب سے اور نیز اس خیال سے کہ اس ریاست کے حکمران سب حاضرین دربار کو معلوم ہے کہ تخت شاہی کے باجگزار حکمرانون مین سے ایک وفادار اور لائق حکمران ہین۔ حضور ملکہ معظمہ قیصرۂ ہند نے ارادہ فرمایا ہے کہ اُس قلعہ عالیشان کو جو آپ کی ریاست کی راجدھانی سے عیان و نمایان ہے پھر آپ کے قبضہ و اختیار مین کر دین۔

آپ کو اس سنگین امانت کے قبول کرنے مین کسی قسم کا اندیشہ نکرنا چاہیے کہ حمایت اور امداد جو آپ کو دولت برطانیہ سے ابتک ملتی رہی ہے کسی طرح کم کیجائیگی بسبب توسیع ریل کے اور دوسری تبدیلات کے جو لوازمات جنگی مین وقوع مین آئی ہین ہم دور کے مقامون سے اُسی طرح کامیابی سے کارروائی کر سکتے ہین جسطرح کہ اُن مقامون سے جو اب ہمارے قبضہ مین ہین اور آپ خاطر جمع رکھین کہ اگر کسی وقت ضرورت پڑی تو دولت برطانیہ اُن شرطون کو جو عہد و پیمان حال سے اُسپر لازم ہین چستی اور درستی و ہمت سے بجا لائیگی۔

جناب قیصرۂ ہند خوب جانتی ہین کہ قلعۂ مذکور کے واپس دینے سے جناب ممدوحہ آپکے دل کی ایک بڑی تمنا کو پورا کر رہی ہین اور مین آپسے یہ بھی کہہ سکتا ہون کہ یہ امر ذاتی خوشی کا باعث ہے کہ مین جناب قیصرۂ ہند کی مہربانی کے اس تازہ نشان کے پہونچانے کا ذریعہ ہوا۔ لیکن جناب قیصرۂ ہند یہ بھی امید کرتی ہین کہ یہ امر تمام ہندوستان مین نہ صرف بطور خاص مہربانی ایک رئیس کے حق مین تصور کیا جاے بلکہ بطور ایک عام نشان اس بات کے کہ جناب ممدوحہ و اہل انگلستان اس عام وفاداری کی نسبت سلطنت قیصریہ اور تاج و تخت اور ذات بابرکات قیصرۂ ہند کی بالضرور قدر دانی کرتے ہین جو وفاداری والیان ملک و ریاستہاے ہند اور تمام ہند کے لوگون کی طرف سے چند روز ہوئے ایسے نمایان طور پر ظہور مین آئی ہے۔

مہاراجہ صاحب سیندھیا نے اِسکے جواب مین حسب ذیل شکریہ ادا کیا:

اول۔ مین اس بات کا شکر گزار ہون کہ آپ نے میرے شہر مین

رونق افروز ہوکر اعزاز بخشا۔ دوم۔ مین اس بات کے لیے مشکور ہون کہ آپ نے میرے بزرگون کا قلعہ پھر مجھے عنایت کیا جس سے میری دلی خواہش پوری ہوئی اور اُسکے لیے مین عمر بھر آپ کا شکر گزار ہونگا۔ سابق ویسرایون نے بھی اور خاصکر آپ نے جو اعزاز مجھے بخشا اُسکا بھی مین نہایت ممنون ہون مین یقین کرتا ہون کہ آپ ہمیشہ مجھے اپنے صادق دوستون اور خیر خواہون مین سمجھینگے اور نیز اُن مین میرا شمار کیا جائیگا کہ جو لوگ حضور ملکہ معظمہ کی گرمجوشی کے ساتھ خدمات ادا کرتے ہین۔

شام کے وقت مہاراجہ صاحب نے حضور لارڈ ڈفرن صاحب بہادر بالقابہ کی دعوت کی اور جنابہ ملکہ معظمہ قیصرۂ ہند اور حضور لارڈ اور لیڈی ڈفرن کا جام صحت تجویز فرمایا اسکے جواب مین حضور لارڈ ڈفرن صاحب بہادر نے ارشاد فرمایا۔

لیڈیز اور جنٹلمین۔ جن خلیق الفاظ مین مہاراجہ صاحب نے جنابہ ملکہ معظمہ قیصرۂ ہند کا جام صحت تجویز فرمایا ہے اُنکو تسلیم کرنے کے لیے اُٹھنے کے وقت اِس موقع پر صبح کی کارروائی پر نہایت سچے دل سے مبارکباد دیتا ہون۔ جبکہ مین دربار مین مہاراجہ صاحب سے ملاقی ہوا اُسوقت بطور ویسرائی اور منجانب گورنمنٹ ہند مین گفتگو کر رہا تھا مجبوراً اُسوقت میرا طرز گفتگو باضابطہ اور بالتعین تھا۔ اِسوقت چونکہ مین بطور ذاتی دوست اور انکے مہمان کے گفتگو کر رہا ہون اِسوجہ سے زیادہ بے تکلفی سے باتین کرونگا۔ مین انسے بیان کرتا ہون کہ کسقدر ذاتی خوشی مجکو اِسوجہ سے حاصل ہوئی کہ مین انکے دل کی مناسب خواہشون کے پورا کرنے کا ذریعہ ہوا ہون۔ انکے بزرگون کے اِس عمدہ قلعہ کو پھر انکے قبضہ مین دینے سے جسکی تواریخی یادگار سے۔ عمدہ

باتون سے۔ اور نہایت عمدہ جگہ پر ہونے سے شاہان عظیم کو بھی اسکے قبضہ پر فخر ہوسکتا ہے مین بخوبی واقف ہون کہ جنابہ ملکہ معظمہ قیصرۂ ہندا پنے نہایت وفادار باجگزار مہاراجہ کو گورنمنٹ ہند کے دوست صادق کو سادر نیز نہایت عمدہ سپاہی کو یہ امانت تفویض فرماتی ہین (نعرۂ خوشی) مین اُنکو اس امر کا بھی یقین دلاتا ہون کہ یہ عطیہ حضور ملکہ معظمہ قیصرہ ہند دام اقبالہا نے بخوشی تمام بلا کسی شبہہ یا افسوس کے عطا فرمایا ہے مین بھروسہ کرتا ہون کہ عرصہ دراز تک مہاراجہ صاحب اپنے اس قلعہ کے بلند میناروں سے اُس وسیع قطعہ زمین کو جو قلعہ گوالیار کے پائین واقع ہے دیکھنے کے لیے زندہ رہینگے اور اُنکے بعد اُنکی اولاد کئی نسل تک شکرگزاری اور عزت کے ساتھ اپنے اُس نامور بزرگ کے نام کو یاد کرینگے جسکی لیاقت اور خوش قسمتی سے ریاست کا ایک ایسا بڑا حصہ پھر اُنکو واپس ملا۔ اس بات کے بیان کرنے مین مین کل مہاراجگان ہند سے مخاطب ہو رہا ہون کہ یہ خاص عزت جو بوجہ خاص جنابہ ملکہ معظمہ قیصرۂ ہند نے منجملہ آپ کے ایک مہاراجہ پر عطا فرمائی ہے اسکا آپ سب کو مقر ہونا چاہیے کیونکہ اس سے زیادہ کوئی عمدہ ثبوت اُس اعتماد کا جو حضور ملکہ معظمہ اور برٹش قوم کو آپ کی وفاداری مین ہے نہین ہوسکتا بہرحال جناب ملکہ معظمہ قیصرۂ ہند اور گورنمنٹ حضور ممدوحہ امید کرتی ہین کہ اس معاملہ کو اسطرح پر لحاظ کیا جاویگا (نعرۂ خوشی)

لیڈیان اور جنٹلمین بیٹھنے کے قبل مین آپ سے مہاراجہ صاحب کے صحت کا جام نوش کرنے کی استدعا کرتا ہون۔ اس جماعت مین زیادہ تر چھاونی مرار کے قرب کے افسران اور باشندگان شریک ہین۔ اس بات کے بیان کرنے مین آپ اور آپکے متعلقین کے خیالات کا اظہار کرتا ہون کہ آپ کو اس امر کے دریافت سے

نہایت افسوس ہوا ہے کہ قلعہ گوالیار کی استرداد پر جو انتظام طے پائے
ہین اسکی وجہ سے آپکو اُس فیض رسان مہاراجہ کے قرب سے جو ایک
دور اندیش مہربان اور ہمسایہ تھے اور جنکے ملک سے آپ نے اس عرصۂ
قلیل کے قیام سے حظ اُٹھایا ہے اور جنکی ذاتی عنایات کے اسقدر ثبوت
موجود ہین علٰحدہ ہونا پڑیگا -

نمبر ۵۴

جواب اڈریس مینونسپلٹی لکھنؤ

۱۴ - دسمبر ۱۸۸۵ء

جنٹلمین - نہایت صدق دل سے مین اُس عنایت آمیز اور دوستانہ اڈریس کا جس سے آپ نے میرے ورود شہر لکھنؤ مین خیر مقدم کیا ہے کمال شکریہ ادا کرتا ہون - یہ شہر جسمین بہت سے افسوس ناک اور عظیم اور نیز فتحمندی کی یادگارین اور جہان سے نہایت بہادر دلیر بے غرض سپاہی اور ملازمان سلطنت اور جسکی سرحد کے اندر وہ شخص بآرام اپنی زندگی بسر کرتا تھا جس نے ہمیشہ اپنی صحت اور جان کو ہندوستان مین ملکہ اور اپنے ملک کے واسطے تصدق کیا اور صدہا بہادر اشخاص کا نام جو ہنگام مصیبت مین اُسکے شریک تھے صفحات تاریخ ہی مین باقی نہ رہیگا بلکہ اُسکو اور بھی لازوال تابانی ہمارے زمانہ کے نہایت بڑے شاعر کے ہاتھون سے حاصل ہوئی ہے مین خوشی سے خیال کرتا ہون کہ آج اُس شاعر کا فرزند ہمارے ہمراہ اس مقام پر آیا جس نے اُنکے والد کے دل مین نہایت عمدہ نظم کا خیال پیدا کیا ہے ہرچند ہمکو بھی اپنے زمانہ مین تشویشین اور دقتین پیش آئین بگروہ مصیبت کا زمانہ گذر گیا - ہندوستان موجودہ اب گذشتہ زمانے سے رُخ پھیرے ہوئے ہے موجودہ زمانہ سے ناراض نہوکر وہ بڑی امید اور زیادہ خوبیون کے ساتھ اُسیطرف ترقی کر رہا ہے جو کہ زمانہ آیندہ مین اُسکی

بہبود کا باعث ہوگا۔

مین نے خوشی سے اُن منکسر الفاظ کو دیکھا جنمین آپ نے اپنی کوششون کا بطور رسول گروہ کے اظہار کیا ہے جو آپ نے اُس جماعت کی رفاہ عام اور بہبود کے واسطے انجام دی تھین جنسے آپکا تعلق ہے اور خاص خواہش انکساری جو آپ کے اڈریس مین ہے وہ خود نہایت عمدہ ضمانت اُس کامیابی کی ہے جو بلاشک آپکی کوششون مین حاصل ہوگی اگر میری یاد درست ہے تو ایک موقع پر میرے نامور پیشرو نے کہا تھا کہ لوکل انتظام خوداختیاری مین شکایت و سختی سے افسردگی پیدا کرنے کے بجاے چند مدت جدید لوکل مینونسپلٹیون کی ابتدائی نقص اور غلطیان برداشت کرنا ہمارے واسطے مناسب ہوگا اور ہر چند آپ کی ناتجربہ کار اور آزمائشی کوششین اس درجہ قابلیت تک نہ پہونچین جو درکار ہین حالانکہ اب ایسی مراعات ظاہر کرنے کی ضرورت نہین ہے تاہم مین یہ بات کہنے کی اجازت چاہتا ہون کہ خواہ کیسی ہی نہایت غور سے گورنمنٹ ضلعی آپ کی نگرانی کرے اور کیسے ہی اعتراض بوقت ضرورت پڑانے اور ذمہ دار انتظام اضلاع کی کارروائی پر ہون اس دوراندیش راے کی عمدگی اور دانشمندی سے مین کامل اتفاق کرتا ہون۔

اب مین آپ کے اس دوستانہ بیان پر کہ گورنمنٹ نے شمالی و مغربی سرحدات پر امن قائم رکھنے کی کوشش کی اور جنگ بڑھا کا نتیجہ بکامیابی حاصل ہوا شکریہ ادا کرتا ہون۔ یہ بات خوش نصیبی کی ہے کہ مہم بڑھا سے جو مقصد تھا وہ ہماری طرف نیز یا مخالف کی طرف سے بغیر خونریزی کے حاصل ہوگیا مجکو ہمارے حکام نے جو خاص اُس مقام پر موجود ہین اطلاع دی ہے کہ اس سے زیادہ تر باور بات خوشی کی نہوگی کہ باشندگان اپر بڑھا

اور مینڈالی نے ہماری جانب اپنی خوشی اور دوستانہ اظہار طبع
کیا ہے آیندہ جو انتظام اس ملک مین جاری ہوگا اُسپر نہایت ہی
اہم مسئلہ کے مختلف عناصر کی پوری جانچ کے بعد نہایت ہوشیاری اور تامل
سے غور کیا جاویگا بیشک بغرض حفاظت اور امن لوور برھما اور مشرقی سرحد
ہندوستان کے یہ امر واجب ہے کہ ہماری پولٹیکل عظمت وشان تمام وادی
اراودی مین قائم ہوا اور یہ امر غور طلب ہے کہ برمی قوم کے ہر دو فرقہ کو برٹش
قلمرو مین شامل کرنے سے یہ عمدگی حاصل ہوگی یا از سر نو سلطنت برھما قائم کرنے سے
حاصل ہوگی ان اہم امور کا تصفیہ دفعتہً نہین ہو سکتا۔ جبتک ہم اُنپر خوب جانچ اور
ازمائش نہ کرلین کہ اس سے سلطنت ہند اور خود اہل برھما کو کیسے فائدے
ہونگے اور سلطنت کی حاجات بھی کسقدر رفع ہونگی بہرکیف آپ کو اس امر کا
یقین کرنا چاہیے کہ گورنمنٹ ہند اس مسئلہ پر بے اعتنائی سے نظر نہ کریگی اور
نہ وہ یہ چاہیگی کہ گورنمنٹ جناب ملکہ معظمہ کو قبل از وقت ایسی کارروائی کا
پابند کردے جسکو انگلش عوام پسند نہ کرین ہمنے یہ جنگ اپنی مرضی کے خلاف
شروع کی تھی اور ہمکو خاص تشفی اِس بات سے ہے کہ ہمنے اُس سلطنت کو فتح
کرلیا جس ملک مین نہ کوئی خرابی پڑی اور نہ جسکے باشندون کو ہمسے کسی طرح
کی عداوت ہوئی ۔

اخیر مین جنٹلمین ۔ جو عنایت آمیز تذکرہ لیڈی ڈفرن کی ان کوششون کا
آپ نے کیا ہے اِسکا مین شکریہ ادا کرتا ہون کہ اُنھون نے عورات ہند کی
طبی تعلیم کی ترقی کے واسطے کوشش کی ہے مجھکو اپنے اور اُنکے اس امر کی نسبت مشکوری
بیان کرنے کے اسقدر مواقع ملے ہین کہ آپ لوگون نے اُنکی تجاویز پر اظہار
ہمدردی کیا کہ مجھکو اعادہٗ بیان کی ضرورت نہین ہے ۔ میرے اعادہٗ

بیان نہ کرنے سے یہ نہ تصور کیا جاے کہ آپ کے عنایت آمیز الفاظ کے
ہم شکور نہین ہین - (نعرہ تحسین)

نمبر ۴۶

لیڈی ڈفرن صاحبہ بتقریب عطاے نشان

بمقام لکھنو

۴ - دسمبر ۱۸۸۵ع

کرنل میکفرسن صاحب - افسران غیر کمیشن افسران - لیسٹر شائر رجمنٹ کی
دوسری پلٹن کی سپاہ - اس مقام پر جو برٹش سپاہ کے بہادرانہ کام کے
واسطے مشہور رہے ہین یہ نشانات آپ کو سپرد کرتی ہون اور مجکو یقین ہے کہ
آپ بہادری اور وفاداری سے بطور علامات عطیہ خسروانہ - آزادی ملک خویش
اور خاندانان انگلستان انکی حفاظت کرینگے -

کرنل میکفرسن صاحب نے اسکے جواب مین فرمایا -

جنابہ لیڈی ڈفرن صاحبہ - منجانب اپنے افسران اور غیر کمیشن افسران
اور لیسٹر شائر کے رجمنٹ کی دوسری پلٹن کی سپاہ کے مودبانہ دلی شکریہ اس بڑی
عزت کا جو یور اکسلنسی نے براہ عنایت ان جدید نشانات کے عطا فرمانے
سے ہمپر کی ہے ادا کرتا ہون - ان نشانات کو آیندہ ہم متبرک خیال کرینگے
اور آج کے دن کو حضور ملکہ معظمہ قیصرۂ ہند دام اقبالہا اور اپنے ملک کی
سچی وفاداری اور اطاعت کے ساتھ خیال کرینگے - اس فوج کو اگرچہ
دو مرتبہ میدان جنگ پر جانے کا حکم ہوا لیکن دشمن کے ساتھ جنگ مین
مشغول نہین ہوئی - آیندہ کی بابت بیان کرنا میرے واسطے مناسب
نہین ہے لیکن مین خیال کرتا ہون کہ برٹش سپاہ کے زمانہ آزمائش نے

گذشتہ برتاؤ سے ہم مناسب طور پر یہ نتیجہ نکال سکتے ہین کہ باعانت پروردگار آیندہ زمانہ
مین یہ لوگ اپنی ملکہ او ر اپنے ملک کے فرض کے انجام دینے مین کوتاہی نکرینگے
یور اکسلنسی کا اس عنایت آمیز عہدہ کے قبول کرنے سے جسکو آپ نے
اسوقت انجام دیا ہے پھر شکریہ ادا کرنے کی اجازت چاہتا ہون اور حضور کو
یقین دلاتا ہون کہ اسکو ہم بآسانی فراموش نہین کر سکتے-لیکن آیندہ زمانہ
مین جبکہ اِن نشانون کو اپنے بادشاہ کے حکم سے کھولینگے تو حضور کا اسم
مبارک اسکے ساتھ شریک کرینگے-

نمبر ۴۴

ترمیم مسودۂ قانون انکم ٹکس

۴- جنوری ۱۸۸۶ء

سر آکلنڈ کالون نے ہماری موجودہ مالی حالت کو بتفصیل اور مدلل بیان کیا ہے اور نیز ان اسباب کو جنکی وجہ سے گورنمنٹ ہند کو یہ مسودۂ قانون بمجبوری پیش کرنا پڑا ہے کارروائی کے اس درجہ پر اپنی راے آپ کے سامنے بیان کرنے سے آپ کو تکلیف دینا ضروری نہوتا اگر بطور افسر گورنمنٹ ہذا مجھپر یہ فرض نہوتا کہ ایک کام کی کامل جوابدہی اپنے ذمہ لون جو خواہ کیسی ہی ضروری کیون نہو مگر اپنی نوعیت کی وجہ سے لوگ اُسکو ناپسند کرتے ہین وزیر خزانہ نے اُسکو ابتدا کرنے مین اپنے فرض منصبی کو پورا کیا وہ حکمت عملی کے جسکو ہمنے قرار دیا ہے کسی طرح ذمہ دار نہین جس طرح کونسل اور ممبر ذمہ دار نہین ہے جن وجوہ سے یہ مشکلات لاحق ہوئین جنکو ہم آسان کرنے والے ہین وہ ایسے حالات کے نتائج نہین ہین جنپر ذرا بھی محکمۂ خزانہ کا قابو ہو مگر قبل از تذکرۂ اُمور آیندہ کے ہندوستان کے ٹکس دینے والون اور ہندوستان کے عوام کو گذشتہ کیفیت کا کامل طور پر سمجھا دینا ضرور ہے اور نیز اُس کمی کا جو خزانہ کے سال حال کے خاتمہ پر ہمکو پیش آئیگی جیسا آپ کے سامنے بیان ہوا ہے غالباً یہ کمی اٹھائیس لاکھ پونڈ کی ہوگی اس رقم کا خاص حصہ جو سرسری دو ملین کہا جاسکتا ہے مجبوراً ہماری تیاری مین اس خیال سے صرف ہوا کہ شاید روس اور گریٹ برٹن سے جنگ ہوجاے ہندوستان مین

ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک اِس نازک مسئلہ کو لوگون نے خوب سمجھا اور اِس اہم حالت کی بہت پوری قدر ہوئی کوئی خوشگوار حالت تاریخ مین مثل اسکے نہوگی جب کہ ہر فرقہ کی رعایا نے ایک دل ہو کر تاج اور ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کی صرف خیرخواہی اور فرمانبرداری کا ہی اظہار نہین کیا بلکہ اکثر اشخاص نے ذاتی اور مالی امداد دینا چاہی اندرین صورت مجھے اس بیان کی حاجت نہین معلوم ہوتی کہ ہمنے ایسے وقت مین جو مصارف کیا ہے وہ ضروری اور لابدی تھا مجھے اتنا ہی کہنا کافی ہوگا کہ مسٹر گلیڈ اسٹون اور اُنکے مشیرون نے جنگ کو ویسا قریب الوقوع تصور کیا تھا کہ اُسکی وجہ سے ریزرو فوج طلب کی گئی اور برٹش گورنمنٹ نے ساڑھے چھ ملین پونڈ صرف کرکے زبردست بیڑہ جہازات آراستہ کیا میرے گمان ہین کوئی شخص یہ صلاح دیگا کہ انگلش ٹکس دینے والے شمالی مغربی ہند کی سرحد محفوظ رکھنے کے لیے جب اسقدر روپیہ صرف کرتے ہین تو ہندوستان صرف بطور بے خبر تماشائی کے رہے اور خود اپنی حفاظت کے لیے کچھ نہ کرے ہرچند ہمکو اِس ممکن الوقوع جنگ کے واسطے تیاری واجب تھی تاہم ہمنے محض ضروری حفاظت کیواسطے اسکی کارروائی کو محدود کیا اور اُسی قدر بار برداری اور سامان بہم پہونچانے مین اکتفا کیا کہ جس سے کسی قدر فوج سرحد پر نگرانی کے واسطے قائم کرسکین ہمنے نہ کسی رجمنٹ کو حرکت دی نہ کوئی شخص بڑھایا نہ ایک پیسہ بھی کسی کام مین بجز ابتدائی ضروریات کے صرف کیا ہوگا اور کوئی گورنمنٹ اِس سے کم کارروائی کرتی تو وہ قابل بازپرس ہوتی۔

دوسری رقم کمی کی بوجہ عارضی لین بنانے کے ہوئی جو رندلی سے قطع کو درہ بولن ہوکر گئی ہے اور نیز بوجہ فوجی کارروائی اپر برھا کے جسکے مصارف کا تخمینہ سنہ حال مین

دو لاکھ ستر ہزار پونڈ ہے۔ اول الذکر یعنی بولن لین کی نسبت مجھے زیادہ
بیان کرنے کی ضرورت نہین ہے یہ تو سب جانتے ہین کہ ہمارے سپاہیون کی
کسقدر جانین تلف ہوئین اور کسقدر صرف ہوا تھا جب زمانہ سابق مین فوج
اِس مہلک راستہ سے بھیجی گئی تھی ایک مدت مین ہزنائی سڑک بنکر تیار
ہوئی تھی اگر جنگ ہو جاے تو بلاشک جب قطع تاب سیدھی سڑک ریلوے
کی ہے تو ہزارہا جانین بچینگی اور جو کچھ اِس ریلوے کی تیاری مین اول
صرف کیا ہے اُس سے صدہا گونہ زائد وصول ہو جائیگا۔

جنگ برہما کی بابت گو یہ مضمون موقع تصریح حکمت عملی گورنمنٹ کا نہین ہے،
تاہم چند باتین بیان کرنا قرین مصلحت ہے ہماری کارروائی کو اِس معاملہ مین
انگلستان مین ہر شخص نے پسند کیا ہے جو بخوبی سبکو ظاہر ہے اِس ملک مین
ہندوستانی اخبارات کے بہت بڑے حصہ نے اسکی بابت اور کچھ راے دی ہے مجھے کوئی
حیرت نہین ہے کہ ایسا واقع ہوا بلاشک مین تسلیم کرتا ہون کہ فوج کشی منڈالی
کی نسبت جو ہندوستانی دوستون نے نفرت ظاہر کی وہ قدرتی امر ہے عموماً
یہ اصول ہین کہ حدود اور پولیٹکل اور مالی ذمہ داری سلطنت ہند کی بڑھانا
نہین چاہیے ہندوستان کا ہر ٹکس دینے والا ہر ایک جنگ کے وقت
خوف ظاہر کرسکتا ہے گو وہ جنگ کیسی ہی خفیف اور کامیابی کی کیون نہ ہو
کیونکہ اُس سے عام پر بار ہوتا ہے ہم یہ امید نہین کرسکتے کہ جن وسیع اور پُر زور
خیالات سے ہمنے یہ کارروائی کی ہے وہ عوام ہند کو معلوم ہونگے اُنکے نزدیک
برہما دور اور غیر ملک ہے گذشتہ سالون مین جو تعلقات ہماری گورنمنٹ
کے شاہ تھیبا سے رہے ہین اُنکی تواریخ سے وہ بالکل بے پروا اور ناواقف
ہین۔ لہذا اگر باشندگان لاہور ترچناپلی بنارس ملتان یا ونہ رکھین

کہ تیس برس سے لوئر برہما سلطنت ہند کا اصلی حصہ ہے تو کوئی تعجب نہین ہے
وہ اپنا پورا حصہ بلکہ بقول اہل برہما کے پورے حصہ سے زیادہ شاہی خزانہ کو
ٹکس دیتا ہے پس جس امر سے اُسکے امن وبہبودی مین خلل آتا ہو اُسپر گورنمنٹ ہند
کو ویسی ہی توجہ دینی ہوگی جیسی کہ جناب ملکہ قیصرہ کے مقبوضات ہند کے
بیچ مین اگر وہ مقام ہوتا مختلف مسلسل واقعات سے عیان تھا کہ اگر مختلف
شکایتون کی بابت گورنمنٹ منڈالی سے کچھ فیصلہ نہوا تو لور برہما کی
بہبودی اور امن مین خلل پڑیگا اِن باتون کو شاہ برہما کے روبرو مدت سے
ناکامیابی کے ساتھ پیش بھی کیا تھا ایمانداری اور صدق دلی سے دوستانہ
بندوبست کی کوشش کی گئی تھی لیکن ہمارے نیک ارادے وہان کے
حکمران کی غلطی سے پورے نہ ہونے پائے اور نہایت ناخوشی سے اُس ملک پر
حملہ کرنے کے واسطے ہم مجبور کیے گئے شکر ہے کہ اُس ہوشیاری لیاقت صبر
اور انسانیت سے جنرل پرنڈر گاسٹ نے اِس مہم کو انجام دیا اور وہ
سرگرمی اور جفاکشی ملکہ معظمہ کی افواج انگلش اور ہندی نے ظاہر کی کہ ہم
کہہ سکتے ہین کہ بغیر خونریزی اور رعایا برہما اور ہمارے درمیان بغیر کسی ملال
پیدا ہونے کے اپر برہما پر قبضہ ہوگیا یہ انکار نہین ہوسکتا کہ اس کارروائی مین
کسقدر صرف ہوگا لیکن بغیر تائید شکایت اُن لوگون کی جو برہما کی طرف سے
لکھتے ہین اور کہتے ہین کہ برسون سے خزانہ ہند کو برہما کی بے شمار آمدنی سے
جو خزانہ ہند مین داخل ہوئی ہے نامناسب فائدہ ہوا جبکہ قرضخواہ اور قرضدار
کے طور پر اپر برہما اور ہندوستان کی قطعی جانچ ہوگی اُسوقت بعد منہائی
مصارف جنگ کے بقایا ظاہر کیا جاویگا اور جو ہند کے ٹکس دینے والون کو
کسی طرح ناگوار نہوگا اِس امر کی نسبت کہ اپر برہما کی آمدنی آیندہ انتظام کے واسطے

کسقدر کافی ہوگی ہم اِسوقت کچھ نہین کہ سکتے جب وہ ملک فتح ہوگیا تو ملکی کامونکی غرض سے اِس امر کا تصفیہ اور اظہار کرنا ضرور ہے کہ مختلف ممالک کے درمیان اِسکا کیا درجہ ہوگا اِس بات کو اشتہار یکم جنوری سے انجام دیا گیا ہے اُسکے بموجب ویسرائے کی حکومت بجاے شاہ سابق کے قائم کی گئی ہے موجودہ حالت مین گو یہ انتظام ضروری ہو لیکن آخرکار زیادہ مکمل طریقہ اختیار کیا جاویگا اور جسکی بابت غالباً اِسوقت تک تصفیہ نہین ہوسکتا جب تک مین خود منڈالی نہ جاؤن اور ملاحظہ کرکے اُسکی رپورٹ لنڈن گورنمنٹ ملکہ معظمہ کو نہ کرون۔

مین اپنی واقعی کمی کے وجوہ اور اسباب بیان کرچکا اب مین اُس مسودۂ قانون کی بابت بیان کرنے کی اجازت چاہتا ہون جسکے پیش کرنے کی تجویز ہے اِس مسودۂ قانون کا مقصد یہ ہے کہ اُن فرقون پر ٹکس لگایا جاوے جو اِسوقت مین کچھ نہین دیتے اور جو دیتے ہین وہ ہندوستان کی آمدنی مین بہت ہی خفیف قسم سے موجودہ مالی حالت کو زیادہ مضبوط کرنے کی جو ضرورت ہے اُسکی نسبت مجھکو کچھ زیادہ بیان کرنا نہین ہے سر آکلینڈ کالون نے خوب صاف کہدیا ہے کہ اِس ملک کی مالی حالت کو بوجہ غیر معتبر حالت چاندی کے ضرر پہنچنے کا یقین کامل ہے قیمت چاندی مین ایک پنی کم ہونے سے فوراً ایک ملین ہمارے مصارف مین زیادہ ہو جاتا ہے جب سے کہ مین نے اپنے عہدہ کے فرائض اختیار کیے ہین اِس قسم سے ایک ملین اسٹرلنگ کا بار ہمارے دوش پر رکھا گیا ہے گو مجھے امید ہے کہ اِس دھات کی قیمت جو گھٹنے والی تھی انتہا درجہ تک گھٹ گئی مگر یہ امر ممکن ہے کہ شاید اور کم ہوجائے ہمارے تمام حسابات مین اِس غیر معتبر جزو کے موجود ہونے کے سبب سے گورنمنٹ کو احتیاطاً ایسی کارروائی لازم آئی جو حالات کے مطابق ہو اکثر اشخاص یوروپین اور ہندوستانیون کے

مشورے کے بعد جو اس قسم کے معاملات مین تجربہ سے راے دینے کے مستحق ہین ہمنے یہ مسودۂ قانون تیار کیا ہے اور آغاز سے انجام تک حتی الامکان اس بات کا لحاظ رکھا کہ اسکا عملدرآمد منصفانہ ہو اور اُن اشخاص کے طبائع اور عادات کے موافق ہو جن پر اُسکا اثر پڑیگا مین جانتا ہون کہ تمام مشرقی ممالک مین ہر ایک براہ راست ٹکس پر بہت اعتراض ہوتا ہے اس مسئلہ پر اپنی منظوری ظاہر کرنے سے مین تامل کرتا بشرطیکہ یہ کارروائی پہلے کبھی نہوئی ہوتی لیکن بخلاف اسکے ہندوستان کی آمدنی چند سال سے براہ راست ٹکس کے ذریعہ سے وصول ہوئی ہے لایسنس ٹکس بھی ایک قسم کا براہ راست ٹکس اپنے قاعدے اور طریقہ اور عملدرآمد مین ہے اور جسقدر تحقیقات سے اور اخبارات کے تحریرات سے مجھے معلوم ہوا ابتدا مین اس ٹکس پر جو مخالفت ہوئی تھی وہ اب بہت کم ہوگئی ہے اسکی تشخیص رفتہ رفتہ موافق درجہ ٹکس دینے والون کے موزون کی گئی ہے اسکا سخت ناگوار طریقہ جاتا رہا ہے اب لوگ اسکو بہ خوشی اور نیک نیتی سے قبول کرتے ہین جہان تک بشریت سے ممکن ہے جب یہ تسلیم کیا گیا کہ کوئی طریقہ افزایش آمدنی کا مقرر کرنا چاہیے تو گورنمنٹ نے خود اس امر پر غور کیا کہ لایسنس ٹکس کے قاعدے پر ایک ٹکس قائم کیا جائے اور اُن لوگون سے وصول ہو جن اشخاص پر اُسکی کارروائی کا عملدرآمد نہین ہوتا یہ نہایت منصفانہ اور مرغوب الطبع ہوگا اگر یہ نہوتا تو ہمکو اسوقت یہی چارہ تھا کہ ہم محصول نمک پر بڑھادیتے اور جو براہ راست ٹکس ہوتا مگر اُسکی کارروائی کا اثر اس ملک کے غربا پر ہوتا مین یہ نہین کہتا کہ جب کوئی اشد ضرورت مثل قحط یا جنگ عظیم کے پیش آئے تو اُسوقت بھی نمک کا محصول نہ بڑھیگا ایسی ہی کارروائی سے اُس قسم کی بہت بڑی ضرورت رفع ہوگی

اور اُس وقت کی اشد ضرورت کی وجہ سے تمام قسم کے ادنیٰ خیالات ملتوی رہینگے نہین بلکہ شاید اِن مصیبتون سے کم مصیبت پیش آئے اور اُسوقت محصول نمک کا بڑھا دینا مناسب معلوم ہو لیکن جب ایسا موقع ہو کہ آمدنی مین صرف خفیف زیادتی درکار ہے تو یہ ظاہر ہے کہ ایک مہذب شخص جسکو یہ انتخاب کرنا ہو کہ کیا نہایت غریب فرقہ پر جو سرکاری مصارف کے بہت بڑے حصہ کا بار اُٹھاتے ہین ٹکس لگائین یا اُن لوگون پر ٹکس لگائین جو اگرچہ عمدہ حالت مین ہین مگر کچھ امداد نہین کرتے تو وہ ضرور اُن خوشحال اشخاص پر ٹکس لگانا پسند کریگا بہرکیف گورنمنٹ ہند نے اِس معاملہ مین یہی بات قرار دی ہے آنکھ اُٹھا کر دیکھتے ہین تو کاشتکار نمک کا ٹکس دیتا ہے گو یہ ٹکس کم کر دیا گیا ہے تاہم اُس سے چھ ملین سالانہ خالص آمدنی ہوتی ہے زمیندار زمین کا لگان اور اپنا خراج دیتے ہین تاجر اور پیشہ ور لایسنس ٹکس دیتے ہین لیکن ڈاکٹر یا وکلا اور ممبران علم پیشہ اور افسران گورنمنٹ اور اُسی درجہ کے اور اشخاص اور جنٹلمین عموماً بہت کم یا کچھ بھی نہین دیتے مَین اِس میز کے گرد دیکھتا ہون اور کیا دیکھتا ہون؟ کہ اُنمین سے ایک بھی نہین ہے جسکی جیب مین سر آکلینڈ کالون چھوٹی اُنگلی بھی ڈال سکین میرے لائق دوست مسٹر منامہ ہن اعلیٰ نامور ممبر قانونی پیشہ کی نسبت مثلاً خیال فرمائیے مجھے یقین ہے کہ وہ اپنی لیاقت سے مقر ہونگے کہ اُنمین ٹکس دینے والے اشخاص کی صفات پوری پوری موجود ہین حالانکہ کیسی ہی باریک نظر سے اُنکی طرف دیکھا جائے اور یہی امر میرے دوست مسٹر پیارے موہن مکرجی کی نسبت کہا جاسکتا ہے بجز اِس بات کے کہ یہ زمیندار بھی ہین انکو جو زمین سے حاصل ہوتا ہے وہ اِس قانون کی کارروائی سے مستثنیٰ ہے ایسا ہی مین اکثر اپنے مشیرون کا

نسبت کہ سکتا ہون قابل افسوس یہ بات ہے کہ مین خود اقرار کرتا ہون کہ
مین اور دیگر ممبران گورنمنٹ بھی کچھ نہین دیتے ہین ایک شخص بھی نہین
جو درا صل اپنی آمدنی سے شہنشاہی خزانہ مین کوئی زر کثیر دیتا ہو۔
اب یہ بات یقیناً صحیح نہین ہو سکتی اور اِس مہمل بات کا کوئی جواب نہین
کہ مشرق مین براہ راست ٹکس ناگوار ہے انصاف کا مسکن نہ مشرق مین ہے
نہ مغرب مین ہے وہ اپنی فوقیت کے واسطے کوئی حدود جغرافیہ نہ مقرر
کرنے دیگا اُسکا تخت بلندی پر ہے جلدی یا دیر مین باوجود تعصّب اور
رسم کے ضرور اپنی عزت و توقیر آدمیون سے کرائیگا پس انصاف کے نام سے
ہم اِس ٹکس کا اجرا تجویز کرتے ہین ہمکو یقین کامل ہے کہ اِس ملک مین ہر ایک
صحیح المزاج شخص گو اُسکے پرایوٹ تعلقات پر ہماری کارروائی سے کیسا ہی اثر
کیون نہ پڑے تسلیم کریگا کہ بجز اِس تجویز کے کوئی علاج نہین ہے واقعی اُس
عقیل گروہ کانگرس نے جو حال مین اہل ہند کے وکلا کا بمبئی مین منعقد ہوا تھا
ہمارے ارادون پر سبقت کی اور ایک رزولیوشن پاس گیا اور ساعی ہوا
کہ اگر اور کوئی چارہ نہین ہے تو اُن اشخاص پر لایسنس ٹکس کو توسیع دینا چاہیے
جنھون نے اسوقت تک ملاقات ٹکس کلکٹر سے نامناسب آزادی کا حظ اُٹھایا ہے۔
ہر چند مجھے احتمال نہین ہے کہ مسودہ قانون کے قاعدہ پر کوئی سخت اعتراض
ہوگا تاہم ممکن ہے کہ کچھ اسکی تشریحات پر مخالفانہ نکتہ چینی ہوگی مجھے یہ بیان
نہین کرنا چاہیے کہ اگر کوئی سخت اعتراض عاقلانہ مشورون کے ساتھ ہوگا
تو گورنمنٹ کو وہ نہایت مرغوب ہوگا اور اُسپر نہایت ہوشیاری سے غور کیا جائیگا
میرے گمان مین تو کچھ زیادہ ترمیم کی ضرورت نہ ہوگی اِسواسطے کہ مسودہ قانون
ہذا سے نہایت غور و فکر کے ساتھ وہ تمام باتین خارج کردی گئی ہین جنسے

اب تک لوگون کو بباعث رسد ٹکس لگانا گوار تھا ہم اپنے سابقین کے تجربہ سے آگاہ ہوکر اس مسودۂ قانون سے وہ باتین نکال دینگے جو سابق مین بہت غیر اور ناگوار تھین واقعی ہماری یہ تجویز صرف لاسنس ٹکس کو توسیع دیتا ہے۔ شلاً لائسنس ٹکس یک منزلہ مکان ہے اور اب ہم دوسری منزل تیار کرتے ہین ترتیب وطریقۂ تعمیر مساوی ہوگا اور چونکہ ایک منزل کی بنیاد باوجود زمانہ کی آزمایش اور عوام کی نکتہ چینی کے قائم رہی ہے۔ اسلیئے مین بھروسہ کرتا ہون کہ دوسری منزل کی دیوارون مین بھی اُسی قسم کی مضبوط علامات موجود ہونگی۔

اب اس گفتگو کی ایک وصورت ہے جسکا ذکر مجھپر واجب ہے سر آکلینڈ کالون کے قدم بقدم چلکر مین امید کرتا ہون کہ مین نے کامل طور پر ظاہر کر دیا ہے کہ چاندی کی حالت غیر مستقل ہے سنہ حال مین ایکسچینج سے جو نقصان ہوا اُسکی وجہ سے بطریق مذکورہ اپنی حالت مالی درست کرنے پر ہم مجبور ہوے ہین علاوہ برین اور باتین بھی پیش آئین جنکا وہم وگمان بھی نہ تھا جو ہماری آمدنی پر مؤثر ہوئین ہمنے اُنکی وجہ سے بھی موجودہ مسودۂ قانون پیش کرنا مناسب جانا چند ہی سال گذرے ہین کہ ہندوستان ایک علٰحدہ ملک تھا اور مقامات دنیا سے جدا۔ اسکے دو طرف سمندر اور ایک طرف سلسلۂ کوہستان تھا اُدھر نشیب مین وہ لوگ آباد تھے جنکے پاس جدید قسم کے ہتھیار نہین ہین اور ہنر جنگ سے ناواقف جنسے کسی قسم کی پیشقدمی کا احتمال نہین ہوسکتا تھا مگر ایک حیرت انگیز قلیل زمانہ مین یہ تمام صورت بدل گئی ایک بڑی یورپین سلطنت زقن اور قلاچ مارتی ہوئی اُسکے قریب آلگی یہ سچ ہے کہ درمیانی فاصلہ سرحدات ہندوستان اور روس کا کئی سو میل ہے اور ان درمیانی مقامات مین وہ رئیس حاکم ہے جو ہمسے قربت اور دوستی رکھتا ہے اور جسکا اور ہمارا فائدہ یکسان ہے اگر اُسکے ملک پر چڑھائی ہوئی

اور وہ جب تک ہماری صلاح اور خواہش کے موافق کارروائی کریگا تو اس حملہ کا روکنا ہمپر واجب ہے مین یہ بیان کر کے کہ کن امور سے صورت مذکورۂ بالا پیدا ہوئی ہے کونسل کے وقت کی تفضیع نہ کرونگا اسکو میرے مشہور پیشرو نے انجام دیا ہے اور شمالی مغربی امور کے نسبت جنکے عمدہ انتظام اور عاقلانہ کارروائی کے ہم ممنون ہین کہ متحد افغانستان قائم ہوا اور اُسکا حاکم دوست ہوا۔ اِنکی خواہ کچھ ہی صورت ہو مگر تمام عاقلانہ کارروائی کے واسطے گو ایک پیچیدہ طور پر وہ قضیہ زیادہ ہو گیا ہے جس جگہ ہمارا پولیٹکل اثر اور غلبہ بہت زیادہ ہوگا اور ایسی سلطنت کے متصل ہو گیا ہے جو بحالت زمانہ موجودہ اپنی وسعت فوج مین لاثانی اور بے نظیر ہے اس حالت مین اگر ہم اُس تبدیلی کو جو ہماری بیرونی حالت اور تعلقات سلطنت ہند مین ہوئی ہے تسلیم نہ کرین تو ہماری بڑی بیوقوفی ہے میری خاص یہ راے ہے کہ روسی مشوروں کی نگرانی گو کیسی ہی منصف اور صلح دوست شہنشاہ کرتے ہون اور اُنپر معتدل مزاج اور غیر پیشقدمی کرنے والے منتظم اثر ڈالتے ہون مگر وہ اصحاب جنھون نے یورپ کے واقعات حال کو اور تیس گذشتہ سال کی خونخوار جنگون کی ابتدائی وجوہ کو بغور دیکھا ہے وہ جانتے ہونگے کہ شہنشاہ گو کیسے ہی زبردست ہون اور وزیر گو کیسے ہی ایماندار ہون کیسے سخت مجبور ہو جاتے ہین اور اُنکی دلی خواہشین صدہا خلل انداز تاثیرات سے پوری نہین ہوتی۔ ایک لمحہ کا اتفاق۔ عوام کا تعصب یا غصہ ایک ماتحت بگر زبردست گروہ ریاست کا اثر دور دراز کے مقامون کے افسراو ابون مین مٹ بھیڑ بس ان مین سے ہر ایک یا کل بلکہ ایسے امور ہین جو مثل گذشتہ کے آیندہ دنیا کی اقوام مین جنگ پیدا کرانے کو کافی ہونگے اگر یہ امر اتفاقی نہو تاکہ امیر صاحب میرے کیمپ راولپنڈی مین

ہوتے جو بڑے رئیس تجربہ کار اور آزمودہ حکمران ہین تو خود واقعہ پنجدیہ جنگ روس اور ہمارے تعلقات مین کشمکش تھی نہایت تباہ کرنے والی اور دیرپا جنگ کا باعث ہوتا اور صرف یہی نہین ہوا بلکہ اور اتفاقیہ امورات اور نامناسب باتین بھی ہین جو ہر شخص کے دل مین پیدا ہو گئی ہو نگی اگرچہ انکی تشریح عقلمندی سے بعید معلوم ہوتی ہے اور نہ اس بات کی خواہش ہے تاہم اگر وقوع مین آئین تو اُنسے ہماری حالتون مین اس سے زیادہ تبدیلی ہو گی جو بوجہ داخلہ روس میدان ہری رود کے سرحدات مروچاک یمیمنہ۔ اور بلخ کی طرف قدم بڑھانے سے واقع ہوتی ہے اگر حالت میرے بیان کے مطابق ہے اور مین نے اپنی زبان سے ان باتون کو بموجب اصلی واقعات اور عام فہم کے بیان کیا ہے۔ تو یہ بات صاف ظاہر ہے کہ اپنے اہم اور ظاہرا فرض سے ہم غفلت کرتے ہین اگر ہم اس کام کو نہ کرین جو ایسی حالت مین تمام مہذب گروہون کو کرنا ہوتا یعنی اپنی سرحدات کو محفوظ اور مستقل طور پر ہم قائم کرین تاکہ بیرونی دنیا کی تبدیلات اور اتفاقات سے بے پرواہ ہین اور ہمکو مثل دیگر لوگون کے حفاظت اور آزادی حاصل ہو جو ہماری ناموری کے استحکام اور ہمارے خزانہ کی عمدہ حالت کو قائم رہنے کے لیے ضرور ہے۔ ان ضروریات کو گورنمنٹ سابق اور حال گریٹ برٹن نے تسلیم کیا ہے ایک مشہور مباحثہ سال گذشتہ مین ہر دو زبردست فریق یعنی کنسیرویٹو اور لبرل کے قائم مقامون نے باتفاق رائے اس حالت کو تسلیم کیا کہ حتی بالمقدور بہت جلد ہمارے شمالی سرحدات پر سلسلہ حفاظت قلعجات و ریلوے وغیرہ کا قائم کیا جاے تاکہ سرحد کے اسطرف کے حملون کے وقوع کا انسداد ہو جاوے بلا لحاظ اس بات کے یہ دقت کیونکر پیدا ہو گی آیا کسی غیر ملک کے دشمن کی وجہ سے یا کسی حکمت عملی

کی تبدیلی سے۔ مین یہ امر والی حال افغانستان کی نسبت نہین کہہ سکتا کیونکہ اُنکی ثابت قدمی اور دوستی کا کافی ثبوت ہمکو ملا ہے لیکن یہ احتمال ہے کہ شاید اُنکے جانشین کی جانب سے ایسا وقوع مین آوے۔ جب پارلیمنٹ گریٹ برٹن کے یہ متفق رائے تھے تو گورنمنٹ ہند کو مناسب کارروائی دریافت کرنے مین دشواری نہوئی ہے۔ نہایت مکمل اور غور شدہ تجاویز سرحدی ریلوے کی تعمیر کے بابت جو جنگی کامون کے لیے ضرور تھین وہ پیسرا سے سابق کے زمانہ مین پیش ہوئین اور جنکو سکرٹری اسٹیٹ نے منظور کر لیا ہے۔ گذشتہ موسم گرما مین حکام فوج نے باتفاق حکام ولایت مضبوط مقامات اور مستحکم جگہون اور قلعہ کے وہ نقشے تیار کیے جو اُن مقاصد کے واسطے موزون ہون جو ہمارے پیش نظر ہین۔ ایسا کرنے مین ہم دنیا کی اور قومون کی نظیر کے موافق کام کرتے ہین یہ سلطنتین گو اُنکے سرحد پر کیسی ہی دوست سلطنت ہو مناسب طور پر خیال کرتے ہین کہ ہماری حفاظت اور امن امان کا اُنکی نیک نیتی پر گو کیسی ہی صحیح اور دوستی کے اظہارات پر گو کیسی ہی صدق کیون نہو انحصار نہین ہونا چاہیے بلکہ اپنی سرحدات کی حفاظت کے واسطے اپنے زور بازو اور دانشمندی اور علم حرب کی اعانت پر منحصر ہوتے ہین۔

بنا بر آن برٹش اور ہندی فوج کی وسعت بھی مناسب درجہ تک قرار دیگئی ہے تو سیع تعداد کی سفارش سابق کمانڈر انچیف نے کی تھی جو نہایت کفایت شعار عقیل اور دور اندیش افسر تھے جنسے بہتر کوئی اس عہدہ پر نہین رہا ہے اُنھون نے اس بات کا ہمکو مشورہ دیا تھا اور اُنکے نامور جانشین نے بھی اسکی ضرورت کا ہمارے دل پر نقش کر دیا ہے اور علی ہذا اور صاحبان نے جنکو راے دینے کا مجاز ہے یہی صلاح دی ہے گو ہم

چاہتے ہین اور تیار ہین اور مستعد ہین کہ ہم اُن اشخاص کی سفارشون پر کامل غور کرین جو اِن معاملات مین گورنمنٹ ہند کے مخصوص مشیر ہین تاہم مالی ضروریات کی حالت پر غور رکھنا نہایت لازم ہے پس جو فوج ہم بڑھانا چاہتے ہین وہ سر ڈونلڈ اسٹوارٹ اور دیگر اعلیٰ حکام ہند اور لنڈن کی سفارش سے کمتر ہو گی اِس نتیجہ نکالنے مین گورنمنٹ ہند جانتی ہے کہ اپنے پر بہت ذمہ داری لیتی ہے تاہم اُن خیالات کا جو ایک دوسرے کے خلاف ہین اور جنکی جانب ہماری توجہ دلائی گئی ہے برابر کرنے سے ہمکو یقین ہوتا ہے کہ درجہ اعتدالی کی حد جو ہمنے اختیار کی ہے موجودہ حالت مین بھی نہایت مناسب ہو گی۔

افسوس اِس قسم کی احتیاطون مین روپیہ صرف ہوتا ہے اور اِسکی حاجتین یہ چاہتی ہین کہ نہایت مستعدی اور عجلت سے کارروائی ہو حتیٰ کہ اس بڑے کام مین مثل سابق کے زرکثیر قرض لینا پڑیگا (اور پرایوٹ کمپنیان جو روپیہ وقتاً فوقتاً دینگی جنکو گورنمنٹ ریلوے منتقل ہو جائیگی) تاہم جو روپیہ ہم قرض لینگے اُسکا ہمکو سود دینا پڑیگا۔ پھر تین ریلوے کا انسداد قحط کی غرض سے بنانا شروع ہو گیا ہے گورنمنٹ حتی المقدور اُنکو جلد تر تعمیر کرنے پر آمادہ ہے یعنی دو مدراس مین اور ایک شمالی بنگالہ مین اِس موقع پر ایک غلطی کی جو اکثر ہوتی ہے تصحیح کرتا ہون جب کبھی اسکی تصحیح کرتے ہین تو اور غلطی ہوتی ہے یعنی زر امداد قحط سے کوئی تا واجب صرف ہوا ہے جب مین اِس ملک مین آیا تو مجھے معلوم ہوا کہ میرے پیشرو نے یہ قاعدہ نکالا تھا کہ زر امداد قحط سے نصف ملین ریلوے انسداد قحط مین اور ڈھائی لاکھ پونڈ آبپاشی مین صرف ہوا اور باقی سرمایہ قرضہ کے کم کرنے مین جاے

اس روپیہ کو ادا ے قرضہ مین استعمال کرنے کی جو کیفیت تھی اُسکو سٹریولن ینگ صاحب نے اپنی تقریر مین بخوبی بیان کیا ہے اور اسلیے مجکو اعادہ بیان ضرورت نہین ہے جب مین ہندوستان مین آیا تو مین نے یہی قاعدہ رائج دیکھا اور سنہ حال مین بھی خاص اسی قاعدہ کا عملدرآمد ہوا ہے اِسکو سب لوگ جو اس معاملہ سے واقف ہین جانتے ہین چونکہ مین نے خود کونسل مین یہ بیان کیا تو مین امید کرتا ہون کہ حماقت سے جو خیالات ہمیشہ بیان کیے جاتے تھے وہ ہمیشہ کے لیے موقوف کیے جائینگے - فی الحقیقت مجکو کہنا چاہیے کہ بجاے اسکے زر امداد اور کامون مین صرف ہو مین نے اور میرے شرکا نے سکرٹری آف اسٹیٹ کے نقش دل کیا ہے کہ وہی حکمت عملی قائم رہے جو ہمارے سابقین نے قائم کی تھی بہرکیف یہ امر اُسوقت تک ہوگا جبتک کہ انسداد قحط ریلوے اسقدر تعمیر ہوجائین کہ پھر کوئی احتمال مثل گذشتہ زمانہ کے قحط کی خرابی کا باقی نہ رہے گو یہ ہمارا ارادہ اور خواہش ہے لیکن جو اصول مین نے بیان کیے ہین اُنکے مطابق سکرٹری آف اسٹیٹ سے یہ دریافت کیا ہے بجاے اِسکے کہ انسداد قحط کی تمام ریلوے ہم خود بنائین ہمکو اجازت دیجاے کہ ہم اِس ریلوے کا کچھ حصہ کمپنیون کے سپرد کرین اور اس زر امداد سے زر سود کمپنیون کا ادا کرین جنکو ہمنے خاص لینون کا بنانا سپرد کیا ہے اور جسکا منشا صرف حفاظت ہوگا اور جو مختلف خوف زدہ اضلاع مین خراب موسم کے بُرے نتائج کو کم کرینگے -

اے صاحبان جنٹلمین - گورنمنٹ ہند نے اُن حالتون کے سبب مسودہ قانون پیش کرنے کی اجازت چاہی ہے مختصر طور پر اگر بیان کرین تو اِس مسئلہ کی خاص تصدیق کے واسطے یہ امور ہین اولاً حال مین جو کمی یکایک چاندی کی قیمت مین ہوگئی ہے دوم یہ شبہہ ہو رہا ہے کہ آیندہ کی تبدیلی کا اُسکی قیمت پہ کیا اثر پڑیگا بنابرٰان انجی

مالی حالت کو درست کرنا ہمارا نہایت ضروری فرض ہوا اور اِس فرض کا انجام ہونا اُس ضرورت سے اور بھی لازمی ہوا اور جسکو ہر ایک قسم کی پبلک رائے نے انگلستان مین تسلیم کیا ہے کہ اپنی سرحدات کو مضبوط کرنا اور سرحدی سلسلۂ ریلوے کو مستعدی پورا کرنا چاہیے چنانچہ تحصیل زر کی تجویز کو ہمنے نہایت احتیاط سے نہایت ہی کم تعداد پر محدود کیا ہے جسکو ہم بحفاظت طلب کر سکتے ہین آپ سب مطمئن رہین کہ جو انتظام قرار دیا گیا ہے گورنمنٹ بکمال احتیاط اُسکو اپنے موجودہ زر سے انجام دیگی جن کامون کا کرنا مقصود ہے سب یکبارگی پورے نہین ہوسکتے اور احتیاط اور عقلمندی سے جو روپیہ ہمارے پاس ہوگا اُس سے اصلی منشا حاصل کرنے کی ہم امید کرسکتے ہین ہان اتفاقیہ مصیبت کے نازل ہونے سے ہمارا حساب لوٹ پوٹ ہو جاے تو دوسری بات ہے جب ملک پر خفیف ٹیکس لگایا جائگا جنکی نسبت مین بیان کرچکا ہون کہ ان اشخاص پر اُسکا اثر پڑیگا جنھون نے بہت کم اعانت دی ہے تو ہم اپنا عمدہ انتظام پورا کر سکینگے ہمکو بہرحال نا امید نہ ہونا چاہیے کہ ہم جو یہ مصارف کرتے ہین اُنسے نفع نہوگا اور ریلوے جو صرف جنگی کامون کے واسطے تعمیر ہوتی ہین اُنسے زیادہ تر تجارتی فائدہ کی امید نہین ہوسکتی مگر دو خاص ریلین ایسی تیار ہوئی ہین جنسے ہماری فوجی حاجت برآری کے علاوہ بہت آمد و رفت مال تجارت کی ہوگی ہر شخص جانتا ہے کہ کاوان کا رستہ جس سے ہندوستان اور ایران اور وسط ایشیا کا سلسلہ ملا ہوا ہے قطع سے گذرا ہے جو مال تجارتی انڈس تک اونٹون پر آتا ہے اُسکی آمد و رفت ریلوے پر ہوگی اور اُسکی وجہ سے تجارت کو روز بروز ترقی ہوگی سندھ ساگر ریلوے کی باعث سے ہم اپنی فوج تمام سرحد پر بڑھا سکینگے جو اپنی حالتِ مقام کی وجہ سے ایک مرکز تجارت کی آخر کار ہو جائگی

نیز بمقابلہ خاص مقصد اُن دونون لینون کے یہ نتائج ضمنی ہین مین صرف اُن
لوگون کی تشفی کے لیے ذکر کرتا ہون جنکو شک ہے خالص فوجی مصارف بھی دلی نفرت سے

اے صاحبان جنٹلمین مین آپ کا شکریہ ادا کرتا ہون کہ آپ نے نہایت تحمل سے
میرے بیان کو سُنا اور مین اپنی طولانی بیانی کی معذرت کرتا ہون تاہم مین
قبل از ختم تقریر کے ایک اور بات بیان کرنا چاہتا ہون گو مجکو کچھ شبہ یا شکل آپ
سے اس بات کی سفارش کرنے مین نہین ہے کہ آپ مسودہ قانون کے
پیش ہونے اور بعد کو پاس پر راضی ہون مگر مجھے یہ موقع پیش آنے سے
کمال ہی افسوس ہے کہ اس قسم کا مسودہ قانون پیش کرنا پڑا۔ ہر ایک گورنمنٹ
کے لیے اجراے ٹکس ایسا امر ہے جو کسی کو گوارا نہو گا گو رعایا اپنے قائم مقامون
کے ذریعہ سے اُسکی دفعات کی نسبت اپنی منظوری ظاہر کرے اور اس کام کی
انجام دہی مجکو اور میرے شرکا اکار کے مثل اشخاص کو اور بھی ناگوار ہے۔
جب مین ساحل ہند پر وارد ہوا تو مین نے اپنے واسطے اور ہی قسم کا انتظام
قرار دیا تھا پانچ سال تک ملک کا انتظام عقیل دوراندیش نامور منتظم نے کیا
اُنھون نے جنابہ ملکہ معظمہ کی رعایاے ہند کی بہبود پر کمال توجہ کی ملک مین
ایک سرے سے دوسرے سرے تک امن امان پھیلا ہوا تھا گو ہمارا وزیر خزانہ
بجز اسکے کہ آمد و خرچ برابر ہے اور کسی بات پر فخر نہ کر سکا تاہم میرے داخلہ کے بعد
کوئی وجہ ایسی نہ تھی کہ غالباً ہمارے مخل کارروائی ہو میرے پیشرو کو عمدہ
انتظام کے بہت کچھ مواقع ملے کہ اس ملک کے کھیتون کو اُن حاجتون اور
خواہشون کے موافق جو روز بروز بڑھتی جاتی ہین موزون کرین میرا حوصلہ صرف
اس ادنیٰ ارادہ پر محدود ہوا کہ مین انکی حکمت عملی کے نتائج کو ملاحظہ کرتا رہون
اور جو پودا وہ لگا گئے ہین اُسکی آبپاشی اور خبر گیری مین مصروف رہون ہم سب

جانتے ہین کہ اِن امیدون پر مختلف نامساعد حالات سے جنپر اِس گورنمنٹ کا
کچھ قابو نہ تھا یکایک کیسا ابر چھا گیا ہے اور اب بروقت اختتام اول سال یعنی
اِس ملک کی ملازمت کی ہین اور وہ لوگ جنکا تعلق انتظام ملک سے ہے
اِس کارروائی پر مجبور ہوئے ہین جس سے ہمارے ہموطنون کی خاص فرقہ کو
دقت لاحق ہوگی جنکے دنیوی مصائب وتکالیف پہلے ہی سے اُنکے صبر وتحمل
کی آزمایش کے واسطے کافی تھین مین بہرصورت اُنکو یقین دلاتا ہون کہ نہ میرے
شرکا رکار اور نہ خود مین اُن نقصانات کو جو ٹکس کے اجرا سے اگرچہ نہایت
اعتدال کے ساتھ ہمنے قائم کیا ہے اور اگرچہ بہت کم اشخاص پر اِسکا اثر
پڑیگا فراموش کرینگے اور ہم اِس سخت آزمائش کی حاجت پر نہایت متاسف ہین
یہ بیانات مخصوص انگلو انڈین ملازمان گورنمنٹ کی نسبت ظاہر کیے گئے ہین
جو خاندانی ضروریات کی سبب سے اپنے بچون کی پرورش کے لیے اپنی محنت
اور مشقت کی تنخواہ کا بڑا حصہ اِنگلستان بھیجنے کو مجبور ہین چاندی کی قیمت
گھٹنے سے ہماری سلطنت کی آمدنی مین جس طرح نقصان ہوا ہے اُسی طرح سے
اسکا اثر اُنپر اور بھی زیادہ سختی سے ہوا ہے اور پھر اِس بات کو بھی یاد رکھنا
چاہیے کہ پانچ سال قبل اُس زمانہ کی گورنمنٹ نے تین ملین ٹکس معاف کر دیا تھا
ہم جو ٹکس جاری کرنے والے ہین اُسمین چھ سات لاکھ پونڈ سے زیادہ خزانہ مین
داخل نہوگا لہذا بعد اسقدر قیل وقال کے بھی اہل ہند کو دو ملین سے زیادہ
بچ رہینگے جو سنہ ۱۸۸۲ء مین سر ایولن بیرنگ نے اُنکو معاف کیے تھے ٹھیک ٹھیک
حساب کیا جاوے تو مجھے گمان ہے کہ غالباً ظاہر ہوگا کہ جن آسودہ فرقے
کے لوگون کو ہم اب اپنے دام مین لاتے ہین اُنھون نے جو فائدے اُس مال کے
معافی محصول سے جو ملک مین آتا ہے اُٹھایا ہے اُسکا معاوضہ اس ٹکس سے ہوگا

لیکن یہ خواہ کسی طرح ہو اور انگلو انڈین یا دیسی ملازمان تاج برطانیہ کو کسیقدر
نقصان ہو مجھے کامل یقین ہے کہ اگر ایک مرتبہ یہ بات اُنکے ذہن نشین کردیجاویگی
کہ اس مسودۂ قانون کے احکام واسطے قائم رکھنے اعزاز جنابہ ملکہ معظمہ قیصرۂ ہند
کے اور امن وامان وحفاظت سلطنت ہند اور ہزارہا باشندگان کے جو اسمین
سکونت پذیر ہین اور نیز ہمارے پبلک اعتماد کے استحکام کے نہایت ہی
ضروری ہین تو وہ خوشی سے اس ٹکس کو قبول اور منظور کرینگے گذشتہ
موسم گرما مین روسا اور زمینداروں اور سرغنایان ملک نے فیاضانہ درخواستین
میرے پاس بھیجی تھین اُنسے مجھے اس امید کی تصدیق ہوئی ہے مگر وہ زمانہ
گذر گیا جبکہ گورنمنٹ کی آمدنی پرایوٹ فیاضی اور مہربانی سے بڑھائی جاے
اس مدد کے قبول کرنے کا یہی طریقہ مناسب ہے کہ سب لوگ اس مناسب اور
منصفانہ ٹکس کو منظور اور برداشت کرین اور ہم اپنے دل اور روشنضمیری سے
یقین کرتے ہین کہ ہمنے ایسا ہی کیا ہے لیکن ایک اور اُمید مالی حالت مضبوط
کرنے کے واسطے یہ ہے کہ آیندہ کی تبدیلات اور اتفاقات سے اُسکو محفوظ رکھنا
چاہتے ہین اگرچہ وقتاً فوقتاً چند گذشتہ سالون سے متواتر کوششین گورنمنٹ ہند
کے بڑے آلہ نظم ونسق کے جانچ کرنے کے واسطے کی گئی ہین تاکہ حسب دلخواہ
اور کفایت شعاری کے ساتھ اسکی کارروائی ہو تاہم مجھے یقین ہے کہ ابھی
اسکے واسطے بہت کچھ کرنا باقی ہے آپ جانتے ہین کہ گورنمنٹ ہند کو صرف ایک
حصہ مصارف ملک پر قابو ہے کیونکہ اس ملک کے مصارف کا بڑا حصہ زیر نگرانی
صوبون اور ماتحت انتظامات کے ہے ہمنے اور لوکل گورنمنٹون سے جو معاہدہ
ہوا تھا اب ختم ہونے والا ہے بالخصوص موجودہ حالت مذکورہ کی وجہ سے اُسپر
نہایت احتیاط کے ساتھ غور کرنا لازم ہوگا یعنی ایسے وقت مین جبکہ احتمال قیمت

سکہ گھٹ جانے کا ہے جس سے ہمارے تمام مالی انتظام مین فرق آئیگا
اور جبکہ بیرونی تہلکہ کے احتمال سے پولیٹکل مطلع پر تاریک ابر چھا رہا ہے تو ظاہر ہے
کہ کفایت شعاری اور تخفیف کے فرائض نہایت سرگرمی اور مستعدی سے پورے
کیے جائین ہم یہ حکمت عملی نہایت اثر کے ساتھ جاری کر چکے ہین ہمنے گورنمنٹ
صوبجات سے درخواست کی ہے اُنھون نے نہایت خیرخواہی سے اُسکا جواب
دیا اور جسکی وجہ سے ہمارے زائد فوجی مصارف کا معاوضہ ہوگیا ہے مگر عارضی
حاجت رفع ہونے کے واسطے یہ عارضی طریقہ کافی تھا اب یہ دریافت کرنا مرغوب
طلب ہے کہ آیا امپیریل اور پراونشل مصارف کے مناسب طور پر نظر ثانی
کرنے سے ہم آمدنی بڑھا سکتے ہین یا نہین جبکہ مسودہ قانون حال سے جو آمدنی
ہوگی اُسکو بھی اُسمین شامل کرلین - اس لحاظ سے گورنمنٹ نے ایک فینانشل
کمیشن مقرر کرنے کی تجویز کی ہے اُسکو اسقدر مستحکم طور پر قائم کیا جاوے اور
اسقدر ہدایات اُسکو بہم پہونچائی جاوین کہ جو کام اُسکے سپرد ہون اُنکو دیانتداری
سے انجام دین اور کامل طور پر ثابت کردے کہ ویسرائے اور اُنکے مشیر حقیقتاً
آمادہ ہین کہ انتظام کے مختلف شاخون کو سلطنت کے مالی حاجات کے موافق
کرین -

نمبر ۹۸

بتقریب عطاے نشان ہیجدہم بنگال انفنٹری

۷ - جنوری ۱۸۸۶ع

ہر اکسلنسی کونٹس آف ڈفرن صاحبہ نے نشانون کے عطا فرمانے
کے بعد فرمایا -

کرنل ٹوکر - افسران - غیر کمیشن افسران - اور ہیجدہم بنگال انفنٹری

کی سپاہ - جنابہ ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کی ہندوستانی فوج کی سب سے قدیمی
دیسی رجمنٹ کی سپاہ کی سنگینون سے اسوقت گھرے ہوے ہونے سے مجھکو
نہایت خوشی و فخر حاصل ہوا ہے یہ وہ رجمنٹ ہے جسکی وفاداری مین کبھی
فرق نہین آیا اگرچہ بغاوت اور نارضگی اِسکی ہر چہار جانب پھیلی ہوئی تھی -
اور جسکی شجاعت بعض اوقات اِسی طرح پر ثابت ہوئی ہے جسطرح کہ اُسکی
وفاداری - لہذا اِس یقین سے کہ آپ کا آیندہ کا برتاوُ اِسی قسم کا ہوگا جو
آپ کے گذشتہ برتاوُ کے لائق ہوگا یہ نشانات مین آپ کو دیتی ہون کیونکہ
مین بخوبی جانتی ہون کہ حضور ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کی فوجون مین سے کوئی
فوج ایسی زیادہ بہادری اور وفاداری کے ساتھ اُنکی حفاظت نہ کریگی -

کرنل ٹوکر صاحب نے اِسکے جواب مین فرمایا -

یور اکسلنسی نے اِن نشانون کے عطا فرمانے سے جو بڑی عزت آج
ہمپر ظاہر کی ہے اسکا شکریہ اپنی رجمنٹ کی جانب سے مین ادا کرنے کی
درخواست کرتا ہون مین یقین کرتا ہون کہ اِسی جگہ پر اَسّی سال پیشتر یہ رجمنٹ
بطور کلکتہ ملیشیا کے قائم کی گئی تھی بعد ازان اِسکا نام علی پور رجمنٹ ہوا -
اگرچہ یہ ہماری اصلیت نہایت حقیر معلوم ہوتی ہے تاہم مین خیال کرتا ہون کہ ہمکو اِسکی
وجہ سے شرمندہ نہین ہونا چاہیے - کیونکہ غدر کے نازک وقت مین اِس رجمنٹ
کی خیرخواہی کی وجہ سے یہ قائم کی گئی تھی - اور اِسکے پیشتر کے ۶،۵ چال چلن
کے باعث سے (مین گورنمنٹ کے حکم کا اقتباس کرتا ہون) اسکو ملیشیا کے
درجہ سے پلٹن کے درجہ پر ترقی حاصل ہوئی - یہ امر قابل افسوس ہے کہ
اِس رجمنٹ کو اپنے نشانات پر معزز شہرت کے حاصل کرنے کا موقع نہین ملا
لیکن مین امید کرتا ہون کہ ہمکو ہمارے نشانات ایسی نیک حالتون مین عطا فرمائے

گئے ہین کہ بعدازان وہ قابلِ یادگار امر ہوگا۔ مَین بھروسہ کرتا ہون کہ مین اس بات کے بیان کرنے سے مین مغرور نہ خیال کیا جاؤنگا کہ ہماری رجمنٹ (جب کبھی موقع ہو) سلطنت کی ہرایک خدمت کو ہرایک مقام پر بستعدی انجام دینے کو تیار رہے۔ گذشتہ مہم برہما کے موقع پر رجمنٹ کا ہرایک سپاہی میدانِ جنگ مین جانے کو تیار تھا کیونکہ اُنھون نے عرصۂ دراز سے سلطنت کا نمک کھایا ہے اور اُسوقت حق نمک ادا کرنے کے واسطے بشکر گزاری تیار تھے۔ آخر مین مین بیان کرتا ہون کہ جس جگہ ہم نشانون کو لیجائینگے ہم فخریہ اِس دن کو یاد رکھینگے جبکہ یور اکسلنسی نے انکو ہمین عطا فرمایا اور کلکتہ کے لارڈ بشپ نے اِنکو متبرک کیا۔

نمبر ۴۹
بجواب ترمیم مسودۂ قانون لائسنس ٹکس

۱۱- جنوری سنہ ۱۸۸۶ع

اِس مسئلہ کی نسبت رائے جمع کرنے کے قبل مَین اُس بڑے اطمینان کے ظاہر کرنے کی اجازت چاہتا ہون جو اُس فیاضانہ اتفاق رائے سے حاصل ہوا ہے جو کونسل کے مختلف ممبرون نے اِس مسئلہ کی رضامندی کی نسبت ظاہر کی ہے اور جو اِسوقت آپ کے روبروپیش ہے۔ ہمارے کونسل مین وہ صاحب موجود ہین جو اُن اشخاص سے خود مختار ہین جنکا گورنمنٹ سے تعلق ہے اور جو ہندوستانی تمین نہایت بڑے فوائد کے قائم مقام ہین۔ تجارتی فوائد کے نامی گرامی ممبر موجود ہین جنکی نکتہ چینی اور عمدہ گفتگو کو ہم سب نے نہایت خوشی سے سُنکر استفادہ اُٹھایا ہے۔ عالمانہ پیشہ کے بھی نامی گرامی قائم مقام موجود ہین۔ اور دو جنٹلمین ایسے موجود ہین جو کافی طور پر دیسی جماعت کے

فوائد کی جانب سے گفتگو کرنے کا مجاز رکھتے ہین - جبکہ اس مسئلہ سے جسکو گورنمنٹ نہایت غور و فکر سے جاری کرنا چاہتی ہے اِن تینون فوائد کے قائم مقام اپنی رضامندی ظاہر کرین تو ہم اِسکے نتیجہ پر اپنے آپ کو مبارکباد دے سکتے ہین - لیکن ایک دوسرے امر کو مدنظر رکھکر مین بذات خود اس مسئلہ پر لحاظ کرنے کی اجازت چاہتا ہون اور جس وجہ سے مجھکو اس سے زیادہ اطمینان حاصل ہوا ہے جو کسی گورنمنٹ کو اِسو جہ سے حاصل ہو سکتا ہے کہ اُسکے مسئلہ کو کونسل نے باتفاق راے منظور کیا - جناب ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کی قائم مقامی کی حیثیت سے اور برٹش رعایا کی جانب گفتگو کرنے والے کی حیثیت سے مین خیال کرتا ہون کہ جو اتحاد اس کوشش کی نسبت جس پر ہم سب سلطنت ہند کی حفاظت کے واسطے متفق ہین ظاہر کیا گیا ہے وہ بہت زیادہ ثبوت اور آزمایش اِن فوائد کے استحکام کا ہے جکی نسبت جناب ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کی ہندوستانی اور برٹش رعایا حضور ملکہ معظمہ اور سلطنت کی خیرخواہی مین یک زبان ہین - مین آپ کو جو اس کونسل مین دیسی فوائد کے قائم مقام ہین یقین دلاتا ہون کہ بذریعۂ آپ کے ہندوستانی جماعت نے جو خوشی اور حب الوطنی اس موقع پر گورنمنٹ کی حکمت عملی کی تائید کی نسبت ظاہر کی ہے اُسکی انگریزی رعایا ولایت مین پورے اور کامل طور پر قدردانی کریگی -

نمبر ۵۰

تقریب دعوت افسرانِ ممالک غیر

۱۹ - جنوری ۱۸۹۶ء

لیڈیزاور جنٹلمین - مجھے خیال ہے کہ مجھے یہی ایک موقع اس قسم کا ملیگا - مین امید کرتا ہون کہ مین منجانب گورنمنٹ ہند ظاہر کرون کہ ہم اپنا کس قدر زیادہ اعزاز تصور کرتے ہین کہ مقامات دور و دراز سے معزز یورو پین افسر یہان بغرض ملاحظہ فوجی قواعد کے تشریف لائے ہین اس قواعد مین جنابہ ملکۂ معظمہ قیصرۂ ہند کی ہندوستانی اور برٹش فوج شامل تھین منجانب اپنے مشیرون کے اور نیز اس ملک مین بطور قائم مقام ملکۂ معظمہ قیصرۂ ہند کے مین تہ دل سے آپ کا خیر مقدم کرتا ہون — اپنی اپنی فوجون کے جنسے انکا تعلق ہے یہ سب نامور قائم مقام ہین مجھے شک نہین کہ جو کچھ مختلف رائین وہ دینگے اور اعتراض کرینگے اُنسے ہم فائدہ حاصل کرینگے - مین کچھ بطور افسر گورنمنٹ کے انکا خیر مقدم ہی نہین کرتا بلکہ اُنکی اس جگہ تشریف آوری سے مین اپنی ذاتی رضامندی ظاہر کرنا چاہتا ہون انمین کوئی ایسا نہین ہے کہ اگر وہ بطور سیاح کے بھی آتا تو مجھ پر اُسکی خاطر تواضع فرض نہوتی مثلاً شاہزادہ اسٹرہیزی ہین جنکے دادا نے میری اوائل عمر مین بہت کچھ لطف و عنایت مجھ پر فرمائی تھی اور کونٹ کلنوکی آسٹریا کے وزیر دول خارجہ نے یہ خدمت سپرد کی ہے جو میرے بہت بڑے دوست ہین اور سینٹ پٹیرسبرگ مین شریک کار رہے

کونٹ کلنوکی کے ہمراہ مجھکو روسی فوج کی سالانہ قواعد کے وقت بطور تماشائی کے
موجود ہونے کی اجازت حاصل ہوئی تھی جبکہ پاس عمدہ اور بہادرانہ قواعد کی
قدردانی کرنے اور شہنشاہی فوج کے سپاہ و افسران کی قابلیت دیکھنے اور
مورد مراحم و الطافِ خسروانہ ہونے کا بہت بڑا موقع حاصل ہوا تھا اور
کچھ یہی نہین بلکہ ایک روسی افسر یہان اُس پلٹن کی وردی پہنے موجود ہے
جس پلٹن کی طرف سے کچھ لوگ ہماری رخصت کے واسطے مقرر ہوے تھے کہ
اسٹیشن پر لیڈی ڈفرن سے رخصت ہون اور اُسوقت اُنھون نے گلدستون سے
لیڈی ڈفرن کو گویا توپ دیا تھا میرے سامنے آورد و افسر نہایت بزرگ اور
زبردست شہنشاہ یوروپ کی طرف سے اسوقت تشریف رکھتے ہین بوجہ اتفاقیہ
امورات کے تین سال کے عرصہ مین شہنشاہ جرمنی نے وقتاً فوقتاً دائمی حُسن اخلاقی
اور نیک نہادی کی علامات کا اظہار مجھپر فرمایا ہے اور مین امید کرتا ہون کہ جب
یہ قائم مقام فوج جرمن کے اپنے وطن کو مراجعت کرینگے تو شہنشاہ کے حضور
مبارک مین میری مؤدبانہ نیازمندی کو پیش کرینگے اور اُنکو کامل یقین دلائینگے
کہ جہان تک میرے دست قدرت مین تھا آپ کی مُدارات و تواضع سے مجکو اسقدر
خوشی حاصل ہوئی کہ جیطۂ بیان سے باہر ہے اپنے بائین جانب مجھے قائم مقام فوج فرانس کے تشریف
رکھنے سے افتخار حاصل ہے ایک کی نسبت بخوبی معلوم ہے لنڈن مین سب لوگ
اُنکی اسقدر عزت کرتے ہین اور اُنکو اسقدر پسند کرتے ہین کہ کسی شخص کی جو اُس
عہدہ پر مامور ہوا ہو گا اسقدر عزت و قدر نہ کی ہو گی اُنکا ساتھی پُرانا ملاقاتی ہے
اور دونون ایسے ملک کی طرف سے ہین جسکے نامور منتظون اور جرنیلون سے مین
اپنی خوش نصیبی کے سبب بخوبی واقف ہون اُس مُلک مین وہان میرے اوَر
دوست بھی ہین ان دونون کو مؤدبانہ سلام کرنا محبت کا نتیجہ ہے اُنکی کے

قائم مقام افسرون سے مین کچھ ذاتی واقفیت ظاہر نہین کرسکتا ہون لیکن
شاید میرا اُنکے اظہار ہمدردی کے لیے اِسقدر رشتۂ اُلفت مضبوط ہے جس سے
وہ خود واقف نہین ہین گو مین انگلش یا پیشہ سے آئرش ہون لیکن مولد میرا
اِٹلی ہے جب کبھی مین آنکی عمدہ زبان بولتے سُنتا ہون تو مجھے بہت خوشگوار
باتین یاد آتی ہین بس وہ خوب سمجھینگے کہ ہندوستان مین اُنکے خیر مقدم سے
مجھے کسقدر خوشی ہے اور پھر دوسری جانب اُن افسرون کو دیکھتا ہون جنکی
موجودگی سے مین مثل اُنکے دیگر شرکار کے بہت خوش ہون کیونکہ وہ امریکہ کی
فوج کی طرف سے ہین جب مین کناڈا کا گورنر جنرل تھا تو مجھے اُس مُلک کی
سیر کا اکثر موقع ملتا تھا اور جس وقت اُنکی سرحد سے گذرتا تھا اِسقدر مہربانی اور
مہمان نوازی اُس جگہ کے باشندے کرتے تھے کہ اُسکو فراموش کرنا ناممکن ہے
اِس لیے اگر مین ایسی جماعت مین موجود ہون جسکا خیر مقدم مجکو کرنا چاہیئے تو وہ اُن نامور
افسرون کی جماعت ہے جو اِسوقت میز پر موجود ہین۔ اِسکے ساتھ ہی ایک ایسا خیال ہے جس سے
عمدگی اظہارِ خوشی مین فرق آتا ہے بطور فوجی پیشہ ورون کے ہمارے فوجی معاونون پر فرض ہے
اِن باہمی ذرائع تباہی کو جنکی طرف قومین آخرکار رجوع ہوتی ہین بالکل مکمل کرین
آپ چند سالون سے مُلکی معاملات کو انجام دینا میرا فرض رہا ہے اِس وجہ سے
اُن افواج کو حتی المقدور بے کار کرنے مین اُن طاقتون کو استعمال کیا ہے جو میری
وسعت قدرت مین تھین اور جن افواج کو درجۂ تکمیل تک پہونچانے کے اِسقدر آپ خواہشمند ہین
جنگون کا ہونا موجب بدنامی اور بیعزتی نقصان ہے جنکی خواہش برخلاف ہمارے فوجی
دوستون کے ہونی چاہیئے یعنی جنگ کی کارروائی ایسی کردین کہ گویا بھولا ہوا
کرتب ہے افسوس کہ سپاہیون نے ابتک ہماری کارروائیون پر فتح یابی
حاصل کی بطور سفیر کے خواہ کسی قسم کے خیالات اِس پیشہ کی نسبت ہون لیکن

بطور گورنر جنرل اِس مُلک کے مَین اقرار کرنے کو آزاد ہون کہ میری خواہش امن و امان قائم رکھنے کی کبھی ایسی زیادہ نہ تھی جیسی اَب ہے اور تہِ دل سے دست بدعا ہون کہ عقلمندی ہماری تمام گورنمنٹون کی اور سہولت اور رعایت مختلف ممالک دنیا کی تمام قومون کی کوششون کو ایسی ہی مصنوعی جنگون کے لیئے محدود کرے جیسی اسے جنٹلمینو آپنے میدان ہند مین اِسوقت ملاحظہ فرمائی ہین اور ایشیا اور یوروپ مین جو عمدہ کامیابی تہذیب سے حاصل ہوئی اُسمین جنگ کی خوفناک ضرورتون سے کبھی فرق نہ آئے اخیر مین مَین افسوس ظاہر کرتا ہون کہ مَین عنقریب مُلک برہما کو جانیوالا ہون اِسلیے اپنے حسب دلخواہ کلکتہ مین مَین اپنے مہمانون کی دعوت نہین کر سکتا لیکن اگر وہ مجھے اجازت دین تو مَین اپنی دختر کو حکم دونگا کہ وہ گورنمنٹ ہوس مین لیڈی ڈفرن اور میری جانب سے اُنکا خیر مقدم کرے اور اُنکے اعزاز مین جلسہ ناچ دین تاکہ اُنکو یہ کہنے کا موقع ملے کہ ہمارا ملک عورتون کے حُسن و جمال کے لیے کیسا موزون ہے اور اُنکی چشم جادو نظر توپخانہ سے زیادہ مُہلک ہین اور اُنکی تیز فہمی سنگین کی نوک سے بھی زیادہ تیز ہے جو دل کے پار ہوتی ہے وہ ویسے ہی مہربانی سے گو زیادہ خوفناک ہو اُنکا خیر مقدم دار الصدر ہند مین کرنے کو تیار ہین جیسا ہم نے دہلی مین کرنا چاہا تھا۔ اَب لیڈیز اور جنٹلمین مَین جام صحت شہنشاہان اور شاہان اور سرداران اُن ریاست اور ممالک کا تجویز کرتا ہون جنکے افسرون نے مُلک ہند مین تشریف لاکر ہمکو افتخار بخشا ہے ۔

تمبراہ

بتقریب قواعد مارچ پاسٹ مقام دہلی

۱۹ جنوری سنہ ۱۸۸۶ع

جنرل رابرٹس - جو عمدہ اور پر رونق تماشا آج صبح ہمکو دکھایا گیا ہے اور جو
ایک مناسب خاتمہ اس مفید اور دلچسپ قواعد کے سلسلہ کا ثابت ہوا ہے جو حضور
ملکہ معظمہ کی فوج نے حال مین کی تھی اُسپر مین نہایت دل سے آپ کو مبارکباد
دیتا ہون مین آپ سے استدعا کرتا ہون کہ آپ فوج کے گروہون اور ڈویژنون
اور برگڈون کے جنرل کمانڈرون کو اور ہر ایک درجہ کے عہدہ دارون اور سپاہیون
کو جو آپ کے زیر حکم ہین اس بات سے مطلع کر دینگے کہ مین اُنکی عمدہ وضع ستعدی
اور نیز اس قابل تعریف طریقہ سے نہایت خوش ہوا جبکہ اُنھون نے نہایت تکلیف
دینے والی حالتون مین قواعد کی مین یقین کرتا ہون کہ جو فوج آج میدان مین
موجود ہے اُس سے زیادہ فوج ہندوستان مین ابتک جمع نہین کی گئی ہے
اور مین آپکو نہایت دل سے اس بات پر مبارکباد دیتا ہون کہ آپ اس قسم
کی بہادر فوج کے کمانڈر ہین جو حالات آج کی قواعد مین پیش آئے اُنکو حضور
ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کی خدمت مین گزارش کرنا میرا فرض ہوگا اور مین یقین
کرتا ہون کہ حضور ممدوحہ کو اُس عمدہ بیان سے جو مین ہندوستان کی فوج
اور جداگانہ رجمنٹون کا خواہ وہ انگریزی ہون یا ہندوستانی جنکے معاینہ کی
عزت مجھکو حاصل ہوئی ہے حضور ممدوحہ کی خدمت مین پیش کرسکونگا نہایت
مسرت حاصل ہوگی -

نمبر ۵۲

ارشاد بتقریب افتتاح جلسہ کونٹس ڈفرن فنڈ

۲۷ جنوری ۱۸۸۶ع

لیڈیز صاحبان جنٹلمین ۔ مجھے یاد نہین کہ کسی پبلک کارروائی مین شریک ہونے سے مجھکو اسی قدر خوشی کبھی حاصل ہوئی ہوگی جسقدر کہ اس جلسہ کے صدر انجمن ہونے سے ہوئی ۔ یہ بہت ضروری جلسہ ہے ہندوستان مین کوئی جلسہ ایسا نہین ہوا ہوگا جسکی کامیابی نتایج پر انسانی بہت زیادہ خوشی کا انحصار ہو مجھے مثل تمام رعایاے جناب ملکہ معظمہ کے موجب خوشی کا ہے کہ فرمان عالیہ کی تعمیل بجالاؤن عورات ہند کی طبی حالت کی ترقی کی تجویز مین کوشش کرنے سے ہم خاص حکم جناب ملکہ معظمہ کی تعمیل کرتے ہین اور نیز یہ کہ مین آپ کے سامنے بطور حامی ایک کارروائی کے موجود ہون جسکو ایسے شخص نے مقرر کیا جسکی عقلمندی اور نیکی اور سادگی مقصد کی نہایت ہی عزت اور کوشش کرتا ہون جو خیالات کہ مین نے بیان کیے ہین وہ خواہ کیسی ہی سرگرمی سے ایسوسی ایشن کی جو آب قائم ہونے والا ہے مین پیروی کردن مگر میرے دل مین ہمیشہ یہ زبردست خیال رہا اور اسوقت تک اس یقین پر قائم ہون کہ اگر ہم اپنے انتظام کو پورا کرینگے تو ایک وقت مین لکھوکھا گھرون مین تکلیف دور ہو جائیگی جسکو اس کل صدی مین نہ تو گورنمنٹ اپنی کوششون سے اور نہ اشاعت

تہذیب دور کر سکی ہے - آخر کار لیڈیز جنٹلمین اگر ہم زندگی انسانی کی تشریح کرین اور اسکے اصلی اسباب تکلیفات کی فہرست بنائین تو ہمکو معلوم ہوگا کہ زیادہ تر اسباب تکالیف جسمانی درد اور مرض اور تندرستی نہونے کے بے شمار مصائب سے پیدا ہوتے ہین ہماری کچھ جسمانی قوت اور چستی دور ہی نہین ہوتی بلکہ اس محنت اور کام کے لائق بھی نہین رکھتی جسپر ہمارے عزیزون اور ہمارے دست نگر اشخاص کی بہبود منحصر ہے اور بڑی بات یہ ہے کہ وہ ہماری طاقتون کو کمزور کر دیتے ہین اکثر وہ ہماری خوش اخلاقی کے عمدہ طرز و اطوار کو ضایع کر دیتے ہین اور اسکی بیخکنی کرتے ہین تاہم ہنگام خوشی ہے کہ اور امور کی طرح خدا نے اسمین بھی ایک ذریعہ دیا ہے گو سب برائیان جسکا مین نے ذکر کیا ہے اگر دور نہون تاہم انمین بہت تخفیف ہو سکتی ہے چند سال سے حفظ صحت کے صحیح اصول تسلیم کیے گئے ہین اسباب اور وجوہ ان امراض کی کمی کے جو نسل انسانی مین وبا کی طرح پھیل جاتے ہین دریافت ہوئے ہین انکی ترقی ہر طرح روکی گئی ہے وہ وسائل دریافت ہوئے ہین جنسے جراحی علاج مین برابر ہاتھ پانؤن کی قطع برید سے جو تکلیف سابق مین زیادہ ہوتی تھی کم ہو اور اوسط زمانہ زندگی ان ملکون مین جہان ڈاکٹری علاج کو ترقی ہے بہت بڑھ گیا ہے - یہ صاف ظاہر ہے کہ ہندوستان نے مثل اور ایشیائی ملکون کے ڈاکٹری علوم مغرب سے بہت استفادہ اٹھایا ہے مغرب کو مشرق سے اوائل زمانہ تاریخ مین جو فوائد حاصل ہوئے تھے اب وہ انکا عوض دے رہا ہے - خواہ کیسے ہی قابل تعریف اور عمدہ دل سے طبی مدرسے اس ملک مین ہون لیکن یہ ظاہر ہے کہ ہندوستان کے نصف آدمیون کو بھی انسے فائدہ نہین پہونچ سکتا رسم و لحاظ اور

رواجی باتون کی وجہ سے جنکی نسبت مین نہین کہہ سکتا کہ زمانہ سلف سے موجود
ہین کیونکہ یہ تاریخاً غلط ہوگا لیکن جو شیتہا بشت سے چلی آتی ہین اور نیز اُس حجاب کی وجہ سے
جو اور ملکون مین بھی ہے زنانخانے کے دروازے عمدہ ڈاکٹری
پیشہ اشخاص کے واسطے ہند مین کم و بیش طور پر بند ہین انجام یہ ہوا
کہ مردون کی بہ نسبت عورتون کا جو زیادہ تر خوفناک جسمانی امراض مین مبتلا ہوتی
ہین علاج اُن عورتون کے گروہ کو سپرد ہوتا ہے جو خواہ کیسے ہی ہوشیار
اور مستعد کیون نہ ہون لیکن بڑی بڑی ذمہ داری کے کامون سے
لائق نہین ہین جو پیش آتے ہین اور مجھے دریافت ہوا ہے کہ نازک وقت
مین بیماریون کا علاج بہت ہی خراب اور بیہودہ طریقہ سے ہوتا ہے
ہماری کوشش حال کا اصل مقصد ایک ایسوسی ایشن قائم کرتا ہے
جو آخرکار ترقی کر کر عورات اس سرزمین کو شرق سے غرب تک موافق
اُنکے طبع اور خیالات اور خواہشون کے ڈاکٹری اصلاح و مشورے کی کامل
مدد بہم پہونچا سکے اُسپر غور کرنے مین ہمکو یاد رکھنا چاہیے کہ بعض حالتون
مین بہ نسبت مردون کے اس ملک مین عورتون کی تندرستی رہنا زیادہ تر
ضروری ہے مرد کی بیماری سے یہ مراد ہوگی کہ وہ کام نہ کر سکیگا تکلیف
ہوگی اور عورت کی بیماری سے یہ نقص ہے کہ گھر مین ہمیشہ مصیبت اور
تکلیف رہیگی اور اُسکی اولاد ضعیف اور نحیف ہوگی - خواہ بغرض تقاضائے
بشریت خواہ بغرض فوائد ہم پر لازم ہے کہ ہمیشہ موجودہ سوشیل طریقہ کے
بڑے نقص کو ہر قسم کی کوشش سے دور کرین اگر علم نے کسی جانب
ترقی کی ہے اُن ذرائع کی جانب کی ہے جنسے عورتون کے مصائب
و تکالیف دور ہون اور جب ہم جانتے ہین کہ ہندوستان مین کس طریقہ سے

علاج ہوتا ہے تو ہم خیال کرتے ہین کہ یہ ضروری اور لازمی ہے کہ ہمارے
ہمجنس ہندوستانی عورتون کے واسطے بھی وہ ذرایع تخفیف امراض
کے واسطے ہم پہونچاوین جو خالق پروردگار نے براہ ترحم حال نئے
علم جراحی کو عطا فرمائے ہین - اِس مقصد کے واسطے ہماری خواہش
صرف یہ ہے کہ ہر ایک ضلع مین گو وہ کیساہی دور ہو اگر تعلیم یافتہ ڈاکٹر عورات
بہم نہ پہونچ سکین تو بصورت خدمتی - دائی - اور زنانہ طبی مددگار بہم
پہونچا سکین جو اپنے کامون مین بہ نسبت حال کی عورتون کے زیادہ تر
قابل اور ہوشیار ہون اور جہان لوکل طور پر ممکن ہو مکمل اور مرتب قاعدہ
جاری کر سکین وہان ہم حوصلہ کے موافق کوشش کرینگے مناسب نہین ہے
کہ اِس تجویز کے بموجب جو کام ہونگے انکی تفصیل بیان کرون مین نے آپکو
بہت دیر تک روکا ہے - مین امید کرتا ہون کہ کوئی شخص جسکے کان تک
یہ صدا پہونچیگی ایسا نہوگا کہ وہ اِس عمدہ کام مین شریک نہو اور ہماری مدد
نہ کرے اور اپنے اپنے مخصوص مقامات مین کوشش نہ کریگا کہ اسوقت مین
بلکہ سالہاسال سے ہندوستانی عورات پر جو جسمانی مصیبتین اور اذیتین
ہین زائل ہون درد بیماری ہر ایک انسان کے حصہ مین ہے خواہ وہ
دولتمند ہو یا غریب ہو اور ہر ایک مذہب اور ہر ایک ملک کے لوگ اسمین
مبتلا ہوتے ہین لہذا ہم امید کرتے ہین کہ ہندوستان کے مختلف گروہ اِس
نقص کے رفع کرنے مین مصمم قومی کوشش کے ساتھ اتفاق کرینگے ہر طرف سے
ہماری اِس کوشش کو بہت پسند کرتے ہین صدہا مختلف چھوٹے اور بڑے
مقامات سے ملک کے رؤساے معززین اور ادنی درجے کے آدمیون سے
ہمدردی کے جواب آئے ہین اور بہت کچھ مالی مدد بھی ہوئی ہے سنٹرل فنڈ مین

ڈیڑھ لاکھ روپیہ جمع ہوچکا ہے اُسکی شاخون کی کارروائی بھی اچھی ہورہی ہے مگر مین آپ کو یقین دلاتا ہون کہ اِس بڑے کام کے واسطے یہ تعداد کافی نہوگی اِسمین ضرورت مستقل سالانہ آمدنی کی ہے خواہ یہ ہمارے سرمایہ کے سود سے یا سالانہ چندہ سے حاصل ہو میرے بعد جو احباب گفتگو کرینگے امید ہے کہ وہ ہماری حاجتون کو کافی طور سے سمجھا سکین - اب مین اِسی لفظ پر اکتفا کرتا ہون کہ جب ہماری رپورٹ تقسیم ہوگی اور عام راے کے سرغنہ اُسپر غور کرینگے یا وہ لوگ جنکی مدد پر ہمکو بہت کچھ کامیابی کا بھروسہ ہے تو جو کچھ کارروائی ہوچکی ہے اُسکو سرگرمی سے ترقی ہوگی اور اُسی طرح مستقل طور پر روپیہ سے مدد ملیگی -

لیڈیز اور جنٹلمین - اِسوقت تک جلسہ مین مداخلت مناسب نہ معلوم ہوئی جو مین آپ سے کہتا کہ اِن رزولیوشنون کو یکے بعد دیگرے منظور کیجیے جو اُن اصحاب نے پیش کیے ہین جنھون نے اپنی گفتگو سے ہمکو معزز فرمایا ہے مین نے خیال کیا کہ چونکہ یہ رزولیوشن ایک ہی امر کے جزو مین اسوجہ سے اُنکو منظوری کے واسطے جلسہ کے روبرو ایک ہی مرتبہ پیش کرون لیکن قبل اِسکے مین تمام اشخاص کا مختصراً شکریہ ادا کرنا چاہتا ہون کہ کس عنایت آمیز طریقہ سے سب نے میری بابت تین ممبرون کے بیانات آخری کو تسلیم کیا - یہ اول موقع ہے جبکہ مین نے اپنے گرد اسقدر اپنے ہمعصر ہندوستانی رعایا کو جمع دیکھا اور مین بدل شکریہ اور رضامندی اِس خیال سے ظاہر کرتا ہون کہ ہم ایک کام کے کرنے پر متفق ہوئے ہین اور یہ کارروائی اُنکی یورپین ہمعصر رعایا کو بھی ویسے ہی عزیز ہوگی جیسے کہ خود ہندوستانیون کو ہے - مین یقین کرتا ہون اور اعتماد کلی رکھتا ہون کہ بشپ کلکتہ نے جو تقریر کی ہے اُسکے مقاصد

پورے ہونگے اور ایک ہی فائدہ خیال کرکے سب کوشش کرینگے اور
رشتۂ الفت اور خیرخواہی اُن اشخاص کے مابین اور زیادہ مضبوط ہوگا
جو خواہ یوروپین ہون خواہ ہندوستانی ملکہ معظمہ قیصرہ ہند
کی رعایا ہونے پر نازان ہین اور جو شاہنشاہی سلطنت کے باشندے ہین

نمبر ۵۳

بہ تقریب ملاحظہ والنٹیران رنگون

۷ - فروری ۱۸۸۶ء

صاحبان

کرنل وان سومرن افسران اور سپاہ رنگون رئفل والنٹرز - مجھکو اِس بات سے نہایت بڑی خوشی حاصل ہوئی کہ برھما مین وارد ہونے پر میرا سب سے پہلا کام گورنمنٹ ہند کی طرف سے اور عموماً آپ کے ہموطنان کی طرف سے بلحاظ اُس عمدہ طریقہ کے اِسکا شکریہ ادا کرتا ہے جب آپنے گذشتہ نازک وقت مین کام دیا جس طریقہ مین آپ نے گورنمنٹ کی مدد کی ہے اُسکی نسبت مجھکو کلکتہ مین مناسب طور سے رپورٹ کی گئی تھی اور اب مجھکو آپ کے معائنہ کرنے اور صرف آپ کے ہی برتاؤ دیکھنے سے نہین بلکہ تمام انگریزی والنٹیرون کے برتاؤ سے جنھون نے نہایت سخت حالتون مین اپنی ملکہ اور اپنے ملک کی خدمت کو ایسی بہادری اور خوشی سے انجام دیا جو خوشی مجھکو حاصل ہوئی اُنکا ان چند الفاظ مین اظہار کرتا ہون -

نمبر ۵۴

جواب ایڈریس باشندگان رنگون

۷ - فروری ۱۸۸۶ء

صدر انجمن صاحب اور جنٹلمین - جو عنایت آمیز مدارات آپ نے میری کی ہے اُسکا مین تہ دل سے آپ کا شکریہ ادا کرتا ہون مجھکو اِس بات کا

بہت کم خیال تھا کہ رنگون مین پہونچنے کی غرض سے مجھکو کلی لیموسے
قدیمی قلعہ کے دروازہ سے گذرنا پڑیگا مجھکو اس بات کے بیان کرنے کی کچھ
ضرورت نہین ہے کہ جو پُر تکلف تواضع اسطح پر ہمارے واسطے طیار
کی گئی ہے اُسکا لیڈی ڈفرن اور میری طبیعت پر بڑا اثر ہوا ہے اگرچہ
گورنمنٹ ہند کی توجہ کچھ عرصہ سے برہما کے معاملات کی جانب مصروف تہی
تاہم آپ شاید مجھسے یہ توقع نہ کرینگے کہ مین اپنے پہونچنے کے بعد فوراً آنکی
نسبت کچھ بیان کرون مانڈلی سے واپس آنے کے بعد شاید مجھکو اس ملک کی
حالت آیندہ کے نسبت چند الفاظ بیان کرنے کا موقع ملے لیکن اس عرصہ
مین مین نہایت خوشی سے ان باتون سے فائدہ اُٹھاؤنگا جو آپ سے تجربہ کار
باشندے ازراہ مہربانی میری اطلاع کے واسطے بیان کرینگے مین دوبارہ
تہ دل سے آپ کا شکریہ آپ کی عالیشان تواضع کے لحاظ سے ادا کرتا ہون

نمبر ۵۵

جواب ایڈریس یوروپین جماعت منڈالی

۱۳- فروری ۱۸۸۶ع

جنٹلمین - مین اول مہربانی آمیز الفاظ کے لیے جنہین آپ نے ہمارا خیر مقدم منڈالی مین کیا ہے اپنی اور نیز لیڈی ڈفرن کی جانب سے شکریہ ادا کرتا ہون جن امور کا اِس اڈریس مین ذکر کیا گیا ہے اُنپر کچھ عرصہ سے گورنمنٹ ہند کی کامل توجہ مصروف ہے - اور حصول مقاصد مطلوبہ مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا جائیگا - بدقسمتی سے سابق شاہ کے عہد مین جو بدانتظامی اپر برھما مین ہو رہی تھی اُسکی وجہ سے شرارت اور ڈکیتی تمام ملک مین اِسقدر عام ہو گئی ہے کہ بیرونی اضلاع مین کامل طور پر امن و انتظام قائم کرنے کے لیے کسیقدر استقلال اور صبر مطلوب ہو گا - لیکن اِن ناگزیر صورتون کے لیے گورنمنٹ پہلے سے ہی بخوبی تیار تھی - فساد کے بعض بڑے مرکزون مین امن و انتظام قائم ہو گیا ہے اور بلاشبہہ ہماری باقی کوششون مین بھی ایسی ہی کامیابی حاصل ہو گی - اِس اثنا مین حضور ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کی دلی خواہش یہ ہے کہ اپر برھما مین بہت جلد ایسا انتظام قائم کیا جائے جو باشندون کی مستقل خوشی اور سرسبزی کا باعث ہو اور اِس ذریعہ سے اُن لوگون کے مقاصد بہترین طور پر حاصل ہونگے جو اُنکے درمیان تجارتی کاروبار کر رہے ہین - آپنے اپنے اڈریس کے آخری حصہ مین لیڈی ڈفرن کا جو ذکر کیا ہے اُسکے لیے مجھکو اپنا

ذاتی شکریہ ادا کرنا فراموش نہین کرنا چاہیے (نعرۂ تعریف)۔

نمبر۵۶

جواب ایڈریس برمی جماعت منڈالی

۱۳- فروری ۱۹۰۶ء

جنٹلمین - میرے داخلۂ منڈالی پر جن دوستانہ الفاظ مین میرا خیر مقدم آپ نے کیا ہے اُسکا مین شکریہ ادا کرتا ہون - اِس امر کا بیان کرنا ضروری نہین ہے کہ مجھکو کسقدر خوشی اسوجہ سے ہوئی ہے کہ آپ اور آپ کے ہموطنون نے اُن جدید انتظامات کو جو آپ کے درمیان قائم کیے گئے بخوشی ورضامندی قبول کیا ہے - اپر برھما ہمیشہ کے واسطے سلطنت برطانیہ مین ملحق کیا گیا ہے اور خود آپ قطعی طور پر جنابہ ملکہ معظمہ قیصرہ ہند دام اقبالہا اور تخت برطانیہ کی رعایا ہوگئے ہین - لہذا حضور ملکہ معظمہ اور گورنمنٹ حضور ممدوحہ نے مجھکو حکم دیا ہے کہ آپ کو یقین دلاؤن کہ آپ کی بہبودی - خوشحالی اور فوائد کا حضور ملکہ معظمہ اور اُنکے وزراکو ہمیشہ خیال رہیگا - آپ کی حالت مین ترقی دینے - اور آپ کے ملک کے وسائل کو زیادہ کرنے اور آپ ہر ایک کو اپنے ہنر اور قابلیت کو نہایت عمدہ طور پر استعمال کرنے کے موقعے دینے مین کوئی دقیقہ اور کوشش فروگذاشت نہوگی - اُن اقرارات کا اعادہ جو مین نے اپنے افسران سے کیا ہے ضروری نہین سمجھتا کہ آپکے مذہب کی عزت کیجاویگی - اور آپ کی مذہبی عمارات کی بذریعہ قوانین حفاظت ہوگی اور ہر ایک فرقہ کو پوری آزادی معاملات پرستش مین دی جاویگی - اِس موقع پر اِس امر کو بھی بیان کرتا ہون کہ فساد کے انسداد اور ملک مین ایک سرے سے دوسرے سرے تک جان ومال کی پوری

حفاظت کے سامان کے پیدا کرنے مین گورنمنٹ متواتر کوشش کریگی۔ گذشتہ سالون مین انگریزی حکومت سے کُل مُلک لوربرھما مین بہبود اور قناعت کی اشاعت ہوئی ہے۔ اور آپ یقین کرین کہ جنا بہ ملکہ معظمہ دام اقبالہا کی رعایا مین پورے طور پر شامل ہونے سے اُن فوائد سے استفادہ اُٹھانے مین جو ایک منصف اور معتدل گورنمنٹ سے جسکی ملکہ نہایت طاقت ور اور فیض رسان ہون حاصل ہوسکتے ہین آپ کوتاہی نکرینگے

نمبر ۵

جواب ایڈریس اہل اسلام منڈالی

۱۸- فروری ۱۸۸۶ء

جنٹلمین۔ منڈالی کے مسلمان باشندگان کی جانب سے اسقدر دلی خیر مقدم کے اظہار سے مجھکو نہایت ہی خوشی ہوئی ہے۔ جنا بہ ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کو اپنی مسلمان رعایا کی بہبود اور ترقی مین خاص دلچسپی حاصل ہوتی ہے۔ گورنمنٹ ہند نے مسلمانان ہند کو سلطنت کی اور قومون کے ساتھ ترقی کرتے ہوے دیکھنے کی فکر کو پبلک طور پر حال مین ظاہر کیا ہے۔ آپ اِس بات کا یقین کرین کہ آپ کو برٹش افسران کے منصفانہ عہد حکومت مین آپکے مذہبی رسومات کے استعمال کرنے کے لیے ہی پوری حفاظت نہین دیجاویگی بلکہ ہر ایک طرح پر ترغیب آپ کی حالت کی ترقی اور توسیع تجارتی کاروبار کے واسطے دی جاویگی۔ شہر پر قبضہ کرنے کے وقت اور دیسی گورنمنٹ کی افتادگی پر جور و ستم کے انسداد کی نسبت جو مسائل میرے افسرون نے اختیار کیے انکی کامیابی کے لیے آپ کی شہادت سُنکر نہایت خوشی مجھکو حاصل ہوئی۔ مَین بھروسہ کرتا ہون کہ آپ خیر خواہانہ متواتر انکو اعانت

دیتے رہینگے۔ حفظ صحت اور ترقی کے اُن مسائل مین جنکو کچھ عرصہ کے بعد جگہ شروع کرنا ہوگا آپ دل سے اُنکے شریک ہونگے۔

نمبر ۸۵

فوجی کارروائی اپر برہما مین

۱۷- فروری ۱۸۸۶ء

سر فریڈرک رابرٹس صاحب- اور جنٹلمین- چونکہ یہ پہلا ہی موقع ہے کہ اُس فوج کے کمانڈر اور خاص افسران کے روبرو جو جنگ اپر برہما مین شریک تھے مین موجود ہون اسوجہ سے سر ایچ- پرنڈر گاسٹ اور اُن تمام اصحاب افسران وسپاہ- انگریزی وہندوستانی کا جنھون نے حال کی کامیاب مہم مین اُنکی ماتحتی مین کام کیا ہے جام صحت اس موقع پر تجویز کرنے کا خواہشمند ہون- اور اس جام صحت مین برّی فوج کے افسر وسپاہ اور نیز برمی والینٹیر فوج کی سپاہ وافسر کے نام بھی شریک کرتا ہون- اس بات کا اعادہ جسکو تمام صاحب جانتے ہین کچھ ضرور نہین ہے کہ اپر برہما کا حملہ گورنمنٹ ہند نے نہایت افسوس کے ساتھ اختیار کیا تھا- اُسکے باشندگان سے کسی قسم کا ہمارا تنازع نہین ہے آیندہ گو کچھ ہی فائدہ حاصل ہو اسوقت اس ملک کی تسخیر سے بجز خرچ- تشویش اور تکلیف کے اور کچھ کیا امید ہوسکتی ہے برخلاف اسکے ہمارے اور دربار برہما کے مابین موجودہ تعلقات غیر متحمل ہوگئے تھے کیونکہ ہمارے ممالک کے خاص فوائد اور حفاظت کو وہ معرض خطر مین لا رہے تھے منجملہ دونون برائیون کے کم برائی کو ہمنے پسند کیا- لہذا اُس بادشاہ کے صیبت انگیز عہد حکومت کو جو خاص اپنی رعایا کے واسطے بطور وبا کے تھا اور جسکا قرب مین بطور ہمسایہ کے رہنا ناممکن تھا خاتمہ کرنے کا ہمنے ارادہ کیا- جنرل پرنڈر گاسٹ کو